(۳) **آپکا حلم وحیا** یعنی آپ حیا کی وجہ سے اپنے نفس پر تکلیف برداشت کرتے ہیں۔ لحاظ کی وجہ سے صاف نہیں فرماتے کہ اٹھ جاؤ مجھے کلفت ہوتی ہے یہ تو آپ کے اخلاق اور مروت کی بات ہوئی۔ مگر اللہ تعالیٰ کو تمہاری تادیب واصلاح میں کیا چیز مانع ہو سکتی ہے۔ اس نے بہرحال پیغمبر ہی کی زبان سے اپنے احکام سنا دیئے۔

(۴) **صحابہ کرام کو پردے کا حکم** حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ "یہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ادب سکھلائے۔ کبھی کھانے کو حضرت کے گھر میں جمع ہوتے تو پیچھے باتیں کرنے لگ جاتے۔ حضرت کا مکان آرام کا وہ ہی تھا۔ شرم سے نہ فرماتے کہ اٹھ جاؤ۔ ان کے واسطے اللہ نے فرما دیا، اور اس آیت میں حکم ہوا پردہ کا کہ مرد حضرت کی ازواج کے سامنے نہ جائیں کوئی چیز مانگنی ہو تو وہ بھی پردہ کے پیچھے سے مانگیں اس میں جانبین کے دل ستھرے اور صاف رہتے ہیں اور شیطانی وساوس کا استیصال ہو جاتا ہے۔

(۵) **ازواج مطہرات اُمت کی مائیں ہیں** یعنی کافر منافق جو چاہیں بکتے پھریں اور ایذا رسانی کریں، مؤمنین جو دلائل وبراہین کی روشنی میں پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی انتہائی راستبازی اور پاکبازی کو معلوم کر چکے ہیں، انہیں لائق نہیں کہ حضورؐ کی حیات میں یا وفات کے بعد کوئی بات ایسی کہیں یا کریں جو خفیف درجہ میں آپؐ کی ایذاء کا سبب بن جائے۔ لازم ہے کہ مومنین اپنے محبوب ومقدس پیغمبر کی عظمت شان کو ہمیشہ مرعی رکھیں۔ مبادا غفلت یا تساہل سے کوئی تکلیف دہ حرکت صادر ہو جائے اور دنیا و آخرت کا خسارہ اٹھانا پڑے۔ ان تکلیف دہ حرکات میں سے ایک بہت سخت اور بڑا بھاری گناہ یہ ہے کہ کوئی شخص ازواج مطہرات سے آپ کے بعد نکاح کرنا چاہے یا ایسے نالائق ارادہ کا حضور کی موجودگی میں اظہار کرے۔ ظاہر ہے کہ ازواج مطہرات کی مخصوص عظمت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تعلق کی وجہ سے قائم ہوئی ہے کہ روحانی حیثیت سے وہ تمام مومنین کی محترم مائیں قرار دی گئیں۔ کیا کسی امتی کے عقد نکاح میں آنے کے بعد ان کا یہ احترام کماحقہٗ ملحوظ رہ سکتا ہے یا آپ کے بعد وہ خانگی بکھیڑوں میں پڑ کر تعلیم وتلقین دین کی اس اعلیٰ غرض کو آزادی کے ساتھ پورا کر سکتی ہیں جس کے لئے ہی فی الحقیقت قدرت نے نبی کی زوجیت کے لئے ان کو چنا تھا۔ اور کیا کوئی پرلے درجہ کا بے حس وبے شعور انسان بھی باور کر سکتا ہے کہ سید البشر امام المتقین اور پیکر خلق عظیم کی خدمت میں عمر گذارنے والی خاتون ایک لمحہ کے لئے بھی کسی دوسری جگہ رہ کر قلبی مسرت وسکون حاصل کرنے کی امید رکھ سکے گی۔ خصوصاً جبکہ معلوم ہو چکا ہے کہ یہ وہ منتخب خواتین تھیں جن کے سامنے دنیا وآخرت کے دو راستوں میں سے ایک راستہ انتخاب کے لئے پیش کیا گیا تو انہوں نے بڑی خوشی اور آزادی سے دنیا کے عیش وبہار پر لات مار کر اللہ ورسول کی خوشنودی اور آخرت کا راستہ اختیار کر لینے کا اعلان کر دیا۔ چنانچہ تاریخ بتلاتی ہے کہ حضور کی وفات کے بعد کیسے عدیم النظیر زہد وورع اور صبر وتوکل کے ساتھ ان مقدس خواتین جنت نے عبادت الٰہی میں اپنی زندگیاں گذاریں اور احکام دین کی اشاعت اور اسلام کی خدمات مہمہ کے لئے اپنے کو وقف کئے رکھا ان میں سے کسی ایک کو کبھی بھول کر بھی دنیا کی لذتوں کا خیال نہیں آیا۔ اور کیسے آ سکتا تھا جبکہ پہلے ہی حق تعالیٰ نے "یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا۔" فرما کر ان کے تزکیہ وتطہیر کی کفالت فرمائی تھی۔ رضی اللّٰہ عنھن وارضاھن وجعلنا ممن یعظمھن حق تعظیمھن فوق مانعظم امھاتنا التی ولدننا، اٰمین اس مسئلہ کی نہایت محققانہ بحث حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی قدس سرہ کی کتاب آب حیات میں ہے۔

معارف الحدیث

یعنی

احادیثِ نبوی کا ایک جدید اور جامع انتخاب

اُردو ترجمہ اور تشریحات کے ساتھ

جلد پنجم

کتاب الاذکار والدعوات

تالیف
مولانا محمد منظور نعمانی رحمۃ اللہ علیہ

دار الاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 021-2213768

اس طرح صلوٰۃ و سلام بھیجا ہے) اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی اسی حدیث کی بعض روایات میں یہ بھی ہے کہ وہ فرشتہ صلوٰۃ و سلام بھیجنے والے اُمتی کا نام اس کی ولدیت کے ساتھ ذکر کرتا ہے' یعنی حضور کی خدمت میں عرض کرتا ہے: یامحمد صلی علیک فلان بن فلان کتنی خوش قسمتی ہے اور کتنا ارزاں سودا ہے کہ جو امتی اخلاص کے ساتھ صلوٰۃ و سلام عرض کرتا ہے' وہ حضور کی خدمت میں اس کے نام اور ولدیت کے ساتھ فرشتے کے ذریعہ پہنچتا ہے' اور اس طرح آپ کی بارگاہِ عالی میں اُس بے چارے مسکین اُمتی اور اس کے باپ کا ذکر بھی آجاتا ہے۔

جاں میدہم در آرزو اے قاصد آخر باز گو
در مجلس آں نازنیں حرفے کہ از ما مے رود

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا مِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّا رَدَّاللّٰهُ عَلَیَّ رُوْحِیْ حَتّٰی اَرُدَّ عَلَیْهِ السَّلَامُ. (رواه ابو داؤد والبیهقی فی الدعوات الکبیر)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ: جب کوئی مجھ پر سلام بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ میری روح مجھ پر واپس فرمائے گا تاکہ میں اس کے سلام کا جواب دیدوں۔ (سنن ابی داؤد' دعوات کبیر للبیہقی)

حدیث کے ظاہری الفاظ "الا رد اللہ علی روحی" سے یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ آپ کی روحِ مبارک جسدِ اطہر سے الگ رہتی ہے' جب کوئی سلام عرض کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ آپ کے جسدِ اطہر میں روحِ مبارک کو لوٹا دیتا ہے تاکہ آپ سلام کا جواب دے سکیں۔ ظاہر ہے کہ یہ بات کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتی' اگر اس کو تسلیم کر لیا جائے تو ماننا پڑے گا کہ ایک دن میں لاکھوں کروڑوں دفعہ آپ کی روحِ مبارک جسمِ اقدس میں ڈالی اور نکالی جاتی ہے' کیونکہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا کہ آپ کے لاکھوں کروڑوں اُمتی آپ پر صلوٰۃ و سلام نہ بھیجتے ہوں۔ روضۂ اقدس پر حاضر ہو کر سلام عرض کرنے والوں کا بھی ہر وقت تانتا بندھا رہتا ہے' اور عام دنوں میں بھی ان کا شمار ہزاروں سے کم نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں انبیاء علیہم السلام کا اپنی قبور میں زندہ ہونا ایک مسلم حقیقت ہے۔ اگرچہ اس حیات کی نوعیت کے بارے میں علماء امت کی رائیں مختلف ہیں' لیکن اتنی بات سب کے نزدیک مسلم اور دلائل شرعیہ سے ثابت ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور خاص کر سید الانبیاء کو اپنی قبور میں حیات حاصل ہے اس لئے حدیث کا یہ مطلب کسی طرح نہیں ہو سکتا ہے کہ آپ کا جسدِ اطہر روح سے خالی رہتا ہے اور جب کوئی سلام عرض کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ جواب دلوانے کے لئے اس میں روح ڈال دیتا ہے۔ اس بناء پر اکثر شارحین نے "رد روح" کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ قبرِ مبارک میں آپ کی روحِ پاک کی تمام تر توجہ دوسرے عالم کی طرف اور اللہ تعالیٰ کی جمالی و جلالی تجلیات کے مشاہدہ میں مصروف رہتی ہے (اور یہ بات بالکل قرین قیاس ہے) پھر جب کوئی اُمتی سلام عرض کرتا ہے اور وہ فرشتہ کے ذریعہ یا براہِ راست آپ تک پہنچتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے اذن سے آپ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ [سورۂ احزاب]

اے ایمان والو! حضورِ اقدس ﷺ پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

(۸)

فضائلِ درود شریف

مؤلّفہ

فخر الاماثل زبدۃ الافاضل حضرت مولانا الحاج الحافظ المحدث محمد زکریا صاحبؒ

شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور

جس میں

درود شریف کے فضائل اور نہ پڑھنے پر وعیدیں اور خاص خاص درودوں کے فضائل اور آداب و مسائل اور روضۂ اقدس پر صلوٰۃ وسلام پڑھنے کا طریقہ اور درود شریف کے متعلق پچاس قصے ذِکر کیے گئے ہیں۔

اس سے معلوم کیا جا سکتا ہے کہ حضرت ﷺ پر سلام بھیجنے کی کیا بزرگی ہے اور حضرت ﷺ پر سلام بھیجنے والے کو، خصوصاً بہت بھیجنے والے کو کیا شرف① حاصل ہوتا ہے۔ اگر تمام عمر کے سلاموں کا ایک جواب آوے سعادت ہے، چہ جائے کہ ہر سلام کا جواب آوے۔

بَہرِ سَلَامِ② مَکُن رَنْجِہ دَرْ جَوَابِ آں لَبْ — کہ صَدْ سَلَامِ مُرَا بَس یَکے جَوَابُ اَزْتُو

اس مضمون کو عَلَّامَہ سَخَاوِیؒ اس طرح ذکر کیا ہے کہ کسی بندے کی شرافت کے لیے یہ کافی ہے کہ اس کا نام خیر کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کی مجلس میں آجائے۔ اسی ذیل میں یہ شعر بھی کہا گیا ہے۔

ومن خطرت منه ببالك خطرة — حقيق بأن يسمو وان يتقدّما

ترجمہ: ''جس خوش قسمت کا خیال بھی تیرے دل میں گذر جائے وہ اس کا مُستحق ہے کہ جتنا بھی چاہے فخر کرے اور پیش قدمی کرے (اُچھلے کودے)''۔ ع

ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس مَحفِل میں ہے

اس روایت میں حضور اقدس ﷺ کے خود سننے میں کوئی اشکال نہیں، اس لیے کہ انبیاء علیہم الصّلوۃ والسّلام اپنی قُبور میں زندہ ہیں۔ علامہ سَخاویؒ نے قول بدیع میں لکھا ہے کہ ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس کی تصدیق کرتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ زندہ ہیں اپنی قبر شریف میں اور آپ ﷺ کے بدنِ اطہر کو زمین نہیں کھا سکتی اور اس پر اجماع ہے۔ امام بیہقیؒ نے انبیاء کی حیات میں ایک مستقل رسالہ تصنیف فرمایا ہے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث [اَلْأَنْبِيَاءُ أَحْيَاءٌ فِي قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ] کہ انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ علامہ سخاویؒ نے اس کی مُختَلِف③ طُرق سے تخریج④ کی ہے اور امام مُسلِمؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی کی روایت سے حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ میں شبِ معراج میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا، وہ اپنی قبر میں کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ نیز مسلمؒ ہی کی روایت سے حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ میں نے حضراتِ انبیاء علیہم السلام کی ایک جماعت کے ساتھ اپنے آپ کو دیکھا، تو میں نے حضرت عیسیٰ اور حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہما الصّلوۃ والسّلام کو کھڑے ہوئے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ حضور اقدس ﷺ کے وِصال کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جب نَعش مُبارک کے قریب حاضر ہوئے تو حضور اقدس ﷺ کے چہرۂ انور کو جو چادر سے ڈھکا ہوا تھا، کھولا اور اس کے بعد حضور اقدس ﷺ سے خطاب کرتے ہوئے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پر قربان اے اللہ کے نبی! اللہ جلَّ شانہٗ آپ پر دو⑤ موتیں جمع نہ کریں: ایک موت جو آپ کے لیے مُقدّر تھی وہ آپ پوری کر چکے۔ [بخاری]

حل لغات: ① عزت۔ ② میرے ہر سلام کے جواب میں اپنے ہونٹوں کو زحمت نہ دیجیے میرے لیے تو بس اتنا کافی ہے کہ میرے سو سلاموں کا آپ ایک بار جواب دیدیں۔ ③ الگ الگ سندوں۔ ④ بیان کیا ہے۔

وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ (القلم)

اور بے شک آپ اخلاق کے اعلیٰ پیمانہ پر ہیں۔

شمائل ترمذي

تأليف

إمام المحدثين الحافظ الحجة محمد بن عيسى بن سورة الترمذي رحمه الله

٢٠٠ — ٢٧٩ھ

مع اردو ترجمہ وشرح

خصائل نبوی

از

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب مہاجر مدنی قدس اللہ سرہ

١٣١٥ — ١٤٠٢ھ

تصحیح شدہ، جدید رنگین طباعت

مكتبة البشرى للطباعة والنشر

بابُ ما جاء في ميراث رسول الله ﷺ

حدثنا أحمد بن منيع، حدثنا حسين بن محمد، حدثنا إسرائيل، عن أبي إسحاق،

باب۔ حضور اقدس ﷺ کی میراث کا ذکر

فائدہ: اس باب میں مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے سات حدیثیں ذکر فرمائی ہیں، سب کا حاصل یہی ہے کہ آپ کا جملہ متروکہ مال صدقہ ہے، وہ وارثوں پر تقسیم نہیں ہوگا۔ یہ علماء کا اجماعی مسئلہ ہے اس میں کسی عالم کا بھی اہل سنت والجماعت میں سے خلاف نہیں ہے کہ حضور کے ترکہ میں وراثت نہ تھی، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ یہ حکم حضور اقدس ﷺ کے ساتھ خاص تھا یا تمام انبیاء کا یہی حکم ہے؟ جمہور علماء کی یہی رائے ہے کہ تمام انبیاء کا یہی حکم ہے کہ ان کے متروکہ مال کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔ اس کی وجوہ میں علماء کے متعدّد اقوال ہیں اور متعدد وجوہ ہونے میں بھی کوئی اشکال نہیں ہے۔ مختصراً چند وجوہ لکھی جاتی ہیں:

نمبر ۱: انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں لہٰذا ان کی ملک باقی رہتی ہے، اسی وجہ سے نبی کریم ﷺ کی بیبیوں سے کسی کے نکاح کرنے کی قرآن پاک میں صاف لفظوں میں ممانعت وارد ہوئی ہے۔

نمبر ۲: نبی کی کوئی چیز زندگی میں بھی ملک نہیں ہوتی، وہ متولیانہ تصرف کرتے ہیں۔ صوفیہ میں بھی یہ مقولہ مشہور ہے: **الصوفي لا يملك** صوفی مالک کسی چیز کا نہیں ہوتا۔ یہ مطلب نہیں کہ شرعاً مالک نہیں ہوتا بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ ان ناپائیدار چیزوں کو اپنی نہیں سمجھتا۔

نمبر ۳: دنیا کی ہر چیز اللہ کی ملک ہے اور نبی اللہ کا خلیفہ ہونے کی حیثیت سے تصرف کرتا ہے۔

نمبر ۴: اگر انبیاء کے مال میں میراث جاری ہو تو احتمال ہے کہ کوئی بد نصیب وارث مال کی طمع میں نبی کی ہلاکت کا ذریعہ بنے یا تمنّا کرے اور دونوں چیزیں اُس کی بربادی کا سبب ہوں گی۔

نمبر ۵: لوگوں کو یہ واہمہ نہ گزرے کہ نبوت کا دعویٰ مال جمع کرنے کے واسطے اور اپنے اہل وعیال کو مالدار چھوڑ کر جانے کے واسطے ہے۔

نمبر ٦: مال کے زنگ اور میل کچیل سے ان کی قدسی ذات کو محفوظ رکھنے کی وجہ سے ہے۔

ميراث: أصله مِوراث، قلبت الواو ياءً؛ لسكونها وانكسار ما قبلها، مصدر بمعنى الموروث، أي: المخلف من مال. والمراد نفي ميراثه ﷺ.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ

حج اور عمرہ کو خالص اللہ جَلَّ شانُہٗ کے لیے پورا کیا کرو۔

فضائل حج

مؤلفہ

حضرت مولانا الحافظ الحاج المحدث محمد زکریا صاحب رحمۃ اللہ علیہ

جس میں حج، عمرہ، زیارت کے فضائل وآداب اور
عاشقانِ خدا کے بہت سے واقعات شرح وبسط
سے بیان کیے گئے ہیں۔

تَطْوِیْل[1] مناسب ہے؛ اور اگر یہ دونوں باتیں نہ ہوں تو طوطے کی طرح سے مُزَوِّرِیْن[2] کے الفاظ دہرانے کی ضرورت نہیں۔ انتہائی ذوق وشوق اور غایت سکون اور وقار سے آہستہ آہستہ ٹھیر ٹھیر اکر اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہِ پڑھتا رہے اور جب تک شوق میں اضافہ پاوے، انہی الفاظ کو یا اور کسی سلام کو بار بار پڑھتا رہے۔ اس سے پہلی فصل کے دس پر صَلَّی اللہُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہِ ، ستر مرتبہ پڑھنا گذرا ہے وہ بھی بہتر ہے، مگر سکون اور وقار اور ذوق شوق سے پڑھے۔

(۳۱) یہ نہایت اہم اور ضروری بات ہے کہ سلام پڑھتے وقت شور وشَغَب ہرگز نہ کرے، نہ زور سے چلّائے بلکہ اتنی آواز سے کہے کہ اندر تک پہونچ جائے۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ نہ تو زیادہ جَہَر[3] ہو اور نہ بالکل اِخفاء[4] ہو، بلکہ مُتَوسِّط[5] اور مُعتدِل[6] آواز حضورِ[7] قلب اور اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے شرم وحیا لیے ہوئے ہو۔ بخاری شریف میں ایک قصہ لکھا ہے: حضرت سائب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں مسجد میں کھڑا تھا، ایک شخص نے میرے ایک کنکری ماری، میں نے ادھر دیکھا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے، انہوں نے مجھے (اشارہ سے بلا کر) کہا کہ یہ دو آدمی جو بول رہے ہیں، اُن کو بلا کر لاؤ، میں ان دونوں کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس لایا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا کہ تم کہاں کے رہنے والے ہو؟ انہوں نے عرض کیا کہ طائف کے رہنے والے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''اگر تم اس شہر کے رہنے والے ہوتے تو تمہیں مزہ چکھاتا، تم حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں چلّا کر بول رہے ہو''۔

محمد بن مَسلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ کسی شخص کو بھی یہ نہیں چاہیے کہ مسجد میں زور سے بولے۔ [شرح شفا]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس قصہ میں بعض روایات میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد نقل کیا گیا کہ ایسے کوڑے مارتا کہ بدن درد کرنے لگتا۔ اب گویا اجنبی دوسرے شہر کے ہونے کی وجہ سے مسئلہ سے ناواقفیت[8] کو عذر قرار دیا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جب کہیں قریب کیل میخ وغیرہ کے ٹھوکنے کی آواز سنتیں تو آدمی بھیج کر ان کو روکتیں کہ زور سے نہ ٹھوکیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تکلیف کا لحاظ رکھیں۔ حضرت علی کَرَّمَ اللہُ وَجْہَہ کو اپنے مکان کے کواڑ بنوانے کی ضرورت پیش آئی، تو بنانے والوں کو فرمایا کہ شہر کے باہر بقیع میں بنا کر لائیں، ان کے بنانے کی آواز کا شور حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک نہ پہونچے۔ علّامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ مواہب میں لکھتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ادب کا وہی معاملہ ہونا چاہیے جو زندگی میں تھا، اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں۔ [شرح مواہب]

حق تعالیٰ سُبْحَانَہٗ وَتَقَدَّسَ نے قرآن پاک میں سورۂ حجرات میں خصوصیت سے اس طرف تنبیہ

حل لغات: (۱) لمبا کرنا۔ (۲) زیارت کرانے والے۔ (۳) اونچی آواز۔ (۴) بغیر آواز کے۔ (۵) درمیانہ۔ (۶) نہ کم نہ زیادہ۔ (۷) دل حاضر کر کے۔ (۸) نہ جاننا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نضر اللہ امرأ سمع منا شیئا فبلغہ کما سمع (مشکوٰۃ)

ایضاح البخاری

جلد سوم

سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور اعمال کی مستند اور کامیاب شرح، اکابر کی تحقیقات اور تمام شروح کا عطر، تراجم ابواب پر محققانہ کلام زندہ اسلوب کیساتھ پہلی بار اردو زبان میں۔

از افادات

فخر الاسلام، امین شیخ الہند، وارث انور شاہ، جانشین شیخ الاسلام

حضرت مولانا سید فخر الدین احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ

مرتب:- مولانا ریاست علی بجنوری، استاذ دار العلوم دیوبند،

مکتبہ مجلس قاسم المعارف (دیوبند یوپی)

عمر نے کہا جاؤ، تم کو اس لیے چھوڑ رہا ہوں کہ باہر کے ہو اور مسئلہ سے واقف نہیں ہو، اگر تم مدینہ کے رہنے والے ہوتے تو سزا دیتا، بعض روایات میں ہے " لاوجعتکما جلدا " یعنی کوڑے لگانے کی سزا دیتا، تم رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں بے باکی کے ساتھ اور بے ضرورت شور وغل کر رہے ہو۔

مزار اقدس کے احترام میں صحابہ کا عمل | حضرت عمر کا ارشاد "ترفعان اصواتکما الخ" احترام مسجد کے ساتھ قرآن کی آیت " لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ " (الحجرات ۲) سے بھی ماخوذ ہے کہ اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو پیغمبر علیہ السلام کی آواز سے بلند نہ کرو اور نہ ان کے سامنے اس طرح زور سے بولو جیسے آپس میں بولتے ہو، پیغمبر علیہ السلام کی زندگی میں بھی یہی حکم تھا اور وفات کے بعد بھی یہی حکم ہے، کیوں کہ آپ قبر شریف میں بھی حیات سے متصف ہیں، حضرت عمر کی رائے تو روایات باب سے معلوم ہوگئی کہ وہ وفات کے بعد بھی قبر شریف کے قریب بلند آواز سے بولنے پر تنبیہ فرما رہے ہیں۔

حضرت ابوبکر کے بارے میں بھی یہی منقول ہے کہ وہ مسجد نبوی میں بلند آواز سے بولنے پر نکیر فرماتے اور کہتے کہ تم نے رسول اللہ ﷺ کو قبر شریف میں اذیت پہنچائی، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ اپنے دروازے کے لیے کواڑ بنوائے تو حکم دیا کہ انھیں اتنی دور بیٹھ کر بنایا جائے کہ ان کی آواز مسجد نبوی میں نہ آئے اور حضور ﷺ کو قبر مبارک میں تکلیف نہ ہو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ اگر حجرۂ اطہر کے قریب کسی دیوار میں کیل ٹھوکنے کی آواز آتی تو فوراً کسی قاصد کو بھیج کر منع کرا دیتی تھیں: لا تؤذوا رسول اللہ ﷺ کہ رسول اللہ ﷺ کو تکلیف مت پہنچاؤ، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے یہ تمام اقوال وافعال تقی الدین سبکی کی "شفاء السقام" میں موجود ہیں۔ حیات انبیاء کے مسئلہ پر تفصیلی گفتگو کسی اور موقع پر کی جائے گی۔ ان شاء اللہ

دوسری روایت کی تشریح | پہلی روایت سے مسجد میں آواز بلند کرنے کی ممانعت معلوم ہوئی، اور دوسری روایت سے گنجائش معلوم ہوئی، روایت چند صفحات پہلے گذر چکی ہے۔ زیر بحث مسئلہ سے اتنی بات متعلق ہے کہ قرض کے تقاضے میں جھگڑے کی نوبت آئی اور فریقین کی آواز اتنی بلند ہوگئی کہ پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کو باہر تشریف لاکر فیصلہ کرنا پڑا، آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ آواز اتنی بلند کیوں ہوئی؟ بلکہ خوش اسلوبی سے جھگڑا نمٹانے کی صورت تجویز فرما دی، جس کی بنیاد صلح اور رواداری پر تھی، اگر شور قابل اعتراض اور قابل ممانعت تھا تو یہ تنبیہ کا موقع تھا، تنبیہ نہ فرمانے سے معلوم ہوا کہ ایک حد تک اس کی گنجائش ہے۔ واللہ اعلم

[۸۴] بَابُ الْحَلَقِ وَالْجُلُوْسِ فِي الْمَسْجِدِ

(۴۷۲) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کفایت المفتی

مع اضافات جدیدہ

مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ دہلوی نور اللہ مرقدہ

تبویب، تخریج اور تعلیق

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم

زیر نگرانی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

ادارہ الفاروق کراچی

برائے تعظیم کھڑے ہوکر لفظ مذکور کو پکار کر کہتے ہیں، آیا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

جواب: صلوٰۃ وسلام کے ساتھ ''یارسول'' و ''یا حبیب'' ندا کے الفاظ سے پکارنا اس خیال سے کہ صلوٰۃ وسلام آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرشتوں کے ذریعہ پہنچا دیا جاتا ہے اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک ہماری ندا اور خطاب پہنچ جاتا ہے، جائز اور درست ہے، کیونکہ بعض روایات معتبرہ سے ثابت ہے کہ باری تعالیٰ وتقدس نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر ایک فرشتہ مقرر فرما دیا ہے اور اس کو ایسی قوت سامعہ عطا فرمائی ہے کہ وہ تمام مخلوق کے صلوٰۃ وسلام سن کر حضرت نبوی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں عرض کر دیتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جواب دیتے ہیں۔

''قال النواب صديق حسن خان البوفالي القنوجي في نزل الأبرار في بيان فوائد الصلاة عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ومنها: قيام ملك على قبره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أعطاه إسماع الخلائق يبلغه إياها كما في حديث واثق ابن حبان رواته ووردت أحاديث بمعناه ثابتة ولله الحمد...... ومنها: أنها سبب لرد النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على المصلي والمسلم عليه، كما ورد بسند حسن، بل صححه النووي في الأذكار وغيره. انتهى ملتقطاً(۱).

ہاں! اس خیال اور اعتقاد سے ندا کرنا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح مبارک مجلسِ مولود میں آتی ہے، اس کا شریعت مقدسہ میں کوئی ثبوت نہیں اور کئی وجہ سے یہ خیال باطل ہے۔ اول یہ کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبر مبارک میں زندہ ہیں، جیسا کہ اہلِ سنت والجماعت کا مذہب ہے(۲)۔ تو

---

(۱) (نزل الأبرار بالعلم المأثور من الأدعية والأذكار، باب في الفوائد والثمرات الحاصلة بالصلاة عليه السلام، ص: ۱۸۵ – ۱۸۸، دار المعرفة بيروت)

(۲) ''إن حياته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في القبر لايعقبها موت بل يستمر حياً، والأنبياء أحياء في قبورهم''. (فتح الباري، كتاب فضائل أصحاب النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، باب قول النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ''لو كنت متخذا خليلاً: ۳۶/۷، قديمي)

''فمن المعتقد المعتمد أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حيّ في قبره كسائر الأنبياء في قبورهم، وهم أحياء عند ربهم''. (شرح الشفاء لملا علي القاري، القسم الثاني، الباب الرابع: ۱۴۳/۲، دار الكتب العلمية)

اضافہ جدیدہ

دارالافتاؤں میں رائج الوقت نسخوں کے مطابق تخریج کے ساتھ جدید کمپیوٹر ایڈیشن

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند

مُدلّل و مکمّل

جلد پنجم

کتابُ الصّلوٰۃ (رُبع چہارم)

افادات: مفتی اعظم عارف باللہ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانیؒ
(مفتی اول دارالعلوم دیوبند)

حسب ہدایت: حکیم الاسلام حضرت مولانا محمد طیّب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند

مرتب: مولانا محمد ظفیر الدّین صاحب شعبۂ ترتیب فتاویٰ دارالعلوم دیوبند

اضافہ تخریج جدید
مولانا مفتی محمد صالح کاروڑی رفیق دارالافتاء جامع علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

دارُالاِشاعَت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

میں مرنے والا اور مرابط وغیرہ۔(۱)

(۲،۷)انبیاء کرام علیہم السلام کے بارے میں حدیث شریف میں وارد ہے ان اللہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد الا نبیاء۔(۲)باقی سوائے انبیاء علیہم السلام کے دوسروں کے بارے میں ایسا وارد نہیں ہے۔ فقط۔

کافروں کی شرارت روکنے میں جو مسلمان کام آئیں وہ شہید ہیں یا نہیں

(سوال ۱/۳۲۱۸)اس وقت کافر ہندوستان میں مسلمانوں کو ذلیل کرنا اور اسلام کو مٹانا چاہتے ہیں اور مسلمانوں کے امور مذہبی میں مداخلت کرتے ہیں اگر مسلمان ان کی شرارت روکنے میں کام آجاویں تو وہ شہید ہوں گے یا نہیں۔

محرم و عرس میں ہندو کے حملہ سے مسلمان مریں ان کا کیا حکم ہے

(سوال ۲/۳۲۱۹)محرم اور عرس اور میلہ وغیرہ میں اگر ہندو حملہ آور ہوں اور مسلمان ضائع ہو جائیں تو کیا حکم ہے۔

ہندو خفیہ طور پر مسلمانوں کو مار ڈالیں تو وہ شہید ہیں یا نہیں

(سوال ۳/۳۲۲۰)اگر ہندو خفیہ طور سے حملہ کریں یا کوٹھوں پر چڑھ کر نقصان پہنچائیں اور مسلمان مارے جائیں تو کیا حکم ہے۔

(الجواب)(۱،۲،۳)ان سب صورتوں میں جو مسلمان مارے جاویں گے وہ شہید ہوں گے کیونکہ جو مسلمان ظلماً کافروں کے ہاتھ سے مارا جاوے وہ شہید ہوتا ہے۔(۲)فقط۔

اولیاء اللہ مرنے کے بعد زندہ رہتے ہیں یا نہیں

(سوال ۳۲۲۱) حضرات اولیاء اللہ بعد وصال زندہ رہتے یا نہیں بہر صورت دلیل کیا ہے۔

(الجواب)وباللہ التوفیق۔ سب ہی مرنے والے ہیں انک میت و انھم میتون جو کہ مسلم ہے پھر اسی حیات روحانی میں درجات انبیاء علیہم السلام کی حیات قوی تر ہے، اس کے بعد شہداء کی، پھر جملہ مؤمنین و مؤمنات کی درجہ بدرجہ اور نصوص صرف انبیاء علیہم السلام اور شہداء کی حیات میں وارد ہیں۔ حدیث شریف میں ہے ان اللہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد الا نبیاء فنبی اللہ حی یرزق .(۳) الحدیث. او کما قال صلی اللہ علیہ وسلم اور شہداء کے بارہ میں قرآن شریف میں ہے ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عندربھم یرزقون فرحین بما اتاھم اللہ من فضلہ.(۴) الآیۃ. پس اس قسم کی تصریح

(۱)ذکر ان من لا یسئل ثمانیۃ الشھید والمرابط، والمطعون والموت زمن الطاعون بغیرہ اذا کان صابرامحتسبا الصدیق والا طفال والمیت یوم الجمعۃ او لیلتھا والقاری کل لیلۃ تبارک الملک الخ (ردالمحتار باب صلاۃ الجنائز مطلب ثمانیۃ الا یسئلون فی قبورھم ج ۱ ص ۷۹۷ و ج ۱ ص۷۹۸.ط.س.ج۲ص۱۹۲) ظفیر.

(۲)ھو کل مکلف مسلم طاھر الخ قتل ظلما بغیر حق بجارحۃ الخ وکذا یکون شھیدا لوقتلہ باغ او حربی او قاطع طریق ولو تسببا او بغیر آلۃ جارحۃ فان مقتولھم شھیدالخ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب الشھید ج ۱ ص ۸٤۸.ط.س.ج۲ص۲٤۷) ظفیر.(۳)اور سبھی کو حیات روحانی حاصل رہتی ہے، کیونکہ مدار ثواب و عتاب کا حیات روحانی پر ہے۔

(٤)

اضافہ جدیدہ

دارالافتاؤں میں رائج الوقت نسخوں کے مطابق تخریج کے ساتھ جدید کمپیوٹر ایڈیشن

مُدلّل ومکمّل

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند

جلد (۱۸)

کتاب الایمان، کتاب الرسوم، کتاب البدعات

افادات

مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ مفتی اول دارالعلوم دیوبند

حسبِ ہدایت

حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ مہتمم دارالعلوم دیوبند

مرتب

مولانا مفتی محمد امین صاحب پالن پوری

استاذ حدیث وفقہ دارالعلوم دیوبند

ملاحظہ

حضرت مولانا مفتی سعید احمد پالنپوری

شیخ الحدیث وصدر المدرسین دارالعلوم دیوبند

ناشر

مکتبہ حقانیہ

ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان پاکستان فون: 061-4541093

کیا اولیاء قبر میں زندہ ہیں؟ اور قبر میں حضور ﷺ کے بارے میں جو سوال ہوگا اس کی کیا کیفیت ہوگی؟

سوال (۳۸)......(الف): کیا تمام بزرگ واولیاء زندہ ہیں؟

(ب)......کیا آنحضرت ﷺ اور تمام انبیاء اس آیت میں داخل ہیں: ﴿ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ﴾ (سورۂ بقرہ، آیت:۱۵۴) اور قبر میں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت پوچھا جائے گا کہ یہ کون ہیں اس کی کیا کیفیت ہوگی؟ (۱۳۴۳/۸۲۱ھ)

جواب: (الف۔ب)......انبیاء اور شہداء کی حیات تو نصوص میں وارد ہے، اولیاء اللہ کے بارے میں نص نہیں ہیں، حدیث شریف میں ہے: ان اللّٰه حرم على الأرض ان تأكل أجساد الانبياء فنبی اللّٰه حی یرزق [۱] اور شہداء کے بارے میں قرآن شریف میں بل أحیاء وارد ہے [۲] اولیاء اللہ کے بارے میں ایسی کوئی نص نہیں ہے ممکن ہے کہ ان کو بھی ملحق بالشہداء کہہ کر احیاء کہا جائے [۳] اور یہ جو قبر میں پوچھا جائے گا کہ ''یہ رجل''، یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کون ہیں الخ تو اس کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ قبر سے پردہ اٹھا دیا جائے اور میت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم دکھلائے جائیں اور پوچھا جائے کہ یہ شخص کون ہیں الخ اور یہ بھی احتمال ہے کہ معہود فی الذہن کی طرف اشارہ ہو [۴] فقط واللہ تعالیٰ اعلم

---

(۱): عن أبی الدرداء رضی اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:...... ان اللّٰه حرم علی الأرض الحدیث. (مشكوة المصابيح، ص:۱۲۱، كتاب الصلوٰة، باب الجمعة، الفصل الثالث)

(۲): ﴿ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴾ (سورۂ آل عمران، آیت:۱۶۹)

(۳): فی المرقاة شرح المشكوة، قيل: يتولد الدود من العفونة وتأكل الأعضاء ثم يأكل بعضها بعضا الى أن تبقى دودة واحدة فتموت جوعا واستثنى الأنبياء والأولياء والعلماء من ذلك، فقد قال صلى اللّٰه عليه وسلم: ان اللّٰه حرم على الأرض أن تأكل أجساد الأنبياء، وقال تعالىٰ فی حق الشهداء: ﴿ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴾ (ال عمران: ۱۶۹) و العلماء العاملون المعبر عنه بالأولياء مدادهم أفضل من دماء الشهداء (مرقاة المفاتيح: ۵۳۵/۹، كتاب الرقاق، باب البكاء والخوف، الفصل الثاني، رقم الحديث:۵۳۵۲)

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ فرماتے ہیں، اولیائے کرام بھی بحکم شہداء ہیں اور مشمول آیت: ﴿ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ ﴾ کے ہیں (فتاویٰ رشیدیہ، ص:۱۰۵، کتاب العقائد اولیاء شہداء کے عذاب قبر کا مسئلہ)۔

(۴): عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: اذا اقبر الميت أو قال احدكم أتاه ملكان اسودان أزرقان، يقال لأحدهما المنكر والأخر النكير، فيقولان ما كنت تقول في هٰذا الرجل؟ فيقول ما كان يقول هو عبداللّٰه ورسوله أشهد ان لا اله الا اللّٰه وأن محمدا عبده ورسوله، فيقولان، قد كنا نعلم أنك تقول هٰذا، ثم يفسح له فی قبره سبعون ذراعًا فی (بقیہ صفحہ آئندہ)

فرشتے قبر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر لاتے ہیں یا نہیں؟

سوال (۳۹): مردہ کے پاس قبر میں فرشتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر لاتے ہیں یا نہیں؟ اور یہ جائز ہے یا نہیں؟ (۲۵۲۷/۱۳۴۱ھ)

جواب: حدیث شریف میں صرف هذا الرجل کا لفظ وارد ہوا ہے ① اس کی شرح میں بعض علماء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سامنے کئے جاویں گے ② پس تصویر کا اس میں کچھ ذکر نہیں ہے اور وہ تصویر نہ ہوگی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

روح کا قبر سے تعلق رہتا ہے

سوال (۴۰): لوگ قبر پر فاتحہ پڑھنے جاتے ہیں تو کیا ارواح قبر میں موجود رہتی ہیں؟

(۱۱۷۱/۴۶-۱۳۴۷ھ)

جواب: روح کا تعلق قبر سے رہتا ہے، بس اتنا ہی خیال کرے اور موافق سنت کے سلام اہل قبور پر کرے،

(بقایا حاشیہ صفحہ گذشتہ) سبعین، ثم ينور له فيه، ثم يقال له: نم، فيقول: ارجع الى أهلى فأخبرهم، فيقولان: نم كنومة العروس الحديث، وفى هامش الحديث: قوله: (فى هٰذا الرجل) عبر بذلك امتحانا لئلا يتلقن تعظيمه عن عبارة القائل، قيل: يكشف للميت حتى يرى النبى صلى الله عليه وسلم و هى بشرى عظيمة للمؤمن ان صح ذلك، ولانعلم حديثا صحيحا مرويا فى ذلك، والقائل به انما استند لمجرد أن الاشارة لاتكون الا للحاضر، لكن يحتمل تكون اشارة لما فى الذهن، فيكون مجازًا قاله القسطلانى، (جامع الترمذى وهامشه : ۲۰۵/۱، أبواب الجنائز، باب ما جاء فى عذاب القبر، ورقم الهامش:۴)

(۱) عن أنس رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: العبد اذا وضع فى قبره وتولى وذهب أصحابه حتى أنه ليسمع قرع نعالهم أتاه ملكان فأقعداه، فيقولان له: ما كنت تقول فى هٰذا الرجل محمد؟ فيقول: أشهد أنه عبدالله و رسوله، فيقال: أنظر الى مقعدك من النار أبدلك الله به مقعدا من الجنة، قال النبى صلى الله عليه وسلم: فيراهما جميعا، وأما الكافر أو المنافق فيقول: لا أدرى كنت أقول ما يقول الناس، فيقال: لا دريت و لا تليت ثم يضرب بمطرقة من حديد ضربة بين أذنيه فيصيح صيحة يسمعها من يليه الا الثقلين (صحيح البخارى: ۱۷۸/۱، كتاب الجنائز، باب: الميت يسمع خفق النعال)

(۲): قوله: (فى هٰذا الرجل) عبر بذلك امتحانا لئلا يتلقن تعظيمه عن عبارة القائل، قيل: يكشف للميت حتى يرى النبى صلى الله عليه وسلم، وهى بشرى عظيمة للمؤمن ان صح ذلك، ولانعلم حديثا صحيحا مرويا فى ذلك، والقائل به انما استند لمجرد أن الاشارة لاتكون الا للحاضر، لكن يحتمل أن تكون الاشارة لما فى الذهن فيكون مجازًا (هامش جامع الترمذى: ۲۰۵/۱، أبواب الجنائز، باب ما جاء فى عذاب القبر، وهامش مشكاة المصابيح، ص:۲۴، كتاب الايمان، باب اثبات عذاب القبر، الفصل الأول، رقم الحاشية:۱۵)

ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

مرنے کے بعد عذاب روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے

سوال (۴۲): مرنے کے بعد عذاب روح کو ہوتا ہے یا جسم کو یا دونوں کو؟ (۱۶۳۱/۱۳۳۷ھ)

جواب: عذاب روح پر مع جسم کے ہوتا ہے جیسا کہ ظاہر احادیث سے ثابت ہے[1] فقط

کیا مرنے کے بعد قیامت تک روح قبر میں رہتی ہے؟

سوال (۴۳): زید کہتا ہے کہ مرنے کے بعد قیامت تک انسان کی روح قبر میں رہتی ہے یہ درست ہے یا نہیں؟ (۱۶۳۱/۱۳۳۷ھ)

جواب: قبر میں بھی روح کا تعلق رہتا ہے اور مستقر اصلی اس کا علیین یا سجین ہے۔ فقط

سماعِ موتیٰ سے متعلق چند سوالات

سوال (۴۴): ......(الف) : کیا ہر وقت مردے قبر میں سنتے ہیں؟

(ب)......کیا حدیث واقعہ کفار مقتولین بدر سے عام سماع موتیٰ ثابت ہوتا ہے یا یہ خاصۂ نبوت ہے؟

(ج)......حدیث میں جو مذکور ہے کہ مردہ جوتوں کی آہٹ سنتا ہے کیا اس سے بھی سماع ثابت ہوتا ہے؟

(د)......دعا: السلام علیکم یا اهل القبور وغیرہ سے بھی کیا سماع ثابت ہوتا ہے؟ اور اگر نہیں تو لفظ ''یا'' کیوں؟

(ھ)......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بعد دفن خلیفہ ثانی کے روضۂ اطہر میں نہ جانا، کیا اس حدیث سے عام مردوں کا سننا اور دیکھنا مستنبط ہو سکتا ہے؟

(و)......باوجود حنفی مذہب ہونے کے احادیث مذکورہ سے سماع موتیٰ کا ضرورۃً قائل ہونا کیا جائز ہے؟ (۲۶۶۰/۱۳۳۷ھ)

جواب: (الف تا و)......یہ مسئلہ سلف سے مختلف فیہا ہے حنفیہ کے نزدیک راجح عدم سماع ہے، چنانچہ حنفیہ نے ان دلائل کا جن سے سماع موتیٰ معلوم ہوتا ہے جواب دیا ہے: شامی میں ہے: و لا یرد ما فی

---

(۱): عن البراء بن عازب رضی اللّٰه عنه عن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قال:...... واما الكافر فذكر موته قال: ویعاد روحه فی جسده ویأتیه ملكان، فیجلسانه فیقولان: من ربك؟ فیقول: هاه هاه لا ادری، فیقولان له: ما دینك؟ فیقول: هاه هاه لا ادری، فیقولان: ما هٰذا الرجل الذی بعث فیكم؟ فیقول: هاه هاه لا ادری، فینادی مناد من السماء: أن كذب، فأفرشوه من النار، وألبسوه من النار، وافتحوا له بابا الی النار، قال: فیأتیه من حرها وسمومها قال: ویضیق علیه قبره حتی تختلف فیه اضلاعه ثم یقیض له أعمی اصم معه مرزبة من حدید، لوضرب لها جبل لصار ترابا فیضربه بها ضربة یسمعها ما بین المشرق والمغرب الا الثقلین، فیصیر ترابا ثم یعاد فیه الروح. رواه أحمد وأبوداؤد، (مشكوۃ المصابیح، ص:۲۶،۲۵، كتاب الایمان، باب اثبات عذاب القبر، الفصل الثانی)

خطباتِ حکیم الاسلام

جلد نمبر ۷

قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ
مہتمم دارالعلوم دیوبند (انڈیا)

مکتبۃ العلم
ناشر
۱۸- اردو بازار ٥ لاہور ٥ پاکستان
Ph: 37231788-37211788

منصب تدریس وتبلیغ اورافتاء

اس سے زیادہ آسان درس دینا ہے۔درس میں کتاب سامنے ہوتی ہے کتاب کے مطابق مضمون بیان کر دیا، کوئی زیادہ شواری نہیں ہوتی۔اس سے زیادہ آسان تقریر کرنا ہے۔اس لئے کہ ایک موضوع پر جو یاد تھا علمی طور پر کہہ دیا۔اوراس سے بھی زیادہ آسان ہے وہ تقریر جو علمی نہ ہو۔محض دنیاداری کی باتیں۔ادھر ادھر کے واقعات لیکچر میں کہہ دیئے۔یہ سب سے زیادہ آسان ہے۔گذرنے ہوئے واقعات یوں ہوا تھا، یوں ہوا تھا۔بیان کر دیا۔اوراس سے بھی زیادہ آسان اعتراض کر دینا ہے۔اس کیلئے کسی تکلیف کی ضرورت نہیں جس پہ چاہا اعتراض کر دیا، جس پہ چاہا شبہ وارد کر دیا۔جاہل سے جاہل اعتراض کر سکتا ہے۔اس میں کسی علمیت کی ضرورت نہیں۔یہ میں نے اس لئے عرض کیا کہ بعض حضرات مسائل پوچھتے ہیں۔میں عرض کر دیتا ہوں کہ بھئی مفتی صاحب سے پوچھو۔میں نہیں بتلا سکتا۔مسئلہ کا علم بھی ہو تب بھی جرات نہیں ہوتی کہ مسئلہ بیان کردوں۔مفتی کے سامنے سب چیزیں متحضر ہوتی ہیں۔بعض لوگ برا مانتے ہیں کہ مسئلہ نہیں بتلایا۔اگرچہ مسئلہ نہیں بتلایا مگر حوالہ تو دیدیا کہ مفتی سے پوچھو۔کیا ضروری ہے کہ ہر ایک مسئلہ بتلائے ہی۔جو بتانے والے ہیں وہ بتلائیں گے جن کو اس کا فن اور سلیقہ ہے۔برا ماننے کی بات نہیں ہے۔میں ہمیشہ اس سے بچتا ہوں کہ فتویٰ دوں۔یہ کام میرا نہیں ہے۔

مسائل کا علمی اور عملی پہلو

ایک ہے کسی مسئلہ کی علمی تحقیق کر دینا، وہ الگ چیز ہے اس سے انکار نہیں ہوتا جو اپنے ذہن میں ہو وہ تحقیق کر دی۔لیکن یہ کہ عمل کیا کرو؟ یہ کام مفتی کا ہے وہ فتوی دے گا کہ فلاں پہلو پر یوں عمل کرو، فلاں پہلو پر یوں عمل کرو......

اس لئے اگر بعض حضرات سوال کریں اور میں مسئلہ نہ بتلاؤں وہ برا نہ مانیں۔ضروری نہیں کہ مجھے مسئلہ کا علم بھی ہو۔اوراگر علم بھی ہو تو میں احتیاط کے خلاف سمجھتا ہوں۔اس لئے کہ فقہی جزئیات پر میری زیادہ نظر نہیں ہے۔یہ اس کی ہوسکتی ہے جو رات دن اسی میں پڑا ہوا ہو...... یہ میں نے بطور تنبیہ اور اصول کے عرض کر دیا، اس میں برا ماننے کی ضرورت نہیں۔ہر شخص کا ایک مقام ہوتا ہے۔میں نہیں ہوں اس قابل کہ مسئلہ بتلاؤں۔کیا ضروری ہے کہ زبردستی پوچھا ہی جائے۔کسی اہل سے پوچھا جائے۔

حیات النبی ﷺ پر امت کا اجماع ہے

میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ''حیات النبی'' کا لوگ انکار کیوں کرتے ہیں، میرے خیال میں اجمالاً اتنی بات ہے کہ ''حیات النبی ﷺ'' کا مسئلہ تو مجمع علیہ ہے۔یعنی امت کے اندر کوئی بھی اس کا منکر نہیں ہے۔اس کی کیفیت میں گفتگو ہے کہ حیات ہے تو کس کیفیت اور کس نوعیت کی ہے۔تو کیفیات میں اگر کوئی اختلاف کرے تو اسے اصل مسئلہ میں اختلاف کنندہ نہیں کہا جاسکتا۔

جہاں تک انبیاء علیہم السلام کی حیات کا تعلق ہے تو صحیح حدیث موجود ہے اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِھِمْ

یُصَلُّوْنَ...... انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ وہ نماز پڑھتے ہیں یا فرمایا گیا: وَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُرْزَقُ...... اللہ کے نبی زندہ ہیں۔ ان کو رزق دیا جاتا ہے...... اب ظاہر ہے کہ اس حیات سے مراد اگر وہ عمومی حیات ہے جو برزخ میں عام طور پر ہوتی ہے تو پھر اس تخصیص کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی پھر یہ کہنا کہ نَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یا اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ ......الخ اس کی ضرورت نہیں۔ یوں کہا جاسکتا تھا...... اَلْمُسْلِمُوْنَ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِھِمْ یا النَّاسُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِھِمْ اس لئے کہ حیات برزخی میں سب کے سب شریک ہیں۔ لیکن انبیاء علیہم السلام کا ذکر کی تخصیص کیا جانا اور اس پر حیات کا لفظ بولا جانا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خصوصی حیات ہے جو عوام کو حاصل نہیں۔

حیات مطلق

پھر یہ کہ اس حیات کے لفظ کو مقید کر کے نہیں لایا گیا۔ یہ نہیں کہا گیا کہ انبیاء علیہم السلام بحیثیت اس کے حیات ہیں۔ یا فلاں جہت سے حیات ہیں بلکہ مطلقاً حی کہا گیا۔ تو جب بھی کوئی چیز مطلق بولی جائے گی، اس کا فرد کامل مراد لیا جائیگا پھر فرد کامل کی صورت سمجھنے کی اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ ہم جسے دنیا میں زندگی کہتے ہیں وہی وہاں سمجھیں کہ وہ حی اور زندہ ہیں اور وہ اسی انداز کی زندگی ہے جیسے دنیا میں زندہ ہوتے ہیں...... ورنہ پھر انبیاء علیہم السلام کے ذکر کی تخصیص اور حیات کے لفظ کا اطلاق...... تو ایک تخصیص اور ایک اطلاق، تخصیص ذکر کی اور خصوصیت بیانی اور لفظ حیات کا اطلاق، یہ دونوں مل کر یہ نتیجہ پیدا کرتے ہیں کہ کوئی خاص اور اعلیٰ قسم کی حیات ہے جو دوسروں کو حاصل نہیں...... اب یہ کہ اس کی کیفیت کیا ہے۔

انبیاء کرام کی حیات و ممات کی امتیازی خصوصیات

تو ہم کیفیت سے واقف نہیں نہ ہم اس کا پتہ دے سکتے ہیں۔ نہ ہمارے بس کی بات ہے۔ اتنا ہم ضرور جانتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کی ممات بھی ہماری جیسی نہیں، ان کی حیات بھی ہماری جیسی نہیں ان کی ممات میں تو یہ بھی ہے کہ ملک الموت آ کر ان سے اجازت لیتے ہیں اور جب تک کہ وہ اجازت نہ دیں اور ان کے علم میں نہ لایا جائے کہ وقت آ رہا ہے اور ہم قبض روح کے لئے آ رہے ہیں۔ اس وقت تک ممات کا آغاز نہیں کیا جاتا۔ عامۃ المومنین سے اس قسم کی کوئی اجازت یا استیذان نہیں کیا جاتا۔ پھر یہ انبیاء علیہم السلام کی دنیا میں جو حیات ہے تو وہ اور لوگوں کو جو دنیوی حیات ہے۔ اس کے مشابہ نہیں۔ تو جب حیات مشابہ نہیں تو ممات بھی مشابہ نہیں ہو سکتی۔

دست پیغمبر کا اعجاز

یوں تو فرمایا گیا: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ میں تم جیسا ایک بشر ہوں...... لیکن اس مماثلت کے باوجود آپ کی بشریت اور ہماری بشریت میں کتنا فرق ہے۔ یہ سیرت کے احوال دیکھنے سے واضح ہوگا۔ ہم بھی کہیں گے کہ ہمارے ہاتھ ہیں اور انبیاء علیہم السلام کے بھی ہاتھ ہوتے ہیں اور جسمانی ہوتے ہیں کوئی معنوی اور روحانی نہیں...... لیکن ہاتھوں کے اندر خصوصیت سے امتیازی شان موجود ہے جو عام ہاتھوں کو حاصل نہیں۔ ہم اگر کسی کے چپت ماردیں تو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ الآية (قرآن کریم)

اَلْاَنْبِيَاءُ اَحْيَاءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ (حدیث شریف)

تَسْكِيْنُ الصُّدُوْرِ

فِيْ تَحْقِيْقِ اَحْوَالِ الْمَوْتٰى فِي الْبَرْزَخِ وَالْقُبُوْرِ

جس میں قرآن کریم صحیح احادیث اور حضرات سلف صالحین کی واضح عبارات سے قبر کا مفہوم اور راحت و عذاب قبر کے بارے میں اسلامی نظریہ بیان کیا گیا ہے اور صحیح احادیث اور ٹھوس عبارات سے قبر میں اعادۂ روح پر نفیس اور مدلل بحث کی گئی ہے نیز حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی قبور میں حیات اور عند القبور ان کے سماع پر واضح دلائل اور براہین سے تحقیق کی گئی ہے اور عام سماع موتٰی پر بھی مختصر مگر اصولی بحث کی گئی ہے اور مسئلہ توسل پر بھی بحمد اللہ تعالیٰ سیر حاصل اور باحوالہ بحث کی گئی ہے اور اس سلسلہ میں کئے گئے جملہ اعتراضات کے کتب تفسیر و عقائد شروح حدیث اور فقہ سے بفضلہ تعالیٰ مسکت جوابات عرض کئے گئے ہیں نیز اس طبع میں تسکین الصدور پر کئے گئے قابل توجہ اعتراضات کا بھی خوب جائزہ لیا گیا ہے۔ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ؕ

مؤلفہ

ابو الزاہد محمد سرفراز خان صفدر خطیب جامع مسجد گکھڑ و صدر مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

ناشر

مکتبہ صفدریہ نزد مدرسہ نصرۃ العلوم نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

۲۰

شمس فلک الشریعۃ البیضاء و بدر سماء الطریقۃ الغراء فخر الاماثل ۔ جامع الفضائل ۔
رازئ وقت ۔ غزالئ دوراں حضرت مولانا الحاج الحافظ القاری محمد طیب صاحب
دامت معالیہم مہتمم دار العلوم دیوبند

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

رسالہ نافعہ تسکین الصدور مؤلفہ حضرت مولانا محمد سرفراز خاں صاحب صفدر سے استفادہ نصیب ہوا۔ رسالہ کی وقعت وعظمت کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ مولانا سرفراز خاں صاحب کی تالیف ہے جو اپنی محققانہ اور معتدلانہ طرز تالیف میں معروف ہیں۔ تسکین الصدور حقیقت یہ ہے کہ اس موضوع کے مسائل میں تسکین الصدور ہی ہے جس سے روحی اور قلبی تسکین ہو جاتی ہے۔ جن جن مسائل پر کلام کیا گیا ہے وہ اپنی جگہ نہ صرف یہ کہ اہل السنت والجماعت کے مسلک اور مذہب منصور کے مطابق ہی نہیں بلکہ فی نفسہ اپنی تحقیقی رنگ کی وجہ سے پوری جامعیت کے ساتھ منضبط ہو گئے ہیں اور ان سے دلوں میں سرور اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔ حق تعالیٰ مؤلف ممدوح کو تمام مسلمانوں کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کے علم و عرفان اور عمل و ایمان میں روز افزوں ترقیات عطا فرمائے۔ آمین

محمد طیب مہتمم دار العلوم دیوبند

۱۷ / ۱۱ / ۸۹ھ

جامع العلوم العقلیہ والنقلیہ۔ المحدث الجلیل۔ ماہر اسماء الرجال۔ فقیہ زمان۔ حامی توحید و سنت وماحیٔ شرک و بدعت۔ رئیس المحققین حضرت مولانا محمد حبیب الرحمٰن الاعظمی دامت فیوضہم العالیہ

۱۰ ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ ۔ ۵ مارچ ۱۹۶۹ء

محب مکرم جناب الحاج مولانا محمد سرفراز خاں صاحب صفدر سلمہ اللہ تعالیٰ ودعاہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ندامت ہے کہ آپ کے نامۂ لطف و کرم کا جواب بڑی تاخیر سے روانہ کر رہا ہوں، ایک طرف سنن

إعلاء السنن

تأليف

المحدث الناقد العلام مولانا ظفر أحمد العثماني التهانوي رحمه الله

على ضوء ما أفاده

حكيم الأمة الإمام الفقيه الداعية الكبير مولانا الشيخ أشرف علي التهانوي رحمه الله

حققه وعلق عليه

محمد تقي عثماني

أستاذ الحديث بدار العلوم كراتشي

الجزء العاشر

الحج

مكتبة إمدادية
کانسی روڈ کوئٹہ

البيهقي باب زيارة قبر النبي ﷺ، واعتمد عليه جماعة من الأئمة فيها منهم الإمام أحمد. قال السبكي: وهو اعتماد صحيح اهـ. كذا في "وفاء الوفاء" (٢:٤٠٣).

السلام تيقظ ورد، لا أن روحه تقبض ثم ينفخ وتعاد، فلا إشكال أصلا. كذا في "عون المعبود" (٢:١٧٠).

فلا دلالة فيه على عدم استمرار الحياة كما زعمه بعضهم. وقد روى عبد الحق في "الأحكام الصغرى" -وقال: إسناده صحيح- عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما، قال: قال رسول الله ﷺ: «ما من أحد يمر بقبر أخيه المؤمن كان يعرفه فيسلم عليه إلا عرفه ورد عليه السلام». ورواه ابن عبد البر وصححه، كما نقله ابن تيمية. وروى ابن أبي الدنيا عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: إذا مر الرجل بقبر يعرفه فسلم عليه رد عليه السلام وعرفه، وإذا مر بقبر لا يعرفه فسلم عليه رد عليه السلام. والآثار في هذا المعنى كثيرة. وقد ذكر ابن تيمية في "اقتضاء الصراط المستقيم": أن الشهداء بل كل المؤمنين إذا زارهم المسلم وسلم عليهم عرفوا به وردوا عليه السلام. فإذا كان هذا في آحاد المؤمنين فكيف بسيد المرسلين ﷺ؟ وقد ورد التصريح بسماعه ﷺ سلام الزائر في أثر رواه جماعة عن أبي هريرة رضي الله عنه بلفظ: «من صلى علي عند قبري سمعته، ومن صلى علي نائيا بلغته». وفيه محمد بن مروان السدي الصغير وهو ضعيف، وروى نحوه الخلال من طريق البحتري وهو ضعيف جدا عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر مرفوعا بلفظ: «من صلى علي عند قبري رددت عليه، ومن صلى علي في مكان آخر بلغونيه». وتعدد الطرق يفيد القوة. قال السبكي: وسيأتي ما يدل على أنه ﷺ يسمع من يسلم عليه عند قبره ويرد عليه عالما بحضوره. وكفى بهذا فضلا حقيقا بأن ينفق فيه ملك الدنيا حتى يتوصل إليه من أقطار الأرض اهـ من "وفاء الوفاء" ملخصا (٢:٤٠٤).

ولا شك في حياته ﷺ بعد وفاته، وكذا سائر الأنبياء عليهم الصلاة والسلام أحياء في قبورهم حياة أكمل من حياة الشهداء التي أخبر الله تعالى بها في كتابه العزيز، ونبينا ﷺ سيد الأنبياء وسيد الشهداء، وأعمال الشهداء في ميزانه، وقد قال ﷺ: «علمي بعد وفاتي كعلمي في حياتي» رواه الحافظ المنذري وروى ابن عدي في "كامله" عن ثابت عن أنس رضي الله تعالى عنه قال: قال رسول الله ﷺ: «الأنبياء أحياء في قبورهم يصلون»، ورواه أبو يعلى برجال ثقات، ورواه البيهقي وصححه.

وروى ابن ماجة بإسناد جيد كما قال المنذري عن أبي الدرداء قال: قال رسول الله ﷺ:

جدید کمپیوٹرائزڈ ترتیب تصحیح شدہ ایڈیشن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سیرت رسول ﷺ پر قابل قدر اور عظیم تالیف
امت کے اکابر مؤرخین اور ارباب سیر کے علوم کا جوہر

سیرتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حصہ سوم

افادات
حضرت علامہ مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر
کتب خانہ مظہری
گلشن اقبال کراچی پاکستان
فون: ۳۹۹۲۱۷۶

سے مروی ہے کہ آں حضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہم یعنی گروہ انبیاء کے مال میں میراث نہیں، ہم جو کچھ چھوڑیں وہ سب خدا کی راہ میں صدقہ اور خیرات ہے۔

(۱) حکمت اس میں یہ ہے کہ خلق خدا کو یہ معلوم ہو جائے کہ حضرت انبیاء نے دعوت حق اور تبلیغ دین میں جو کچھ بھی محنت اور مشقت اٹھائی وہ محض خدا تعالیٰ کے لئے تھی اس سے دنیا مطلوب نہ تھی یہاں تک کہ اولاد کو بھی اس میں کوئی حصہ نہیں ملتا۔

(۲) نیز انبیاء کرام۔ امت کے حق میں روحانی باپ ہیں لہٰذا ان کا مال امت کے تمام افراد کے لئے وقف ہوگا، کسی خاص فرد کے لئے مخصوص نہ ہوگا۔

(۳) نیز حضرات انبیاء کرام۔ ہر وقت بارگاہ خداوندی میں حاضر اور مقیم رہتے ہیں اور مالک حقیقی کی مالکیت ہر وقت اُن کی نظروں کے سامنے رہتی ہے اس لئے حضرات انبیاء کرام اپنے آپ کو کسی چیز کا بھی مالک نہیں سمجھتے جیسا کہ بزرگوں کا قول ہے۔

الانبیاء لا یشھدون ملکا مع اللہ — یعنی انبیاء خدا کے سامنے کسی کی ملکیت کو نہیں دیکھتے۔

عوام کی نظروں سے مالک حقیقی کی ملکیت چونکہ پوشیدہ ہے اس لئے وہ اپنے آپ کو مالک مجازی سمجھتے ہیں مگر انبیاء کرام اپنے کو مالک مجازی بھی نہیں سمجھتے جو چیز ان کے ہاتھ میں ہوتی ہے اس کو خدا ہی کی تصور کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہم خداوند ذوالجلال کے دسترخوان پر بیٹھے ہوئے ہیں ہم کو اس سے منتفع اور مستفید ہونے کی اجازت ہے۔ اسی وجہ سے ان اموال میں انبیاء کرام پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی اور نہ وفات کے بعد ان میں میراث اور وصیت جاری ہوتی ہے۔

حیات نبوی ﷺ

تمام اہل سنت والجماعت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام وفات کے بعد اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز اور عبادت میں مشغول ہیں اور حضرات انبیاء کرام کی یہ برزخی حیات اگر چہ ہم کو محسوس نہیں ہوتی لیکن بلا شبہ یہ حیات حسی اور جسمانی ہے اس لئے کہ روحانی اور معنوی حیات تو عامہ مومنین بلکہ ارواح کفار کو بھی حاصل ہے۔

احادیث صحیحہ اور صریحہ سے ثابت ہے کہ مُردے سنتے ہیں مگر جواب نہیں دے سکتے۔ مقتولین بدر سے آپ کا خطاب فرمانا صحیحین اور تمام کتب حدیث میں مذکور اور مشہور ہے نیز حدیث میں ہے۔

ما من احد یمر بقبر اخیه المؤمن كان يعرفه في الدنيا فيسلم عليه الاعرفه ورد عليه السلام رواه ابن عبد البر صححه ابو محمد عبد الحق	جو شخص اپنے مؤمن بھائی کی قبر پر گزرے جس کو مرنے سے پہلے وہ دنیا میں پہچانتا تھا اور اس پر سلام کرے تو وہ مردہ بھی اس کو پہچانتا ہے اور اس کے سلام کا جواب دیتا ہے اس حدیث کو حافظ ابن عبد البر نے روایت کیا اور شیخ عبد الحق نے اس کو صحیح بتایا
وقال ﷺ ان المیت یعرف من یغسله و یحمله و یدلیه فی قبره رواه احمد وغیره۔[1]	نیز نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم کا ارشاد ہے کہ تحقیق میت اُس شخص کو پہچانتا ہے جو اس کو غسل دے اور اس کو اٹھائے اور اس کو قبر میں اتارے اس حدیث کو امام احمد وغیرہ نے روایت کیا۔

مسند ابی یعلیٰ میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون۔	انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز و نیاز میں مشغول ہیں [2]۔

شیخ جلال الدین سیوطی نے اس حدیث کو حسن فرمایا اور علامہ مناوی فیض القدیر شرح

---

[1] زرقانی۔ ج:۵، ص:۳۳۴

[2] شیخ الاسلام دہلوی در شرح بخاری بعد نقل احادیث حیات انبیاء می فرماید۔ ازیں احادیث معلوم شود کہ انبیاء زندہ اند در قبر بعد از وفات بحیات حسی و اجساد ایشان نیز ثابت باشند و بوسیدہ نگردند و حیات بچو حیات دنیا باشد باوجود استغناء از غذا، و با حصول قوت غذو در عالم چہ غذا از اسباب عادی است کہ در دنیا حیات بدان مشروط است و خدا تعالیٰ قادر است کہ بے آں نیز زندہ دارد و احداث و ایجاد بعضے احوال و اعراض در بدان کند کہ التفات (احتیاج بغذا مرتفع گردد۔) شرح شیخ الاسلام ص ۱۴۷ ج ۲ و کذا فی مدارج النبوۃ ص ۷۶۵ ج ۲ کتاب الانبیاء و رابعہ فقد فصل الکلام۔

جامع صغیر[۱] میں فرماتے ہیں ''ہذا حدیث صحیح'' اور علامہ سیوطی مرقاۃ الصعود حاشیہ سنن ابی داؤد میں فرماتے ہیں کہ حیاۃ انبیاء کے بارے میں احادیث درجۂ تواتر کو پہنچی ہیں اور انباء الاذکیاء بحیاۃ الانبیاء میں فرماتے ہیں۔

حیات النبی ﷺ فی قبرہ ھو وسائر الانبیاء معلومۃ عندنا علما قطعیا لما قام عندنا من الادلۃ فی ذلک و تواترت بہ الاخبار الدالۃ علی ذلک۔

نبی اکرم ﷺ کی حیات اپنی قبر مطہر میں اور تمام انبیاء کرام کی حیات اپنی اپنی قبروں میں علم قطعی اور یقینی سے معلوم ہے اس لئے کہ حیات انبیاء دلائل سے ثابت ہے اور احادیث متواتر اس پر شاہد ہیں۔

اور اس حدیث سے فقط انبیاء کرام کی حیات بیان کرنا مقصود نہیں بلکہ یہ بتلانا ہے کہ جس طرح انبیاء کرام اس حیات دنیویہ میں مشغول عبادت تھے اسی طرح اس حیات برزخیہ میں بھی مشغول عبادت ہیں بلاغت کا قاعدہ ہے کہ کلام میں آخری قید محطّ کلام ہوتی ہے لہٰذا الانبیاء احیاء فی قبورہم یصلون میں مقصود کلام صلاۃ اور عبادت فی القبر کا بیان کرنا ہے اصل حیات امر مفروغ ہے یصلون سے پہلے حیات کا ذکر محض تمہید کے لئے ہے اور مقصود یہ ہے کہ انبیاء کرام کے اجسام مطہرہ اگرچہ اس عالم سے دوسرے عالم میں منتقل ہو گئے لیکن وہی اجسام حسب سابق مشغول عبادت ہیں اور اعمال حیات اور اشغال زندگی بدستور جاری ہیں اور اعمال و اشغال میں نماز کی تخصیص اس لئے فرمائی کہ ایمان کے بعد درجہ نماز کا ہے اور نماز انبیاء کرام کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ غرض[۲] یہ کہ حضرت انبیاء کرام کی حیات جسمانی ہے محض روحانی نہیں اس لئے کہ مرنے کے بعد روحانی حیات اور سمع اور ادراک حضرت انبیاء کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ احادیث صحیحہ سے تمام افراد اور آحاد بشر کے لئے ثابت ہے اور حدیث سے مقصود انبیاء کرام کی خصوصیت اور ان کا امتیاز بیان کرنا ہے،

---

[۱] ج:۳، ص:۱۸۴ [۲] پوشیدہ نماند کہ دیدن آں حضرات انبیاء صلوات اللہ وسلامہ علیہم و تکلم آنہا چنانچہ در حدیث مذکور بوضوح پیوستہ ناظر در آں ست کہ آنہا باشخاص و اجساد دیدہ وقول مختار و مقرر جمہور ہم ایں است کہ انبیا بعد از اذاقت موت زندہ اند بحیات دنیوی۔ تیسیر القاری ص ۲۶۲ ج ۳ باب ذکر ادریس علیہ السلام یعنی مانند حیات دنیوی بلکہ حیات برزخی اوشان اعلیٰ واقوی است نہ حیات دنیویہ بمراتب کہ عقل از تصور آں قاصر است ۱۲

حدیث میں ہے کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن تم مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو کیونکہ تمہارا درود میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا۔

کیف تعرض صلاتنا علیك وقد ارمت یقولون بلیت فقال ان اللّٰہ حرم علی الارض ان تأکل اجساد الانبیاء اخرجه ابو داؤد وقال البیھقی له شواھد وقال العلامة القاری رواہ ابن حبان فی صحیحه والحاکم و صححه وقال النووی اسنادہ صحیح اھ[1]	ہمارا صلاۃ و سلام آپ پر کیسے پیش ہوگا حالانکہ وفات کے بعد آپ کا جسم بوسیدہ اور ریزہ ریزہ ہو چکا ہوگا۔ آں حضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا کہ وہ انبیاء کے اجسام کو کھائے اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا، امام بیہقی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے اور بھی شواہد ہیں اور یہ حدیث صحیح ہے۔

صحابہ کا یہ سوال اور آں حضرت ﷺ کا یہ جواب اس امر کی صریح دلیل ہے کہ حیات سے جسمانی حیات مراد ہے۔ محض روحانی حیات مراد نہیں ورنہ اگر فقط روح مبارک پر درود کا معروض ہونا مراد ہوتا تو صحابہ کرام کا یہ سوال وقد ارمت کہ آپ کا جسم تو وفات کے بعد بوسیدہ ہو جائے گا اور پھر حضور پُرنور کا یہ جواب کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر اجساد انبیاء کو حرام کر دیا ہے سب بے معنی ہو جائے محض روح پر اعمال پیش ہونے کے لئے جسم کا محفوظ رہنا ضروری نہیں آپ جواب میں یہ فرما دیتے کہ تمہیں جسم سے کیا بحث تمہارا صلاۃ وسلام تو میری روح پر پیش ہوگا محض روح پر اعمال کا پیش ہونا انبیاء کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ احادیث صحیحہ سے یہ امر ثابت ہے کہ مردے کلام وسلام کو سنتے ہیں اور بعض ایام میں ان پر اُن کے اقارب کے اعمال پیش ہوتے ہیں جیسا کہ شرح الصدور فی احوال الموتی والقبور للعلامۃ السیوطی میں اس پر مفصل کلام کیا ہے، روح متصل بالجسد پر قبر میں امت کے اعمال کا پیش ہونا یہ نبی اکرم ﷺ کی خصوصیت ہے۔ ہذا توضیح ما قالہ العلامۃ القاری فی شرح المشکوٰۃ۔[2]

اور سنن ابن ماجہ میں ابوالدرداء سے روایت ہے کہ جمعہ کے روز خاص طور پر مجھ پر کثرت

[1] مرقاۃ ج: ۲ ص: ۲۱۰ [2] ج: ۲ ص: ۲۰۹

سے درود پڑھا کرو، جمعہ کا دن یوم مشہود ہے جس میں ملائکۃ اللہ بکثرت حاضر ہوتے ہیں جو شخص بھی مجھ پر درود پڑھے گا وہ مجھ پر پیش کیا جائے گا۔ ابوالدرداء کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا۔

و بعد الموت قال ان اللّٰہ حرم علی الارض ان تأکل اجساد الانبیاء فنبی اللّٰہ حی یرزق۔ رواہ ابن ماجہ قال الدمیری رجالہ ثقات کذا فی فیض القدیر[1]	کیا بعد موت کے بھی آپ پر ہمارا درود پیش ہوگا آپ نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کے اجسام کو کھائے۔ پس اللہ کا ہر نبی قبر میں زندہ ہے اور اللہ کی طرف سے اس کو رزق دیا جاتا ہے۔

وقال الزرقانی رواہ ابن ماجہ برجال ثقات عن ابی الدرداء مرفوعاً۔ انتہیٰ زرقانی ص ۳۳۶ ج ۵

شیخ تقی الدین سبکی فرماتے ہیں کہ صدیق اکبر اور فاروق اعظم مسجد نبوی میں آواز بلند کرنے کو ناپسند فرماتے تھے اور جو شخص مسجد نبوی میں آواز بلند کرتا تو اس کو یہ فرماتے۔

لقد اٰذیت رسول اللّٰہ ﷺ فی قبرہ۔	تحقیق تو نے آواز بلند کر کے رسول اللہ ﷺ کو قبر میں ایذا پہنچائی۔

معلوم ہوا کہ صدیق اکبر اور فاروق اعظم کے نزدیک آں حضرت ﷺ قبر مبارک میں اسی جسم اطہر کے ساتھ زندہ ہیں اور جس طرح بحکم خداوندی لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ الآیہ۔ اس حیات دنیاویہ میں آپ کے سامنے بلند آواز سے بولنا ممنوع تھا اسی طرح اب اس حیات برزخیہ میں آپ کے سامنے بلند آواز سے بولنا ممنوع ہے۔

اور ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا یہ حال تھا کہ اگر مسجد نبوی کے متصل مکانات اور دیوار میں کسی کیل اور میخ ٹھوکنے کی آواز حجرۂ نبوی تک پہنچتی تو عائشہ صدیقہ فوراً اس کے پاس یہ کہلا کر بھیجتیں۔

لا تؤذوا رسول اللّٰہ ﷺ۔	رسول اللہ ﷺ کو کیل اور میخ ٹھوکنے کی آواز سے تکلیف مت پہنچاؤ۔

[1] فیض القدیر۔ ج:۲، ص:۸۷

شیخ سبکی فرماتے ہیں کہ تمام صحابہ کرام اور سلف صالحین کا یہی عمل تھا کہ آپ کے ادب اور تعظیم میں مسجد نبوی میں آواز بلند نہیں کرتے تھے (کما قال تعالیٰ اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی)

سیّد الملائکۃ المقربین سیّدنا جبریل امین ایک مرتبہ حضور پُرنور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بصد ادب آپ کے سامنے دوزانو بیٹھ کر عرض کیا۔ اَدْنُو منك یارسول اللہ اجازت ہو تو آپ سے قریب ہو جاؤں۔ آپ نے اجازت دی جبریل امین نے حضور پُرنور کے دونوں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر آہستہ آواز سے عرض معروض کی۔

اور علیٰ ہذا مرض الوفات میں جب ملک الموت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو بصد ادب و نیاز۔ پست آواز سے قبض روح کی اجازت چاہی۔ شفاء السقام ص ۱۵۴ و یؤیدذالک ما قال تعالیٰ اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرَاتِ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ۔

اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

من صلّی عَلَیَّ عند قبری سمعته و من صلّی عَلَیَّ نائیا بلغته	جو شخص میری قبر کے قریب سے مجھ پر درود پڑھتا ہے اُسے میں خود سنتا ہوں اور جو دور دراز سے مجھ پر درود پڑھتا ہے وہ مجھ کو بذریعہ فرشتوں کے پہنچادیا جاتا ہے۔

اور ظاہر ہے کہ قرب اور بعد کا یہ فرق حیات جسمانی کے اعتبار سے ہے نہ کہ حیات روحانی کے اعتبار سے۔

علامہ مناوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں۔

و ذلك لان لروحه تعلقا بمقر بدنه الشریف و حرام علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء فحاله کحال النائم الذی ترقی روحه بحسب	اور وجہ اس کی یہ ہے کہ آپ کی روح مبارک کو آپ کے جسد اطہر کے مستقر یعنی قبر شریف کے ساتھ تعلق ہے اور زمین پر انبیاء کرام کے اجسام کو کھانا قدرۃً ممنوع ہے، پس قبر شریف میں آپ کا حال ایسا

قواھا ماشاء الله له بحسب قدره عند الله فی الملکوت الا علی ولها بالبدن تعلق و لذا اخبر بسماعه صلاۃ المصلی علیه عند قبره وذا لا ینافیه مامرفی خبره حیث ما کنتم فصلوا علی من ان معناه لا تتکلفوا المعاودة الی قبری فان صلاتکم تبلغنی حیث کنتم ما ذالك الا لان الصلاۃ فی الحضور مشافهة افضل من الغیبة لکن المنهی عنه هو الاعتیاد الرافع للحشمة المخالف لکمال الصیبة والا جلال اهـ

ہے جیسے سونے والے کا حال ہوتا ہے کہ اس کی روح کو عروج ہوتا ہے جس قدر جس درجہ اللہ کے یہاں اس کا مرتبہ ہوتا ہے اسی قدر اس کو عالم ملکوت میں عروج ہوتا ہے اور باوجود اس کے اس کی روح کو اس کے بدن سے تعلق رہتا ہے اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ نے خبر دی ہے کہ جو میری قبر کے قریب سے مجھ پر صلاۃ وسلام پڑھے گا اس کو میں خود سنوں گا اور یہ حدیث مذکور اس حدیث کے منافی نہیں کہ جس میں یہ آیا ہے کہ تم جہاں بھی ہو مجھ پر درود بھیجا کرو اس لئے کہ اس حدیث کے معنی یہ ہیں کہ بار بار میری قبر پر حاضری کی مشقت اور کلفت مت اٹھاؤ تمہارا درود سلام مجھ کو ہر جگہ سے پہنچے گا۔

جس سے معلوم ہوا کہ حاضر ہو کر بالمشافہ صلاۃ وسلام۔ غائبانہ صلاۃ وسلام سے افضل ہے۔ البتہ ایسی بار بار حاضری جس سے بارگاہ نبوت کی عظمت وہیبت میں کمی آجائے اس کو منع فرمایا۔ اور مسند بزار میں بسند جید عبداللہ بن مسعود سے مرفوعاً مروی ہے کہ امت کے اعمال آپ پر پیش ہوتے ہیں اور آپ ان کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔[2]

ان تمام روایات سے یہ امر بخوبی واضح ہو گیا کہ نبی اکرم ﷺ اور دیگر انبیاء کرام قبروں میں زندہ ہیں اور ان کے اجسام مبارکہ بوسیدہ اور بالیدہ ہونے سے محفوظ ہیں اور وفات کے بعد عبادات سے معطل نہیں بلکہ نمازیں پڑھتے ہیں اور حج کرتے ہیں اور اللہ کی طرف سے اُن کو رزق ملتا ہے اور مزار مبارک پر جو شخص حاضر ہو کر صلاۃ وسلام پڑھتا ہے اس

[1] فیض القدیر ج:۶ ص:۱۷۰ [2] زرقانی ج:۵ ص:۳۳۷

کو خود سنتے ہیں اور امت کے اعمال آپ پر قبر ہی میں پیش کیے جاتے ہیں یہ تمام امور اس امر کی قطعی دلیل ہیں کہ حضرات انبیاء کی حیات جسمانی ہے اور ارواح طیبہ کا اجسام مبارکہ سے تعلق قائم ہے غرض یہ کہ انبیاء کرام کی حیات دلائل قطعیہ سے ثابت ہے اور یہ امر بدیہی ہے کہ امت نے جسد اطہر کو وفات کے بعد قبر شریف میں ودیعت رکھا ہے اور شریعت نے مزار مبارک کی زیارت کی تاکید کی ہے اور قبر مبارک ہی میں امت کے اعمال پیش ہوتے ہیں اور قبر مبارک ہی میں آپ نماز ادا فرماتے ہیں اور قبر مبارک ہی میں آپ کو اللہ کی طرف سے رزق پہنچتا ہے اور اجسام مبارکہ کا قبروں میں دفن کیا جانا مشاہدہ اور معائنہ سے ثابت ہے جس میں کسی شک اور شبہ کی گنجائش نہیں اور اجساد مطہرہ کا قبور سے دوسری جگہ منتقل ہونا کہیں ثابت نہیں اور احادیث متواترہ سے انبیاء کرام کی جو حیات ثابت ہے وہ حیات فی القبور ہے نہ کہ حیات فی السموات [1]

اور قبور میں اجسام ودیعت رکھے گئے ہیں تو ثابت ہو گیا کہ انبیاء کرام کی حیات جسمانی ہے اور روح کا اصل تعلق اجسام سے قبروں میں ہے۔ غرض یہ کہ ان روایات سے یہ امر خوب واضح ہو گیا کہ وفات کے بعد نبی اکرم ﷺ کا اصل [2] مستقر قبر مبارک ہے کہ جہاں آپ کا جسد اطہر محفوظ ہے نہ کہ آسمان اور اسی مقام پر آپ کی روح مبارک کا جسد اطہر سے تعلق ہے اور اسی جگہ آپ پر امت کے اعمال پیش ہوتے ہیں اور بایں ہمہ آپ کی روح مبارک کو عالم علوی سے بھی تعلق ہے لہٰذا اگر آپ کی روح مبارک سیر و تفریح کے لئے اعلیٰ علیین اور ملکوت السموات والارض میں باذن خداوندی جہاں چاہے جائے تو وہ اس کے منافی نہیں حق تعالیٰ شانہ کو اختیار ہے کہ اپنے برگزیدہ بندہ کو جہاں چاہے سیر کرائے اور امور آخرت اور احوال برزخ کو احوال دنیا پر قیاس کرنا نادانی ہے۔

علامہ قاری شرح شفاء میں لکھتے ہیں [3]

المعتقد المعتمد انه ﷺ حی فی قبره كسائر الانبياء فی	وہ عقیدہ جس پر سلف و خلف کا اعتماد ہے وہ یہ کہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم اپنی قبر

[1] جذب القلوب۔ ص: ۲۰۴ [2] قال الحافظ فی الفتح ج ۳ ص ۳۲۹ واما اجسادهم فهی فی القبور فتح الباری باب التلبية اذا انحدر فی الوادی۔ [3] ج: ۲، ص: ۱۴۲۔

قبورهم وهم احياء عند ربهم وان لا رواحهم تعلقا بالعالم العلوى والسفلى كما كانوا فى الحال الدنيوى فهم بحسب القلب عرشيون و باعتبار القالب فرشيون والله سبحانه اعلم با حوال ارباب الكمال هذا شرح شفاء[1]

میں زندہ ہیں جیسے دوسرے انبیاء کرام خدا تعالیٰ کے نزدیک زندہ ہیں اور اُن کی ارواح طیبہ کو بیک وقت عالم علوی اور عالم سفلی دونوں سے تعلق ہے جیسا کہ دنیوی زندگی میں دونوں عالم سے تعلق تھا یعنی وفات کے بعد بھی اسی طرح دونوں عالم سے تعلق قائم ہے قلب کے اعتبار سے عرشی اور قالب کے اعتبار سے فرشی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی ارباب کمال کے احوال کو خوب جانتے ہیں۔

در نیابد حال پختہ ہیچ خام　　پس سخن کوتاہ باید والسلام

حضرات انبیاء کرام بلاشبہ اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز و نیاز میں مشغول ہیں لیکن شب معراج میں۔ انبیاء کرام کو نبی اکرم ﷺ کی ملاقات کے لئے مسجد اقصیٰ میں جمع کر دیا گیا اور پھر جس کو چاہا آسمانوں پر بھی بلایا اور ظاہر یہی ہے کہ انبیاء کرام کی یہ ملاقات روح اور جسم دونوں کے ساتھ تھی جیسا کہ شیخ نور الحق دہلویؒ نے تیسیر[2] القاری شرح[3] بخاری میں لکھا ہے[4] یہ بھی ممکن ہے۔ کہ شب معراج میں انبیاء کرام کے اصل اجسام مبارکہ تو قبر میں مقیم ہوں اور مسجد اقصیٰ میں آپ کی ملاقات کے لئے ان کی ارواح مبارکہ کو اُن کے اجسام عنصریہ کے ہم شکل بنا کر جمع کیا گیا ہو مگر ظاہر اور متبادر یہی ہے کہ حضرات انبیاء ان ہی ابدان دنیویہ کے ساتھ جو اُن کی قبروں میں محفوظ اور صحیح سالم ہیں آپ کی ملاقات کے لئے

---

[1] پوشیدہ نماند کہ دیدن آنحضرت ﷺ انبیاء را صلوات اللہ وسلامہ علیہم وتکلم آنہا چنانکہ در حدیث مذکور بوضوح پیوستہ ناظر دراں است کہ آنہا باشخاص واجساد دیدہ وقول مختار ومقرر جمہور انیست کہ انبیاء بعد از اقت موت زندہ اند بحیات دنیوی کذا فی تیسیر القاری ص۳۱۲ ج۳ باب ذکر ادریس علیہ السلام یعنی حیات انبیاء در برزخ مانند حیات دنیوی است بلکہ حیات برزخی آں بزرگان اعلیٰ واقوی است از حیات دنیویہ بمراتب کہ عقل از تصور آن قاصر است ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ

[2] ج:۲،ص:۱۴۲　[3] ص:۳،ص:۲۶۳　[4] حافظ عسقلانی فتح الباری ص۱۶۶ ج۲ باب المعراج میں لکھتے ہیں واستشکل رویۃ الانبیاء فی السموات مع ان اجسادھم مستقرۃ فی قبورھم بالارض واجیب بان ارواحھم تشکلت بصور اجسادھم او احضرت اجسادھم لملاقاۃ النبی ﷺ تلک اللیلۃ تشریفا وتکریما ویویدہ حدیث عبد الرحمن بن ہاشم عن انس ففیہ وبعث لہ آدم ومن دونہ عن الانبیاء اھ

جمع ہوئے ہوں قدرت قدیمہ کے لحاظ سے لقاء، روحانی وجسمانی اور زمینی اور آسمانی اور ہر قسم کا نقل مکانی سب برابر ہیں محض استبعاد طبعی سے احادیث نبویہ کو رد کرنا بے عقلی اور بے دینی کی دلیل ہے باقی اصل حقیقت اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے کہ کس کیفیت اور کس شان سے ملاقات ہوئی۔ کس نکشاد ونکشاید بحکمت ایں معمارا۔

حدیث میں ہے کہ مومن کی قبر کشادہ کر دی جاتی ہے اور جنت کا باغ بنادی جاتی ہے۔ پس اگر روضۂ اقدس کو نمونۂ فردوس بریں اور رشک علیین بنا دیا جائے تو کیا استبعاد ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایام محاصرہ میں عرض کیا گیا کہ شام چلے جائیں تا کہ وہاں اس فتنہ اور بلاء سے محفوظ ہو جائیں تو یہ فرمایا کہ میں دار ہجرت (مدینہ منورہ) اور آں حضرت ﷺ کے قرب اور مجاورت کو نہیں چھوڑ سکتا۔

ایک مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے مکان کے کواڑ بنوائے تو یہ حکم دیا کہ یہ کواڑ مدینہ سے باہر لے جا کر بنائے جائیں تا کہ اُن کے بنانے کی آواز مسجد نبوی میں نہ آئے اور اس آواز کی وجہ سے حضور پُر نور کو تکلیف نہ ہو (زرقانی شرح مواہب ص ۳۰۴ ج ۸ و شفاء السقام ص ۱۷۳)

ابونعیم وغیرہ سعید بن مسیب سے روایت کرتے ہیں کہ جن ایام میں واقعۂ حرہ پیش آیا مسجد نبوی میں میرے سوا کوئی متنفس نہ تھا ان ایام میں جب نماز کا وقت آ جاتا تو میں قبر مبارک سے اذان کو سنتا اس کے مطابق نماز ادا کرتا۔ تین دن تک مسجد نبوی میں نماز نہیں ہوئی۔ میں قبر مبارک سے اذان کی آواز سن کر نماز پڑھتا تھا، (زرقانی شرح مواہب ص ۲۳۲ ج ۵)

یہ واقعہ بھی اس کی دلیل ہے کہ روح مبارک کا اسی جسد اطہر سے تعلق قائم ہے کہ جو روضۂ اقدس میں ودیعت رکھا گیا ہے سید سمہودی وفاء الوفاء باب ثامن کی فصل ثانی ص ۴۰۷ ج ۲ میں لکھتے ہیں۔

و اما ادلة حياة الانبياء فمقتضاها حياة الابدان كحالة الدنيا مع الاستغناء عن الغذاء و مع قوة النفوذ في العالم وقد اوضحنا المسئلة في كتابنا المسمى	حیاۃ انبیاء کے تمام دلائل کا مقتضی یہ ہے کہ حضرات انبیاء اپنے ابدان اور اجساد مطہرہ کے ساتھ زندہ ہیں جس طرح دنیا میں ابدان کے ساتھ زندہ تھے یعنی یہ کہ آپ کی حیات برزخیہ حیات جسمانی ہونے میں حیات دنیویہ کے

بالوفا لما لحضرة المصطفی ﷺ اھ

مماثل اور مشابہ ہے فرق یہ ہے کہ عالم برزخ میں باوجود حیات جسمانی ہونے کے غذاء سے مستغنی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے نفوذ کی قوت عطا فرمائی ہے اور ہم نے اس مسئلہ کی پوری توضیح اپنی کتاب الوفاء میں کی ہے۔اھ

اور عہد صحابہ وتابعین سے لے کر اس وقت تک اُمت کے تمام علماء وصلحاء کا یہ عمل رہا ہے کہ جو شخص زیارت نبوی کے لئے جاتا ہے اس کے واسطہ سے حضور پُرنور کی خدمت میں ہدیہ سلام بھیجتے ہیں اور بہت سے اولیاء اُمّت نے جب حضور پُرنور پر سلام پڑھا ہے تو حجرۂ مبارکہ میں سے وعلیک السلام کی آواز اپنے کانوں سے سُنی ہے۔(فیض القدیر ص ۴۷۹ ج ۲۔)

جان می دہم در آرزو اے قاصد آخر باز گو
در مجلس آن نازنین حرفے کہ از ما می رود

یہ اس امر کی صریح دلیل ہے کہ روح مبارک کو جسم اطہر کے ساتھ اسی قبر منور میں تعلق ہے اسی جگہ سلام پڑھا جاتا ہے اور اسی جگہ سے جواب سنا جاتا ہے۔

ایک شبہ اور اس کا جواب

شبہ یہ ہے کہ قرآن کریم صراحۃً آپ کی موت کے متعلق ناطق ہے اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّ اِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ اور حضور پُرنور کا ارشاد ہے انی رجل مقبوض اور صدیق اکبر نے وفات کے دن یہ خطبہ دیا فان محمد اقدمات جس کو تمام صحابہ نے تسلیم کیا۔ پھر حیات نبوی کے کیا معنی۔

جواب

آں حضرت ﷺ نے بحکم كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ تھوڑی دیر کے لئے موت کا مزہ چکھا اور پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو زندہ کر دیا اور زمین پر آپ کے جسم کو کھانا حرام کیا پس آپ

جدید کمپیوٹر کتابت کے ساتھ

خیر الفتاوی

جلد اوّل

حضرت مولانا خیر محمد جالندھری نوّر اللہ مرقدہٗ

ودیگر مفتیان خیر المدارس کے علمی وتحقیقی فتاوی کا منتخب مجموعہ

باہتمام

حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہٗ

مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان

مرتبہ

حضرت مولانا مفتی محمد انور مدظلہٗ

ناشر

مکتبہ امدادیہ ملتان، پاکستان

۹۴

حیاۃ النبی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم

کے بارے میں عالم اسلام کی مرکزی اسلامی درسگاہ "دار العلوم دیوبند" کا مکمل مدلل اور جامع فتوی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل میں۔

کیا علمائے دیوبند اور جمہور اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ ہے کہ سردارِ دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے روضۂ شریف میں دنیا کی سی زندگی کے ساتھ زندہ ہیں ؟

◎

الجواب

پہلے یہ سمجھنا چاہئے کہ مسئلہ مستفسرہ میں بزرگانِ دیوبند کا مسلک بالکل صاف اور واضح ہے اور اس سے قبل بھی بار بار اس کی اشاعت ہو چکی ہے۔ نیز علماءِ دیوبند کی مختلف اور متعدد تصانیف میں مکرر سہ کرر اسے بیان فرمایا گیا ہے اور وہ کتابیں عام و خاص میں مشہور ہیں مثلاً۔

۱ : آبِ حیات ۔ ۲ - جمالِ قاسمی ۔ ۳ : نشر الطیب ۔ ۴ : الشہاب الثاقب ۔
۵ : المصالح العقلیہ ۔ ۶ : فیض الباری ۔ ۷ : المہند علی المفند ۔ ۸ : تسکین الصدور۔
۹ : متفقہ اعلان ۔ ۱۰ : اور مقامِ حیات وغیر ذلک ۔

پھر مسئلہ کے آخری حل اور تصفیہ کے لئے ۱۸ محرم ۱۳۸۲ھ بمطابق ۲۲ جون ۱۹۶۲ء کو راولپنڈی میں حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ کی زیرِ سرپرستی فریقین کے ذمہ داروں نے درج ذیل عبارت پر بھی دستخط فرمائے ہیں۔

" وفات کے بعد نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اطہر کو برزخ (قبر شریف) میں بہ تعلق روح حیات حاصل ہے اور اس حیات کی وجہ سے روضۂ اقدس پر حاضر ہونے والوں کا آپ

۹۵

صلوٰۃ و سلام سنتے ہیں "۔

اس صاف اور صریح عبارت پر اقراری دستخط کے باوجود اصل اور اجماعی مسئلہ سے انحراف جہاں امانت و دیانت کی دنیا میں حیرت فزا ہے وہیں باعث صد افسوس بھی ہے۔ افیا للعجب و یا حسرتاہ۔

پھر یہ المیہ اس وقت مزید دوچند ہو جاتا ہے۔ جب باہمی اتحاد و اتفاق، عزت و احترام کے بجائے تشتت و افتراق، نزاع و جدال اور طعن و تشنیع کا طریقہ اختیار کیا جائے جو عزتِ نفس اور شرافتِ ضمیر کے قطعاً قطعاً منافی ہے۔ فالی اللہ المشتکی۔ خدا اصلاحِ اعمال کی توفیق بخشے۔

این دعا از من و از جملہ جہان آمین باد

اس تمہید کے بعد اصل جواب ملاحظہ فرمائیں۔

ا : جی ہاں عام اہل السنۃ والجماعۃ کا قرآن و حدیث کی روشنی میں اجماعی عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، اسی طرح دیگر تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام قبروں میں اجسادِ عنصریہ کے ساتھ حیات ہیں۔ اور یہ حیاتِ برزخی حیاتِ دنیوی سے کم نہیں ہے اور تلذذاً نماز و دیگر عبادات میں مشغول ہیں۔ یہ حیاتِ برزخی اگرچہ ہم کو محسوس نہیں ہوتی۔ لیکن بلاشبہ یہ حیات حسی اور جسمانی ہے اس لئے کہ روحانی اور معنوی حیات تو عامۂ مؤمنین بلکہ ارواحِ کفار کو بھی حاصل ہے۔

امت کا یہ اجماعی عقیدہ اصولِ شریعت کتاب و سنت اور اجماعِ امت سے ثابت ہے۔ چنانچہ ادلۂ ثلاثہ پیش ہیں، ملاحظہ فرمائیں۔

عقیدۂ حیات الانبیاء قرآن حکیم میں

قرآن حکیم میں بیشتر مقامات پر حیات الانبیاء کا ثبوت (اشارۃً، دلالۃً، اقتضاءً) ملتا ہے۔ ان سب کا احصار مشکل بھی ہے اور موجبِ طول بھی۔ اس لئے اختصار کی غرض سے چند آیتوں کے ذکر پر اکتفاء کیا جا رہا ہے۔

ا : واسئل من ارسلنا من قبلك من رسلنا اجعلنا من دون الرحمٰن الٰهة يعبدون (زخرف ۲۵)

آیت کی تفسیر میں مفسرین نے یہ فرمایا ہے کہ اس آیت سے انبیاء علیہم السلام کی حیات پر استدلال کیا گیا ہے۔ چنانچہ محدث العصر حضرت مولانا سید انور شاہ صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

يستدل به على حياة الانبياء

(مشکلات القرآن، ص ۲۳۴۔ وھکذا فی الدر المنثور ج ۶ ص ۱۶۔ روح المعانی ج ۲۵ ص ۸۔ جمل ج ۴ ص ۸۹۔ شیخ زادہ ج ۳ ص ۲۹۳۔ خفاجی ج ۷ ص ۴۴۴)۔

۹۶

۲ : ولقد اٰتینا موسٰی الکتاب فلا تکن فی مریۃ من لقائہ (الم سجدہ پ۲۱)۔
حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا ہے "معراج کی رات ان سے ملے تھے اور بھی کئی بار" (موضح القرآن)۔
اور ملاقات بغیر حیات ممکن نہیں لہذا اقتضاء النص سے حیاتِ انبیاءؑ کا ثبوت ہوتا ہے۔ یہاں اصولِ فقہ کا یہ مسئلہ بھی پیشِ نظر رہنا چاہئے کہ جو حکم اقتضاء النص سے ثابت ہوتا ہے وہ بحالت انفراد قوت واستدلال میں عبارۃ النص کے مثل ہوتا ہے۔

۳ : ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون (البقرۃ)۔

۴ : بل احیاء عند ربھم یرزقون فرحین بما اٰتاھم اللہ من فضلہ (اٰل عمران)۔

ان دونوں آیتوں کے بارے میں حافظ ابن حجر عسقلانی رح نے فرمایا ہے کہ۔

واذا ثبت انھم احیاء من حیث النقل فانہ یقویہ من حیث النظر کون الشھداء احیاء بنص القراٰن والانبیاء افضل من الشھداء۔
(فتح الباری: ج۶، ص۳۷۹)

" جب نقل کے اعتبار سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ شہداء زندہ ہیں تو عقل کے اعتبار سے بھی یہ بات پختہ ہوجاتی ہے کہ شہداء زندہ ہیں اور حضرات انبیاء علیہم السلام تو شہداء سے بہرحال افضل ہیں "

غور فرمائیے! حافظ الدنیا کس قدر قوت کے ساتھ آیتِ کریمہ سے دلالۃ النص یعنی درجۂ اَولویّت سے حیات الانبیاء کو ثابت فرما رہے ہیں۔

۵ : فلما قضینا علیہ الموت ما دلھم علیٰ موتہ الا دآبۃ الارض تأکل منسأتہ۔ (سبا، پ۲۲)۔

اس آیت سے بھی دلالۃ النص سے حیات الانبیاء کا عقیدہ ثابت ہوتا ہے اس لئے کہ جب کیڑوں نے مضبوط اور سخت ترین عصاءِ سلیمانی کو کھالیا تو جسم عنصری کا کھالینا اس سے کہیں سہل تھا۔ اس کے باوجود جسم کا ٹکا رہنا بلکہ محفوظ رہنا حیات کی صریح دلیل ہے۔

۹۷

حیات الانبیاء احادیث شریفہ کی روشنی میں

۱: حضرت انس بن مالک رضؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون ۔ (شفاء السقام : ص ۱۳۴) حیات الانبیاء للبیہقی)
حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں ۔
علامہ سبکی رحمہ اللہ اس حدیث کی سند کو نقل کرکے اس کے رواۃ کی توثیق کرتے ہیں اور اس کو صحیح قرار دیتے ہوئے اس سے استدلال کرتے ہیں ۔ یہ روایت بدوں سند خصائص الکبریٰ ص۲۸۱ میں ، اور مسند ابویعلی کے پہلے راوی کے علاوہ بقیہ رواۃ کے ساتھ فتح الباری ج ۶ ، ص۳۵۲ اور فتح الملہم ج ۱ ص۳۲۶ میں بھی مذکور ہے ۔

حدیث شریف کی صحت کے متعلق علماء اسماء رجال کی تفصیلی آراء

حافظ ابن حجر عسقلانی رح فرماتے ہیں کہ وصححہ البیہقی
(فتح الباری : ج ۶ : ص۳۵۲) ۔ محدث العصر حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔
و وافقہ الحافظ فی المجلد السادس ۔ (فیض الباری : ج ۲ : ص۶۴) ۔
نیز علامہ عثمانی رح بھی اس کی تائید کرتے ہیں ۔ (فتح الملہم ج۱: ص۳۲۹)
علامہ ہیثمی رح فرماتے ہیں کہ " رجال ابی یعلی ثقات " (مجمع الزوائد : ج۸ ص۲۱۱) ابویعلی کی سند کے سب راوی ثقہ ہیں ۔
علامہ عزیزی لکھتے ہیں " وھو حدیث صحیح ۔ یہ حدیث صحیح ہے ۔ (السراج المنیر ج۲ ص۱۳۴) ۔
ملا علی قاری رح لکھتے ہیں ۔ صح خبر الانبیاء احیاء فی قبورھم (مرقاۃ : ج ۲ : ص۲۱۲) ۔
الانبیاء احیاء فی قبورھم کی حدیث صحیح ہے ۔
علامہ عبدالرؤف مناوی لکھتے ہیں کہ ۔ ھذا حدیث صحیح ۔ (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر ج ۳ ص۱۸۴) ۔
یہ حدیث صحیح ہے ۔
شیخ عبدالحق محدث دہلوی رح فرماتے ہیں ۔
ابویعلی بہ نقل ثقات از روایت انس بن مالک رضؓ آوردہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الانبیاء احیاء فی قبورہم یصلون ۔ (مدارج النبوت : ج ۲ : ص۴۴۷)
امام ابویعلی ثقہ راویوں کی نقل سے حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرات انبیاء علیہم السلام زندہ ہیں اور اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں ۔

۹۸

قاضی شوکانی رح لکھتے ہیں۔

" انہ صلی اللہ علیہ وسلم حی فی قبرہ و روحہ لا تفارقہ لما صح ان الانبیاء احیاء فی قبورھم (تحفۃ الذاکرین شرح حصن حصین : ص۲۸)۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں اور آپ کی روح آپ کے جسم مبارک سے جدا نہیں ہوتی، کیوں کہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں "

اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں

" وقد ثبت فی الحدیث ان الانبیاء احیاء فی قبورھم رواہ المنذری وصححہ البیہقی (نیل الاوطار : ج ۳ : ص۲۱۴)۔

بلا شبہ حدیث سے ثابت ہو چکا ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ علامہ منذریؒ نے یہ روایت بیان کی ہے اور امام بیہقی رح نے اس کی تصحیح کی ہے

علامہ سید سمہودی رح لکھتے ہیں۔ رواہ ابویعلی برجال ثقات ورواہ البیہقی وصححہ

(وفاء الوفاء : ج ۲ ص ۴۰۵)

ابو یعلی نے ثقہ راویوں سے یہ روایت کی ہے اور امام بیہقی رح نے اس کو صحیح سند سے روایت کیا ہے۔

اور حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ : اور یہ حدیث کہ انبیاء اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں صحیح ہے۔ (فضائل درود ص۳۷)

آپ نے ملاحظہ کر لیا کہ امام ابو یعلی کے طریق سے جو روایت ہے اس کے تمام راوی ثقہ اور ثبت ہیں اور جمہور محدثین کرام اس کی تصحیح کرتے ہیں۔ کسی حدیث کے صحیح ہونے کے لئے اصول حدیث میں اس سے زیادہ قوی دلیل اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کے سب راوی ثقہ ہوں اور جمہور محدثین کرام اس کی تصحیح پر متفق ہوں۔

۲ : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے

ما من احد یسلم علیّ الا رد اللہ علیّ روحی حتی ارد علیہ السلام۔

(ابو داؤد : ج ۱ : ص۲۷۹ واللفظ لہ۔ مسند احمد : ج ۲ : ص۵۲۷)

کوئی شخص ایسا نہیں جو مجھ پر سلام کہتا ہو مگر یہ کہ اللہ تعالےٰ میری روح مجھ پر لوٹا دیتا ہے یہاں تک کہ میں اس کا جواب دیتا ہوں "

۹۹

حدیث کی صحت کے متعلق مُحدّثینِ کرام کی آراء امام سبکی رح فرماتے ہیں کہ وھو اعتماد صحیح ۔ (شفاء السقام : ص۱۵۰) ۔ (امام ابوداؤد اور امام احمد نے اس روایت پر اعتماد کیا ہے) اور یہ اعتماد صحیح ہے ۔

—— حافظ ابن حجر رح فرماتے ہیں کہ " رواتہ ثقات " ۔ (فتح الباری : پ۳، ص۲۰۹) ۔

—— علامہ عزیزی رح لکھتے ہیں کہ " اسنادہ حسن " ۔ (السراج المنیر : ج۳، ص۲۷۹) ۔

—— حافظ ابن کثیر رح فرماتے ہیں " صححہ النووی فی الاذکار " (تفسیر ابن کثیر ج۳، ص۵۱۵) ۔

—— امام نووی رح فرماتے ہیں " بالاسناد الصحیح " ۔ (کتاب الاذکار ص۱۰۶) ۔

—— حافظ ابن تیمیہ رح لکھتے ہیں " وھو حدیث جیّد " ۔ (فتاوی ابن تیمیہ ج۴ ص۳۱۱) ۔

—— علامہ زرقانی رح فرماتے ہیں " باسناد صحیح " ۔ (زرقانی شرح مواھب ج۸ ص۳۰۸) ۔

—— اور نواب صدیق حسن خان صاحب لکھتے ہیں " قال النووی فی الاذکار اسنادہ صحیح وقال ابن حجر رواتہ ثقاۃ " ۔ (دلیل الطالب : ص۸۲۳) ۔

—— علامہ سمہودی رح فرماتے ہیں " رواہ ابوداؤد بسند صحیح " ۔ (وفاء الوفاء ج۲ ص۴۰۴)

—— علامہ انور شاہ صاحب رح اور علامہ عثمانی رح فرماتے ہیں کہ " رواتہ ثقاۃ " ۔ (عقیدۃ الاسلام : ص۵۲ ؛ وفتح الملھم : ج۱ : ص۳۳) ۔

—— امام سخاوی رح فرماتے ہیں ۔ روی احمد وابوداؤد والطبرانی والبیھقی باسناد حسن بل صححہ النووی فی کتاب الاذکار وغیرہ ۔ (القول البدیع ص۱۱۱)

—— اور علامہ محمد بن النابجی البوسنوی رح فرماتے ہیں ۔

قال النووی فی الاذکار و ریاض الصالحین اسنادہ صحیح وصححہ ایضاً ابن القیم ۔ (ھامش حیاۃ الانبیاء للبیھقی ، ص۶) ۔

اصولِ حدیث کی رو سے یہ روایت بالکل حسن اور صحیح ہے اور اس کے جملہ راوی ثقہ ہیں جیسا کہ آپ نے باحوالہ پڑھ لیا ۔ اور محدثینِ کرام کی خاصی جماعت اس کی تحسین و تصحیح کرتی ہے ۔

۳ : حضرت اوس رض بن اوس سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔

" ان من افضل ایامکم یوم الجمعۃ فیہ خلق آدم وفیہ قبض وفیہ النفخۃ وفیہ الصعقۃ فاکثروا علی من الصلوۃ فیہ فان صلوتکم معروضۃ علی قال قالوا وکیف تعرض صلوتنا علیک وقد أرمت قال

یقولون بلیت فقال ان اللہ حرم علی الارض ان تأکل اجساد الانبیاء۔

(ابوداؤد: ج ۱، ص ۱۵۰، واللفظ لہ والدارمی، ص ۱۹۵، والنسائی: ج ۱، ص ۱۵۴، والمستدرک: ج ۱، ص ۲۷۸، ج ۴، ص ۵۶۰، موارد الظمآن، ص ۱۴۶، وابن ماجہ ص ۷۷، سنن کبریٰ: ج ۳، ص ۲۴۹، ابن ابی شیبہ: ج ۲، ص ۵۱۶)۔

بے شک تمہارے افضل ترین دنوں میں سے ایک جمعہ ہے۔ اسی میں حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے اور اسی میں ان کی وفات ہوئی اور اسی میں نفخۂ اولیٰ ہوگا اور اسی میں نفخۂ ثانیہ ہوگا۔ پس تم جمعہ کے دن بکثرت مجھ پر درود پڑھا کرو۔ کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابۂ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح ہمارا درود آپ پر پیش کیا جائے گا جب کہ آپ ریزہ ریزہ ہوچکے ہوں گے؟

آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے زمین پر حضراتِ انبیاءِ کرام علیہم السلام کے اجساد حرام کر دیئے ہیں (یعنی زمین ان کو کھا نہیں سکتی)۔

اس حدیث کی صحت اور محدثینِ عظام کے اقوال

اس حدیث کے بارے میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ وصححہ ابن خزیمۃ وغیرہ۔ (فتح الباری: پ ۱۳: ص ۲۷۹)۔

____ حافظ ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ ومن تأمل فی ھذا الاسناد لم یشک فی صحتہ لثقۃ رواتہ وشہرتھم وقبول الائمۃ حدیثھم۔ (جلاء الافہام ص ۶۳)

____ اور یہی الفاظ اس موقعہ پر علامہ ابن الہادی کے ہیں۔ (الصارم المنکی: ص ۴۵)

____ علامہ عینی رحمہ اللہ لکھتے ہیں۔ صح عنہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الارض لا تأکل اجساد الانبیاء: (عمدۃ القاری: ج ۶: ص ۷۹)

____ حافظ ابن القیم رحمہ اللہ ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں۔

قد صح عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان الارض لا تأکل اجساد الانبیاء (کتاب الروح)

____ علامہ سندری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ "انہ حسن"۔ (القول البدیع ص ۱۱۹)

____ اور علامہ عبدالغنی النابلسی لکھتے ہیں۔ "انہ حسن صحیح"، (ترجمان السنۃ: ج ۳، ص ۲۹۷)۔

____ اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ حدیث صحیح (مدارج النبوت ج ۲، ص ۴۵۰)

____ علامہ انورشاہ کشمیری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ فانہ صح عنہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال

ان اللہ عزوجل حرم علی الارض ان تأکل اجساد الانبیاء ۔ (خزائن الاسرار ص۱۹)

اصولِ حدیث کے اعتبار سے یہ روایت بھی بالکل صحیح بلکہ امام حاکمؒ اور علامہ ذہبیؒ دونوں نے اس حدیث کو صحیح علی شرط البخاری کہا ہے ۔ اور ایک دوسرے مقام پر دونوں نے صحیح علی شرط الشیخین کہا ہے ۔ (مستدرک حاکم ، ص ۵۶۰) ۔

۴ : حضرت ابوالدرداء رضؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک طویل حدیث میں) ارشاد فرمایا ہے ۔ " فنبی اللہ حیٌّ یرزق " ۔ (ابن ماجہ ، ص۱۱۹)

" پس اللہ تعالیٰ کا نبیؑ زندہ ہے اور اس کو رزق ملتا ہے "

حدیث شریف کی صحت محدثین عظام کے اقوال کی روشنی میں

حافظ منذری رحمہ اللہ فرماتے ہیں ۔

" اسنادہ جیّد " (ترجمان السنۃ : ج ۳ ، ص ۲۹۷) ۔

۱ علامہ عزیزی رحؒ فرماتے ہیں ۔ " ورجالہ ثقات " ۔ (السراج المنیر ج ۱ : ص ۲۹۰) ۔

۲ علامہ مناوی رحؒ کا ارشاد ہے ۔ قال الدمیری ۔ رجالہ ثقات " (فیض القدیر ، ج ۲ ص۸۷) ۔

۳ علامہ زرقانی رحؒ فرماتے ہیں ۔ رواہ ابن ماجۃ برجال ثقات ۔ (زرقانی شارح مواہب ج ۵ ص۲۳۶)

۴ حافظ ابن حجر رحؒ فرماتے ہیں ۔ قلت رجالہ ثقات ۔ (تہذیب التہذیب : ج ۳ : ص۳۹۸) ۔

۵ علامہ سمہودی رحؒ فرماتے ہیں ۔ رواہ ابن ماجہ باسناد جید ۔ (خلاصۃ الوفاء : ص۴۸) ۔

۶ ملا علی قاری رحؒ کا ارشاد ہے ۔ باسناد جید نقلہ میرک عن المنذری ولہ طرق کثیرۃ (مرقاۃ ج ۲ ص۱۱۲)

۷ قاضی شوکانی رحؒ لکھتے ہیں ۔ باسناد جید ۔ (نیل الاوطار ، ج ۵ ۔ ص۲۶۴) ۔

۸ اور مولانا شمس الحق عظیم آبادی لکھتے ہیں باسناد جید ۔ (عون المعبود ، ج ۱ ص۴۰۵) ۔

---

۵ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ۔

" ان للہ ملٰئکۃ سیاحین فی الارض یبلغونی من امتی السلام "

(نسائی شریف ج ۱ : ص۱۴۳ ، مسند احمد ج ۱ ، ص۴۴۱ ، ابن ابی شیبہ ، ج ۲ : ص۵۱۷ ، موارد الظمآن ص۵۹۴ مشکوۃ ، ص۸۶ ، البدایۃ والنہایۃ ، ج ۱ ، ص۱۵۴ ، الجامع الصغیر ، ج ۱ : ص۹۳ ، خصائص الکبریٰ ، ج : ص۲۸۰ تحریرات حدیث : ص۲۱۱ ، دارمی : ص۳۷۲) ۔

بیشک اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ ایسے فرشتے مقرر ہیں جو زمین میں گھومتے ہیں اور میری امت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں ۔

۱۰۲

۵ حدیث شریف کی صحت کے متعلق علامہ عزیزی رح لکھتے ہیں۔ حدیث صحیح (السراج المنیر ص۵۱۸)۔

۵ علامہ ہیثمی رح فرماتے ہیں۔ رواہ البزار، ورجالہ رجال الصحیح۔ (مجمع الزوائد، ج ۹ ص۲۴)۔

۵ امام حاکمؒ اور علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں۔ صحیح۔ (مستدرک حاکم: ج ۲: ص۴۲۱)۔

۵ امام سخاوی رح فرماتے ہیں۔ رواہ أحمد والنسائی والدارمی وابو نعیم والبیہقی والخلعی وابن حبان والحاکم فی صحیحہا وقال صحیح الاسناد۔ (القول البدیع: ص۱۱۵)۔

ائمہ حدیث کے ان صاف بیانات سے معلوم ہوا کہ یہ حدیث بھی صحیح ہے۔ بلکہ علامہ سمہودی رح اور علامہ ابن الہادی رح کے بیان کے مطابق امام نسائیؒ اور اسماعیل القاضی نے مختلف طرق سے اسانید صحیحہ کے ساتھ یہ روایت نقل کی ہے۔ (وفاء الوفاء، ج ۲: ص۴۰۴، الصارم المنکی ص۱۶۸)۔

یہاں تک کہ شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رح نے تواتر کا دعوٰی کیا ہے۔

وبتواتر رسیدہ ایں معنی۔ (فتاوٰی عزیزی: ج ۲، ص ۶۹)

---

۶ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے۔

من صلی عند قبری سمعتہ ومن صلی علی من بعید اعلمتہ۔

(جلاء الافہام للحافظ ابن القیم رح، ص۱۹)

جس نے میری قبر کے پاس درود پڑھا تو میں اسے خود سنتا ہوں اور جس نے مجھ پر دور سے درود پڑھا تو وہ مجھے (بواسطہ فرشتوں کے) بتلایا جاتا ہے۔

اس حدیث شریف کے سلسلہ میں بھی محدثینِ کرام کی آراء ملاحظہ ہوں

حافظ ابن حجر رح حدیث کی سند بطریق ابوالشیخ کے متعلق فرماتے ہیں۔ "بسندٍ جیدٍ" (فتح الباری: ج ۶: ص۳۵۲)۔

علامہ سخاویؒ فرماتے ہیں۔ "وسندہ جید" (القول البدیع، ص۱۱۶)۔

حضرت ملا علی قاری رح فرماتے ہیں۔ بسند جید (مرقاۃ، ج ۲، ص۱۰)۔

نواب صدیق حسن خان صاحب بھی لکھتے ہیں "اسنادہ جید"۔ (دلیل الطالب: ص۸۴۴)۔

اور علامہ شبیر احمد عثمانی رح بھی اس کو بسندٍ جیدٍ فرماتے ہیں۔ (فتح الملہم، ج ۱، ص۳۳۰)۔

ان اکابرین محدثین عظام (جن میں حافظ ابن حجر رح خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں) بیان سے واضح ہو گیا کہ یہ روایت جید اور صحیح ہے۔ ان دونوں لفظوں (جید اور صحیح) میں کوئی خاص فرق نہیں ہے۔

۱۰۳

چنانچہ امام سیوطی رح فرماتے ہیں ان ابن الصلاح یری التسویۃ بین الجید والصحیح۔
(تدریب الراوی، ص۱۰۴)

چونکہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ اور ان احادیث صحیحہ کثیرہ سے ثبوت موجود ہے۔ (یہاں اختصار کی غرض سے چھ احادیث صحیحہ کے ذکر پر اکتفاء کیا گیا ہے۔ اور امت کے ہر طبقہ میں ان کو تسلیم کیا گیا ہے)، اس لئے امام سیوطی رح نے تواتر کا دعوٰی کیا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

حیاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قبرہ ھو و سائر الانبیاء معلومۃ عندنا علما قطعیا لما قام عندنا من الادلۃ فی ذلک وتواترت بہ الاخبار الدالۃ علی ذلک۔ (انباء الاذکیاء، ص۲: فتاوٰی امام سیوطی رح، ج۲ ص۱۴۱)

ایک دوسرے مقام پر تواتر کا دعوٰی کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ۔

ان من جملۃ ما تواتر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حیاۃ الانبیاء فی قبورھم۔ (النظم المتناثر عن الحدیث المتواتر کذا فی شرح البوسنوی، ص۷)

غرض اس باب میں اس کثرت سے احادیث وارد ہیں کہ جن کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

○

مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور علمائے اسلام

ان احادیث صحیحہ اور دیگر دلائل شرعیہ سے علمائے امت نے جو کچھ سمجھا ہے اس مقام پر اس کا ذکر کرنا ایک حد تک ضروری ہے۔ تاکہ احادیث شریفہ کے صحیح مطالب کی تعیین کے ساتھ امت کا اجماعی نظریہ بھی واضح ہو جائے۔ جیسا کہ جواب کے آغاز میں عرض کیا جا چکا ہے کہ تمام اہل السنۃ والجماعت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح دیگر انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں بجسدہ موجود اور حیات ہیں۔

اور اہل السنۃ والجماعۃ کلی طور پر چار طبقوں میں منقسم ہیں۔ ۱: مفسرین۔ ۲: محدثین۔ ۳: متکلمین۔ ۴: فقہاء۔ اس لئے آنے والے دلائل میں اسی ترتیب کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ لیکن مفسرین کے اقوال تقریباً ہر آیت کے بعد تفسیر کے طور پر ذکر کر دیئے گئے ہیں۔ اب مابقی تین طبقوں کے دلائل ملاحظہ ہوں۔

مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور محدثین عظام

حافظ ابن حجر رح فرماتے ہیں۔

ان حیاتہ صلی اللہ علیہ وسلم فی القبر لا یعقبھا موت بل یستمر حیا والانبیاء احیاء فی قبورھم۔ (فتح الباری، ج۱، ص۲۲)۔

۱۰۴

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک میں زندگی ایسی ہے کہ جس پر موت پھر وارد نہیں ہوگی۔ بلکہ آپ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ کیونکہ حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔

اس عبارت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم السلام کی قبروں میں زندگی صریح الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔ نیز یہ بھی فرمایا کہ یہ زندگی دائمی اور مستمر ہے جس پر پھر موت طاری نہیں ہوتی۔

علامہ بدر الدین محمود بن احمد العینی الحنفی فرماتے ہیں۔

غیر الانبیاء علیہم السلام فانہم لا یموتون فی قبورہم بل ہم احیاء۔

(عمدۃ القاری، ج ۷، ص ۱۰۶، وفاء الوفاء: ج ۲: ص ۴۰۲، زرقانی: ج ۲، ص ۳۳۲)۔

ہاں! حضرات انبیاء علیہم السلام اس سے مستثنیٰ ہیں۔ وہ اپنی قبروں میں نہیں مرتے بلکہ وہ زندہ ہی رہتے ہیں۔

حضرت امام بیہقی رح فرماتے ہیں۔

ان اللہ جل ثناءہ رد الی الانبیاء ارواحہم فہم احیاء عند ربہم کالشہداء

(حیاۃ الانبیاء: ص ۱۴)

بے شک اللہ تعالیٰ حضرات انبیاء علیہم السلام کے ارواح کو ان کی طرف لوٹا دیتے ہیں پس وہ اپنے رب کے یہاں شہیدوں کی طرح زندہ ہیں۔

حضرت ملا علی قاری رح ارقام فرماتے ہیں۔

" المعتقد المعتمد انہ صلی اللہ علیہ وسلم حی فی قبرہ کسائر الانبیاء فی قبورہم وہم احیاء عند ربہم وان لارواحہم تعلقا بالعالم العلوی والسفلی کما کانوا فی الحال الدنیوی فہم بحسب القلب عرشیون وباعتبار القالب فرشیون " (شرح شفاء، ج ۲، ص ۱۴۲)

قابل اعتماد عقیدہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں جس طرح دیگر انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں، اور اپنے رب کے ہاں زندہ ہیں اور اُن کی ارواح کا عالم علوی اور سفلی دونوں سے تعلق ہوتا ہے، جیسا کہ دنیا میں تھا۔ سو وہ قلب کے لحاظ سے عرشی اور جسم کے لحاظ سے فرشی ہیں۔

اس عبارت میں حیات انبیاء علیہم السلام کو قابل اعتماد عقیدہ قرار دیا گیا ہے۔

علامہ سید سمہودی رح لکھتے ہیں۔

لا شک فی حیاتہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد وفاتہ وکذا سائر الانبیاء علیہم السلام احیاء فی قبورہم حیاتہم اکمل من حیاۃ الشہداء التی

۱۰۵

اخبر الله بها فی کتابه العزیز - (وفاء الوفاء ، ج ۲ ، ص۴۰۵)

وفات کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں کوئی شک نہیں۔ اور اسی طرح باقی تمام انبیاء کرام علیہم السلام بھی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور ان کی یہ حیات شہداء کی حیات سے (جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں کیا ہے) بڑھ کر ہے۔

اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں۔

واما ادلة حياة الانبياء فمقتضاها حياة الابدان كحالة الدنيا مع الاستغناء عن الغذاء - (وفاء الوفاء ، ج ۲ ، ص۴۰۵)۔

بہرکیف ! حضرات انبیاء علیہم السلام کی حیات کے دلائل اس کے مقتضی ہیں کہ یہ حیات ابدان کے ساتھ ہو۔ جیسا کہ دنیا میں تھی مگر خوراک سے مستغنی ہیں۔

یعنی ان کی حیات جہاں شہداء کی منصوص حیات سے بڑھ کر ہے وہیں محض برزخی اور روحانی ہی نہیں بلکہ جسمانی بھی ہے۔ مگر جس طرح دنیا میں اجسام عادۃً خوراک کے محتاج ہوتے ہیں قبر میں حضرات انبیاء علیہم السلام کے اجسام طیبہ کو حسی اور دنیوی خوراک کی ضرورت نہیں۔ بلکہ اس سے وہ مستغنی ہیں۔ یہی بات شیخ الاسلام دہلوی رح فرماتے ہیں۔

" ازیں احادیث معلوم شود کہ انبیاء زندہ اند در قبر بعد از وفات بحیات حسی، و اجساد ایشاں نیز ثابت باشند و پوسیدہ نگردند۔ و آں حیات ہمچو حیات دنیا باشد باوجود استغناء از غذا " (تیسیر القاری ، ج ۶ ، ص۱۴۷)۔

ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں۔

وقول مختار ومقرر جمہور ہم ایں است کہ انبیاء بعد از وقت موت زندہ اند بحیات دنیوی۔ (تیسیر القاری ، ج ۳ ، ص۲۶۳)

اس عبارت میں جہاں حیات بعد الممات کو جمہور کا قول بتلایا گیا ہے وہیں حیات کی کیفیت بھی متعین کر دی گئی ہے کہ وہ حیات، دنیوی حیات کی طرح ہے۔ یعنی جس طرح دنیوی حیات میں ان کو ادراک علم اور شعور حاصل ہے اسی طرح اس حیات برزخی میں بھی یہ چیزیں حاصل ہیں۔ انہیں امور کی وجہ سے اس کو دنیوی اور جسمانی حیات سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

علامہ تاج الدین السبکی رحمہ اللہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

۱۰۶

عن انس رضؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون فاذا ثبت ان نبینا صلی اللہ علیہ وسلم حی فالحی لا بد اما ان یکون عالمًا اوجاھلا ولا نجوز ان یکون النبی صلی اللہ علیہ وسلم جاھلا (معاذ اللہ) (طبقات الشافعیۃ الکبریٰ : ج ۶ : ص۲۸۱)

۴۔ اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں ۔

لان عندنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حی یحس ویعلم وتعرض علیہ اعمال الامۃ ویبلغ الصلوۃ والسلام ۔ (طبقات الشافعیہ : ج ۶ ، ص۲۸۲)

ہمارے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں حس و علم سے موصوف ہیں ۔ اور آپ پر امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں اور آپ کو صلوۃ وسلام پہنچائے جاتے ہیں ۔

غور کیجئے ! حس اور علم سے متصف ہونا حیات کے لئے کس قدر واضح دلیل ہے ۔

۵۔ علامہ ابوالوفا ، علی بن محمد بن عقیل الحنبلی کا ارشاد ہے ۔ وھو حی فی قبرہ یصلی (الروضۃ البہیہ ، ص۱۴)۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں ۔

۶۔ امام بدرالدین البعلی الحنبلی رحؒ جنہوں نے شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحؒ کے فتاوٰی کا اختصار کیا ہے ۔ لکھتے ہیں ۔

" والانبیاء احیاء فی قبورھم وقد یصلون " ۔ (مختصر الفتاوٰی : ص۱۷)

حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور بسا اوقات نماز بھی پڑھتے ہیں ۔ یعنی تکلیفی زندگی تو رہی نہیں بلکہ وہ حضرات نماز تلذذ کے طور پر پڑھتے ہیں اس لئے پابندی لازم نہیں اور وقد یصلون کہہ کر اسی حقیقت کو آشکارا کر دیا گیا ہے ۔ کیونکہ قد مضارع پر داخل ہو کر اکثر تقلیل کا فائدہ دیتا ہے ۔ (رضی ، ج ۲ ، ص۲۹۹ ، تن ہتین : ص۲۸)

علامہ عزیزی رحؒ حدیث ما من احد یسلم علی الا رد اللہ علی روحی کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں ۔ الا رد اللہ علی روحی ، ای رد علی نطقی لانہ روحی دائما وروحہ لاتفارقہ لان الانبیاء احیاء فی قبورھم ۔ (السراج المنیر : ج ۳ ، ص۲۷۸)۔

اور روح سے مراد نطق ہے کیوں کہ آپ دوامی طور پر زندہ ہیں ۔ آپ کی روح مبارکہ آپ سے الگ نہیں ہوتی کیوں کہ حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں ۔

حضرت ملا علی قاری رحؒ فرماتے ہیں

فمحصل الجواب أن الانبیاء احیاء فی قبورھم ۔ (مرقاۃ : ج ۲ : ص۲۰۹)۔

۱۰۷

پس جواب کا حاصل یہ ہے کہ حضرات انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔
اور علامہ احمد بن محمد الخفاجی المصری الحنفیؒ حدیث شریف سے مسئلہ حیات الانبیاء کا استنباط کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ وفیہ دلیل علی انہ صلی اللہ علیہ وسلم حی حیاۃ مستمرۃ۔ (نسیم الریاض، ج ۳ ص ۴۹۹)
"اس حدیث میں اس امر کی دلیل ہے کہ پیغمبر علیہ السلام دوامی طور پر زندہ ہیں۔"
مندرجہ بالا عبارات میں آپ نے دیکھ لیا کہ جمہور محدثین بیک زبان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات حسی جسمانی، دائمی کے قائل ہیں۔

○

حیاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم جمہور متکلمین کی آراء کی روشنی میں

۱۔ علامہ تاج الدین سبکیؒ متکلمین اشاعرہ کا عقیدہ بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔
"ومن عقائدنا ان الانبیاء علیہم السلام احیاء فی قبورھم۔ (طبقات، ج ۶ ص ۲۶۶)
ہمارے عقیدے میں یہ بات داخل ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔"
۲۔ امام ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن القیشری اشاعرہ کا عقیدہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔
"وعندھم محمد صلواۃ اللہ علیہ حی فی قبرہ۔ (الرسائل القشیریہ، ص ۱)
اشاعرہ کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں۔"
ان عبارات میں صاف تصریح ہے کہ اہل السنت والجماعت کے امام ابوالحسن الاشعریؒ کے نزدیک مسلم عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر اطہر میں زندہ ہیں۔ ہاں یہ اصل بھی پیش نظر رہنی چاہئے کہ جب علم کلام میں لفظ اشاعرہ بولا جاتا ہے تو کلام کے دونوں مکتبۂ فکر اشعری اور ماتریدی مراد ہوتے ہیں اب مطلب صاف ہے کہ اہل السنت والجماعت کے دونوں طبقے اشعری اور ماتریدی کا مجموعی عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر اطہر میں زندہ ہیں۔
چنانچہ امام ابومنصور طاہر الشافعی البغدادیؒ فرماتے ہیں۔
قال المتکلمون المحققون من أصحابنا ان نبینا صلی اللہ علیہ وسلم حی بعد وفاتہ یسر بطاعات امتہ۔ (وفاء الوفاء، ج ۲: ص ۴۰۶)
ہمارے اصحاب کے متکلمین محققین یہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی وفات کے بعد زندہ ہیں اور آپ اپنی امت کے طاعات سے خوش ہوتے ہیں۔"

۱۰۸

اَصْحَابُنَا سے متکلمین کی جماعت مراد ہو یا شوافع کی، بہرصورت ان میں محققین کا مسلک اور تحقیق یہی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وفات کے بعد اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں۔

فقہائے اسلام اور مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم

فقیہہ وقت علامہ حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی الحنفی رح لکھتے ہیں ۔

ولما ھو مقرر عند المحققین انہ صلی اللہ علیہ وسلم حی یرزق متمتع بجمیع الملاذ والعبادات غیر انہ حجب عن ابصار القاصرین عن شریف المقامات ۔ (نور الایضاح ، ص۱۷۱)

محققین کے نزدیک یہ بات طے شدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں۔ آپ کو رزق دیا جاتا ہے اور آپ تمام لذتوں اور عبادتوں سے متمتع ہیں مگر ان نگاہوں سے اوجھل ہیں جو ان ارفع مقامات تک رسائی سے قاصر ہیں۔

اس عبارت میں محققین کا مسلک یہ بتایا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں اور رزق و عبادات سے متمتع ہیں۔ لیکن یہ رزق دنیوی اور حسی نہیں بلکہ عالم غیب اور دوسرے جہان کا ہے ۔

علامہ ابن عابدین الشامی رح فرماتے ہیں

ان الانبیاء احیاء فی قبورھم کما ورد فی الحدیث ۔ (رسائل ابن عابدین : ج ۲ ص۲۰۳)

حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں جیسا کہ حدیث شریف میں آرہا ہے ۔

علامہ ابن عابدین شامی رح جو متاخرین حنفیہ میں معتمد الکل ہیں، کس طرح صراحت کے ساتھ حدیث شریف سے استدلال کرکے حیات الانبیاء کا نظریہ پیش کر رہے ہیں۔

علمائے دیوبند اور عقیدہ حیات الانبیاء

جیسا کہ پہلے عرض کیا جاچکا ہے کہ تمام اہل السنت والجماعت کا قرآن وحدیث کی روشنی میں عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح دیگر تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنے اجسام عنصریہ مبارکہ کیساتھ قبروں میں موجود اور حیات ہیں ۔

علمائے دیوبند جو خالص اہل السنت والجماعت ہیں اور اس صدی میں اہل سنت کے سب سے بڑے ترجمان ہیں۔ اس لئے قدرتی طور پر اس بات میں بزرگان دیوبند کا وہی عقیدہ ہے جو جمہور کا ہے ۔ ذیل میں

۱۰۹

علمائے دیوبند کے ایسے حوالے نقل کئے جارہے ہیں جن سے یہ بات بخوبی ثابت ہو جاتی ہے کہ تمام علماء دیوبند متفقہ طور پر حیات الانبیاء کے قائل ہیں۔ دلائل کے ذکر کرنے میں یہاں بھی وہی ترتیب قائم رہے گی جو پہلے تھی۔ یعنی سب سے پہلے محدثین، پھر متکلمین اور اس کے بعد فقہاء کے اقوال نقل کئے جائیں گے۔ ملاحظہ ہو۔

محدثین دیوبند اور عقیدہ حیات الانبیاء

حضرت مولانا احمد علی صاحب رح سہارنپوری محشی بخاری فرماتے ہیں۔

والاحسن ان یقال ان حیاته صلی الله علیه وسلم لا یتعقبها موت بل یستمر حیا والانبیاء احیاء فی قبورهم۔ (حاشیہ بخاری، ج ۱: ص ۵۱۷)

بہتر بات یہ ہے کہ کہا جائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات ایسی ہے کہ اس کے بعد موت طاری نہیں ہوتی بلکہ دوامی حیات آپ کو حاصل ہے۔ اور باقی تمام انبیاء کرام علیہم السلام بھی اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔

حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رح لکھتے ہیں۔

ان النبی صلی الله علیه وسلم حی فی قبره کما ان الانبیاء احیاء فی قبورهم۔ (بذل المجہود شرح ابوداؤد، ج ۲: ص ۱۱۷)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں جس طرح کہ دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔

چونکہ انبیاء کرام علیہم السلام کے اجساد مبارکہ قبروں میں بالکل محفوظ ہیں تو قبر میں حیات کا مطلب اسکے سوا اور کیا ہو سکتا ہے کہ روح مبارک کا جسم اطہر سے تعلق ہے اور اس کی بدولت حیات حاصل ہے۔

حضرت علامہ عثمانی رح فرماتے ہیں۔

ودلت النصوص الصحیحة علی حیاة الانبیاء۔ (فتح الملہم، ج ۱، ص ۳۲۵)

نصوص صحیحہ اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ حضرات انبیاء علیہم السلام زندہ ہیں۔

ایک دوسرے مقام پر یہی علامہ عثمانی رح فرماتے ہیں۔

ان النبی صلی الله علیه وسلم حی کما تقرر وانه یصلی فی قبره باذان واقامة۔ (فتح الملہم، ج ۳: ص ۴۱۹)۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں جیسا کہ اپنی جگہ یہ ثابت ہے۔ اور آپ اپنی قبر میں اذان واقامت سے نماز پڑھتے ہیں۔

اس عبارت میں جہاں یہ تصریح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں وہیں یہ بات بھی ثابت کی

گئی ہے کہ آپ اذان واقامت سے نماز پڑھتے ہیں اور اذان واقامت سے نماز پڑھنا حیات صریح کی دلیل ہے۔

حضرت علامہ سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری رح فرماتے ہیں۔

ان کثیرا من الاعمال قد تثبت فی القبور کالاذان والاقامۃ عند الدارمی وقراۃ القرآن عند الترمذی۔ (فیض الباری، ج ۱، ص ۱۸۳)۔

قبروں میں بہت سے اعمال کا ثبوت ملتا ہے جیسے اذان واقامت کا ثبوت دارمی کی روایت میں اور قرأت قرآن کا ثبوت ترمذی کی روایت میں "

غور کیجئے! قبر میں اذان واقامت کا ثبوت اسی طرح قرأتِ قرآن کا ثبوت حیاتِ نبوی کی کس قدر صریح دلیل ہے۔

حضرت اقدس مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رح فرماتے ہیں کہ آپ بنص حدیث زندہ ہیں۔ (التکشف، ص ۴۴۶)

حضرت اقدس مولانا ابو العتیق عبدالہادی محمد صدیق صاحب نجیب آبادی لکھتے ہیں۔

انھم اتفقوا علی حیاتہ صلی اللہ علیہ وسلم بل حیاۃ الانبیاء علیھم السلام متفق علیھا لا خلاف لاحد فیہ۔ (انوار المحمود شرح ابو داؤد: ج ۱، ص ۱۱۹)

محدثین کرام اس بات پر متفق ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں بلکہ تمام انبیاء علیہم السلام کی حیات متفق علیہا ہے اس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے "

یہ عبارت بھی اپنے مدلول ومفہوم کے اعتبار سے بالکل واضح ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور باقی تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات متفق علیہ ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں۔ غور فرمائیے۔

حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی مدظلہم العالی حدیث ما من احد یسلم علی الا رد اللہ علی روحی کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

" کہ علاوہ ازیں انبیاء علیہم السلام کا اپنی قبور میں زندہ ہونا ایک مسلّم حقیقت ہے "

آگے فرماتے ہیں

" اتنی بات سب کے نزدیک مسلّم اور دلائل شرعیہ سے ثابت ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اور خاص کر سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی قبر میں حیات حاصل ہے "

(معارف الحدیث: ج ۵ ص ۳۲۵)

حضرت اقدس قطب الارشاد مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رح حدیث شریف ونبی اللہ

111

حی یرزق سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

" آپ اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں، ونبی اللہ حی یرزق " (ہدایۃ الشیعہ، ص۳۶)

مولانا تھانوی رح فرماتے ہیں۔

" پس آپ کا زندہ رہنا بھی قبر شریف میں ثابت ہوا اور یہ رزق اس عالم کے مناسب ہوتا ہے "

(نشر الطیب، ص۲۱۰)

حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی مدظلہم العالی حدیث ان للہ ملئکتہ سیاحین فی الارض یبلغونی من امتی السلام۔ کی تشریح میں فرماتے ہیں۔

" کہ اس حدیث سے یہ تفصیل معلوم ہوگئی کہ فرشتوں کے ذریعہ آپ کو صرف وہی درود وسلام پہنچتا ہے جو کوئی دور سے بھیجے۔ لیکن اللہ تعالے جس کو قبر مبارک کے پاس پہنچا دے اور وہ وہاں حاضر ہو کر صلوۃ وسلام عرض کرے تو آپ اس کو بنفس نفیس سنتے ہیں اور جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے ہر ایک کو جواب بھی عنایت فرماتے ہیں " (معارف الحدیث، ج ۵، ص ۸۰)

○

متکلمین دیوبند اور عقیدہ حیات الانبیاء

حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رح متفقہ طور پر علماء دیوبند کی ترجمانی کرتے ہوئے اجماعی عقیدہ بیان فرماتے ہیں۔

" عندنا وعند مشائخنا حیاۃ حضرۃ الرسالۃ صلی اللہ علیہ وسلم دنیویۃ من غیر تکلیف وھی مختصۃ بہ صلی اللہ علیہ وسلم وبجمیع الانبیاء صلوات اللہ علیہم والشہداء لا برزخیۃ کما ھی لسائر المؤمنین بل لجمیع الناس کما نص علیہ العلامۃ السیوطی فی رسالۃ انباء الاذکیاء لحیوۃ الانبیاء حیث قال: قال الشیخ تقی الدین سبکی رح حیوۃ الانبیاء والشہداء فی القبر کحیوتہم فی الدنیا ویشہد لہ صلوۃ موسیٰ علیہ السلام فی قبرہ فان الصلوۃ تستدعی جسدا حیا (الی آخرھا قال) فثبت لہذا ان حیوتہ دنیویۃ برزخیۃ لکونہا فی عالم البرزخ "

(المہند علی المفند، ص۱۳۔۱۴)

۱۱۲

"ہمارے اور ہمارے مشائخ کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اور آپؐ کی حیات دنیا کی سی ہے بلا مکلف ہونے کے اور یہ حیات مخصوص ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء علیہم السلام اور شہداء کے ساتھ برزخی نہیں ہے جو حاصل ہے تمام مسلمانوں بلکہ سب انسانوں کو۔ چنانچہ علامہ سیوطی رحؒ نے اپنے رسالہ انباہ الاذکیاء بحیوۃ الانبیاء میں بتصریح لکھا ہے۔ فرماتے ہیں کہ علامہ تقی الدین سبکی رحؒ نے فرمایا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور شہداء کی قبر میں حیات ایسی ہے جیسی دنیا میں تھی۔ اور موسیٰ علیہ السلام کا اپنی قبر میں نماز پڑھنا اس کی دلیل ہے۔ کیوں کہ نماز زندہ جسم کو چاہتی ہے۔ الخ
پس اس سے ثابت ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات دنیوی ہے۔ اور اس معنی کو برزخی بھی کہ عالم برزخ میں حاصل ہے۔"

یہ عبارت رسالہ "المہند علی المفند" سے ماخوذ ہے۔ یہ رسالہ علمائے حرمین شریفین زادہما اللہ کے ان چھبیس اعتقادی سوالات کے جوابات پر مشتمل ہے جو اتفاقی اور اجماعی عقیدے کہلاتے ہیں۔ جسے سرخیل علماء محدث کبیر حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحؒ نے مرتب کیا۔ اور جس پر اپنی جماعت دیوبند کے تیئیس بزرگوں (جن میں خصوصیت سے

حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحبؒ صدر مدرس و شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند۔
حضرت مولانا میر احمد حسن صاحبؒ امروہی۔
حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحبؒ صدر مفتی دارالعلوم دیوبند۔
حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحؒ
حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری رحؒ
حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب دیوبندی رحؒ
حضرت مولانا غلام رسول صاحب ہزاروی رحؒ
حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب دہلوی رحؒ

وغیرہم قابل ذکر ہیں)۔ کی تصدیقات لکھوا کر علماء حرمین شریفین اور دیگر ممالک اسلامیہ کے علماء کو بھیجیں۔ وہ حضرات ان کے تسلی بخش جوابات دیکھ کر مطمئن ہو گئے۔ اس طرح یہ رسالہ اور یہ جواب علماء دیوبند کا اجماعی جواب ہے۔ اس اجماعی اور مرکزی جواب کے بعد مزید کچھ لکھنے یا کہنے کی مطلقاً ضرورت باقی نہیں رہتی۔ تاہم مزید چند حوالے اطمینان خاطر کے لئے ملاحظہ ہوں۔

۱۱۳

○ حضرت الامام مولانا محمد قاسم صاحب النانوتوی رح فرماتے ہیں۔

"حضرات انبیاء زندہ ہیں ان کی موت ان کی حیات کے لئے ساتر ہے۔ رافع حیات اور دافع حیات نہیں۔" (آب حیات ص ۴۲، ۴۳، ۴۴۔ بحوالہ سیرت المصطفیٰ)

واضح رہے کہ حضرت نانوتوی رح نفس موت کو اعتقاداً لازم اور ضروری سمجھتے ہیں، چنانچہ فرماتے ہیں۔

"کہ میں انبیاء کرام کو انہیں اجسام دنیوی کے تعلق کے اعتبار سے زندہ سمجھتا ہوں، پر حسب ہدایت کل نفس ذائقۃ الموت اور انک میت وانہم میتون تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی نسبت موت کا اعتقاد بھی ضروری ہے۔ اور اس ظاہری صورت کی وجہ سے حضرات انبیاء کرام کا قبروں میں مستور ہو جانا بمنزلہ چلہ کشی یا پردہ نشینی یا گوشہ نشینی سمجھا جائے گا۔ لیکن انبیاء کرام کی زندگی زیر پردہ موت ظاہر بینوں کی نظر سے مستور ہے مثل امت کے ان کی موت میں زوال نہیں ہے۔" (لطائف قاسمی: ص ۳، ۴)

اور دلیل پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

۱: اور دلیل یہ ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے اجسام مبارکہ کا حسب سابق صحیح وسالم رہنا اور تغیر ارضی سے بالکل محفوظ رہنا۔

۲: اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ان کی ازواج مطہرات کے نکاح کا حرام ہونا۔

۳: اور ان کے اموال میں میراث کا جاری نہ ہونا۔

امور ثلاثہ میں سے ہر امر حیات انبیاء کرام پر شاہد عدل ہے اور اس امر کی صریح دلیل ہے کہ ارواح طیبہ کا اجسام مبارکہ سے تعلق منقطع نہیں ہوتا بلکہ موت کے بعد بھی انبیاء کرام ع کا اپنے بدن سے اسی قسم کا تعلق ہے جس قسم کا پہلے تھا۔ (آب حیات: ص ۴۲، ۴۳)

○ شیخ الاسلام حضرت مولانا السید حسین احمد مدنی رح فرماتے ہیں کہ

"آپ کی حیات نہ صرف روحانی ہے جو کہ عام شہداء کو حاصل ہے بلکہ جسمانی بھی اور از قبیل حیات دنیوی بلکہ بہت سے وجوہ سے اس سے قوی تر۔" (مکتوبات شیخ الاسلام: ج ۱، ص ۱۳۰)

حضرت مدنی رح کی مراد بظاہر حیات جسمانی اور دنیوی سے یہ ہے کہ آپ کی روح مبارک کا تعلق جسد مثالی سے قائم نہیں ہوتا جیسا کہ بعض صوفیاء کرام کا نظریہ ہے۔

"بلکہ روح کا تعلق دنیوی جسم سے قائم ہوتا ہے اور بایں معنی یہ حیات جسمانی اور دنیوی ہے۔"

چنانچہ حضرت الامام مولانا محمد قاسم صاحب رح نانوتوی نے ایک مقام پر صاف لفظوں میں اس کی تصریح فرمائی ہے

۱۱۴

" انبیاء کرام علیہم السلام کو ابدانِ دنیا کے حساب سے زندہ سمجھیں گے " (لطائف قاسمیہ، ص)

۶ــــ حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رح فرماتے ہیں۔

" آپ اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں ونبی اللہ حی یرزق " (ہدایۃ الشیعہ، ص۳۶)

۶ــــ حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رح فرماتے ہیں۔

" پس آپ کا زندہ رہنا بھی قبر شریف میں ثابت ہوا۔ اور یہ رزق اس عالم کے مناسب ہوتا ہے " (نشر الطیب ۲۱)

۶ــــ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحبؒ لکھتے ہیں۔

" اور انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات خصوصاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات شہداء کی حیات سے افضل و اعلیٰ ہے اور بحث اس کی طویل ہے " (فتاویٰ دارالعلوم مکمل و مدلل، ج ۵، ص۱۷۲)

۶ــــ حضرت مولانا مفتی سید مہدی حسن صاحب پاکستان ہی کے ایک استفتار کے جواب میں فرماتے ہیں کہ

" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مزار مبارک میں بجسدہٖ موجود اور حیات ہیں " (فتاویٰ دارالعلوم غیر مطبوعہ)

حیات انبیاء کرام علیہم السلام اور اصحاب ظواہر اس سے قبل جتنے حوالے نقل کئے گئے ہیں وہ ان حضرات کے ہیں جو فروعی مسائل میں کسی نہ کسی امام کے مقلد تھے۔ کوئی حنفی تھا، کوئی مالکی، کوئی شافعی تھا تو کوئی حنبلی۔ بجز قاضی شوکانی اور نواب صدیق حسن خان صاحب، کہ وہ کسی کی تقلید نہیں کرتے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اتمام حجت کے لئے ہم اس مقام پر اصحاب ظواہر کے کچھ حوالے بھی نقل کر دیں۔ تاکہ حیات انبیاء کرام کی حقیقت بالکل روشن ہو جائے۔ اور اجماع امت کا دعوےٰ بھی صاف ہو جائے۔

○ قاضی شوکانی رح لکھتے ہیں۔

وقد ذهب جماعة من المحققين الى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم حى بعد وفاته وانه يسر بطاعات امته وان الانبياء لا يبلون مع ان مطلق الادراك كالعلم والسماع ثابت لسائر الموتى (الى ان قال) وورد النص فى كتاب الله فى حق الشهداء أنهم احياء يرزقون وان الحيوة فيهم متعلقة بالجسد فكيف بالانبياء والمرسلين وقد ثبت فى الحديث ان الانبياء احياء فى قبورهم رواه المنذرى وصححه البيهقى وفى صحيح مسلم عن النبى صلى الله عليه وسلم قال مررت بموسى ليلة اسرى بى عند الكثيب الاحمر وهو قائم يصلى۔ (نيل الاوطار، ج ۳، ص۲۶۴)۔

بے شک محققین کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی وفات کے بعد زندہ ہیں۔ اور اپنی امت کی طاعات سے خوش ہوتے ہیں اور یہ کہ انبیاء کرام کے اجسام بوسیدہ نہیں ہوتے۔ حالانکہ مطلق ادراک جیسے علم اور سماع وغیرہ تو یہ سب مردوں کے لئے ثابت ہے (پھر آگے لکھتے ہیں کہ) اللہ تعالےٰ کی کتاب میں شہداء کے بارے میں نص وارد ہوئی ہے کہ وہ زندہ ہیں اور ان کو رزق ملتا ہے اور ان کی حیات جسم سے متعلق ہے تو حضرات انبیاء و مرسلین کی حیات جسم سے کیوں متعلق نہ ہوگی۔ اور حدیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ امام منذری رح نے اس کو روایت کیا۔ اور امام بیہقی رح نے اس کی تصحیح کی ہے۔ اور صحیح مسلم میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے معراج کی شب سرخ رنگ کے ٹیلے کے پاس موسیٰ علیہ السلام کو قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھتے دیکھا ہے "

قاضی شوکانی رح کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ وہ شہداء کی حیاتِ جسمانی کو تسلیم کرتے ہیں۔ اور یہ بھی فرماتے ہیں کہ حضرات انبیاء کی زندگی بطریقِ اولیٰ جسمانی ہے۔ اور یہ بھی تصریح فرماتے ہیں کہ حضرات انبیاء کرام کی وفات تو ہوتی ہے لیکن وہ اس کے بعد اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں۔

ایک دوسری جگہ ارشاد فرماتے ہیں۔

انه صلی الله علیه وسلم حی فی قبره بعد موته کما فی حدیث الانبیاء احیاء فی قبورهم۔ (نیل الاوطار، ج ۵ : ص۱۰۱)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وفات کے بعد اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔

○ استاد ابو منصور البغدادیؒ فرماتے ہیں۔

قال المتکلمون المحققون من اصحابنا ان نبینا صلی الله علیه و سلم حی بعد وفاته و یؤید ذلك ماثبت ان الشهداء احیاء یرزقون فی قبورهم والنبی صلی الله علیه وسلم منهم۔

(نیل الاوطار، ج ۵ : ص۱۰۱)

ہمارے اصحاب میں متکلمین محققین کا ارشاد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وفات کے بعد زندہ ہیں۔ اور اس کی تائید یہ بات بھی کرتی ہے کہ شہدا زندہ ہیں اور قبروں میں ان کو رزق دیا جاتا ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی زندہ ہیں "

۱۱۶

○ شیخ عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب نجدی رح اپنا عقیدہ یوں بیان کرتے ہیں۔

والذی نعتقد ان رتبة نبینا صلی الله علیه وسلم اعلی مراتب المخلوقین علی الاطلاق وانه حی فی قبره حیوة مستقرة ابلغ من حیات الشهداء المنصوص علیها فی التنزیل لانه افضل منهم بلا ریب وانه یسمع من یسلم علیه۔ (اتحاف النبلاء ، ص ۴۱۵)

" جس چیز کا اعتقاد کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ مطلقاً ساری مخلوق سے بڑھ کر ہے۔ اور آپ اپنی قبر میں حیاتِ دائمی سے متصف ہیں جو شہداء کی حیات سے اعلیٰ اور ارفع ہے جس کا ثبوت قرآنِ کریم سے ہے۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بلا شبہہ شہداء سے افضل ہیں۔ اور جو شخص آپ پر (عند القبر) سلام کہتا ہے آپ اس کو سنتے ہیں "

اس عبارت سے آفتابِ نیم روز کی طرح یہ بات ثابت ہوگئی کہ علماء نجد کا بھی یہی نظریہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں دائمی طور پر زندہ ہیں اور آپ کی یہ حیات شہداء کی منصوص حیات سے اعلیٰ وارفع ہے۔

اما الکلام علی حیوة النبی صلی الله علیه وسلم فاعتقادنا فی ذالك اعتقاد سلف الامة وائمتنا وهم الاسوة۔

(الدرر السنیه فی الاجوبة النجدیه : ج ۱، ص ۲۶)

بہر حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات کے بارے میں ہمارا وہی اعتقاد ہے جو سلفِ امت اور ہمارے ائمہ کا اعتقاد ہے۔ اور وہی اس میں ہمارے مقتدا ہیں "

متأخرین اصحابِ ظواہر کے شیخ الکل مولانا سید نذیر حسین صاحب دھلوی رح لکھتے ہیں۔

" کہ حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں خصوصاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، کہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی عند القبر درود بھیجتا ہے میں سنتا ہوں اور دور سے پہنچایا جاتا ہے "

(ضمیمہ فتاویٰ نذیریہ ، ج ۲، ص ۵۵)

○ اور مولانا شمس الحق صاحب عظیم آبادی رح لکھتے ہیں۔

ان الانبیاء احیاء فی قبورهم۔ (عون المعبود : ج ۱ : ص ۴۰۶)

حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔

ذمہ دار اصحاب ظواہر بھی جملہ اہل الرائے حضرات کے ساتھ اس امر پر متفق ہیں کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام وفات کے بعد اپنی قبور اور برزخ میں زندہ ہیں۔ اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ اور امام بیہقی وغیرہ نے اس مسئلہ پر صرف باب ہی قائم نہیں کیا بلکہ مستقل رسالہ اور کتاب لکھ کر اس کو اجاگر کیا ہے اسی طرح دیگر کتب حدیث، شروح حدیث اور کتب فقہ و سیر میں اس مسئلہ پر خاصا مواد اور دلائل موجود ہیں۔ جن سے انصاف و دیانت کی دنیا میں علمی طور پر اغماض و اعراض نہیں کیا جا سکتا۔

اجماع امت اور حیات الانبیاء

"علماء امت اور حیات الانبیاء" کے عنوان کے تحت آپ نے تفصیل سے دیکھ لیا کہ اجماع پر خاصی روشنی پڑ چکی ہے۔ بلکہ سطر سطر سے اجماع کا ثبوت ہو چکا ہے۔ تاہم مزید اطمینانِ قلب کی خاطر اجماع سے متعلق چند صریح حوالے نقل کئے جا رہے ہیں۔

○ امام شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی رح لکھتے ہیں کہ۔

نحن نؤمن و نصدق بانہ صلی اللہ علیہ وسلم حی یرزق فی قبرہ و ان جسدہ الشریف لا تأکلہ الارض والاجماع علی ھذا۔

(القول البدیع، ص۱۲۵)

ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس کی تصدیق کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں اور آپ کو رزق ملتا ہے اور آپ کے جسدِ اطہر کو زمین نہیں کھا سکتی اور اسی پر اجماع منعقد ہے۔"

اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قبر مبارک میں زندہ ہونا اور آپ کو رزق ملنا اور جسدِ اطہر کا محفوظ رہنا اجماعِ امت سے ثابت ہے۔ اگر بالفرض قرآن و حدیث سے اس کا ثبوت نہ بھی ہوتا تب بھی امتِ مسلمہ کا اجماع شرعی دلائل میں سے ایک وزنی دلیل ہے۔

○ علامہ محمد عابد سندھی رح لکھتے ہیں۔

اما ھم فحیا تھم لا شک فیہا ولا خلاف لاحد من العلماء فی ذلک (الی ان قال) فھو صلی اللہ علیہ وسلم حی علی الدوام۔ (رسالہ مدنیہ ص۲)

بہر حال حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات میں کوئی شک نہیں اور علمائے سے کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے۔ (پھر آگے فرمایا) پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دوامی طور پر زندہ ہیں۔"

کسی کا اختلاف نہ ہونا یہی اجماعِ سکوتی ہے۔

۱۱۸

○ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رح فرماتے ہیں۔

"حیات انبیاء متفق علیہ است ہیچ کس را دروے خلافے نیست۔ (اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۶۱۳)

شیخ محدث دہلوی رح ایک وسیع النظر عالم ہونے کے باوجود کس وضاحت سے اجماع کا دعویٰ کر رہے ہیں ملاحظہ ہو۔

○ نواب قطب الدین خانصاحب تحریر فرماتے ہیں۔

"زندہ ہیں انبیاء علیہم السلام قبروں میں مسئلہ متفق علیہ ہے کسی کو اس میں خلاف نہیں کہ حیات وہاں حقیقی جسمانی اور دنیا کی سی ہے" (مظاہر حق: ج ۱، ص ۴۴۵)

نواب صاحب " دنیا کی سی " کا جملہ بول کر یہ حقیقت بتلانا چاہتے ہیں کہ حضرات انبیاء علیہم السلام کی یہ حیات من کل الوجوہ دنیوی نہیں ہے کہ حسی کھانے پینے کی حاجت ہو۔ بلکہ بعض وجوہ سے دنیوی ہے۔ مثلاً ادراک، علم اور شعور وغیرہ۔

○ علامہ داؤد بن سلیمان البغدادی لکھتے ہیں۔

"والحاصل ان حیاۃ الانبیاء ثابتۃ بالاجماع" (المنحۃ الوہبیۃ ص ۶)۔

حاصل یہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات بالاجماع ثابت ہے۔

بزرگان دیوبند اور اجماع حیات الانبیاء

مولانا ابوالعتیق عبدالهادی صاحب نجیب آبادی رح لکھتے ہیں۔

"انہم اتفقوا علی حیوتہ صلی اللہ علیہ وسلم بل حیاۃ الانبیاء علیہم السلام متفق علیہا لاخلاف لاحد فیہ" (انوار المحمود شرح ابوداؤد: ج ۲ ص ۱۱)

محدثین کرام اس بات پر متفق ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں بلکہ تمام حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات متفق علیہا ہے۔ اس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔

○ حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی رح فرماتے ہیں۔

"تمام اہل السنت والجماعت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام وفات کے بعد اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز و عبادات میں مشغول ہیں اور حضرات انبیاء کرام کی برزخی حیات اگرچہ ہم کو محسوس نہیں ہوتی لیکن بلاشبہ یہ حیات حسی اور جسمانی ہے اس لئے کہ روحانی اور معنوی حیات تو عامۂ مؤمنین بلکہ ارواح کفار کو بھی حاصل ہے"

(سیرت المصطفیٰ: ج ۳: ص ۳۵۸)

۱۱۹

اصحاب ظواہر حضرات اور اجماع حیٰوۃ الانبیاء علیہم السلام

مشہور ظاہری عالم مولانا محمد اسماعیل صاحب سلفی رح لکھتے ہیں۔

"اہل سنت کے دونوں مکاتب فکر اصحاب الرائے اور اہل حدیث کا اس امر پر اتفاق ہے کہ شہداء اور انبیاء زندہ ہیں برزخ میں ۔ (آگے فرماتے ہیں کہ) انبیاء کی زندگی کے متعلق سنت میں شواہد ملتے ہیں صحیح احادیث میں انبیاء کے متعلق عبادات وغیرہ کا ذکر آتا ہے ۔ (حیات النبی ص۲۷)

قیاس صحیح اور حیٰوۃ الانبیاء

حافظ ابن حجر عسقلانی رح فرماتے ہیں

"و اذا ثبت انھم احیاء من حیث النقل فانہ یقویہ من حیث النظر کون الشہداء احیاء بنص القرآن و الانبیاء افضل من الشہداء" (فتح الباری : ج ۶ : ص۳۷۹)

غور فرمائیے ! جب شہداء کی زندگی نص قرآنی سے ثابت ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں تو حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ حدیث انس رض کی رو سے تو حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات ثابت ہی ہے ۔ عقلی اور نظری طور پر دلالۃ النص سے بھی حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات ثابت ہے ۔ اس لئے کہ وہ شہداء سے افضل ہیں ۔ تو لامحالہ ان کی حیات بھی شہداء سے افضل اور برتر ہوگی ۔ لہٰذا نقل و عقل سے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات ثابت ہے ۔ جو اس مسلک کے خلاف رائے رکھے تو اتنی بات یقینی ہے کہ اس کا اکابر دیوبند کے مسلک سے کوئی واسطہ نہیں ہے ۔

○

سوال ۲


جو لوگ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ سردار دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر شریف میں محض بے جان اور مردہ ہیں اور آپ کی دنیا کی سی زندگی کا انکار کرتے ہیں ، یہ کس فرقے کا عقیدہ ہے نام متعین فرمائیں ؟

○

الجواب ۲

تاریخ اسلام میں سب سے پہلے حجاج بن یوسف نے اس عقیدے کا انکار کیا ہے چنانچہ امام ابو القاسم عبد الکریم بن ہوازن المعروف بہ علامہ قشیری رح فرماتے ہیں کہ ۔

ان امور سے جن کی بناء پر فقہاء نے حجاج بن یوسف پر کفر کا فتویٰ دیا تھا ، ایک بڑا جرم یہ ہے حجاج جب مدینہ آیا اور زائرین حرم اطہر کو دیکھا کہ وہ پروانہ وار روضۂ اطہر کے اردگرد جمع ہو رہے تو اس نے کہا کہ تم لوگ لکڑیوں اور گلی سڑی ہڈیوں کا طواف کر رہے ہو ، اس پر علمائے



فتاوی محمودیہ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نور اللہ مرقدہ

تبویب، تخریج اور تعلیق

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم

زیر نگرانی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک پر اس طرح حاضر ہونا چاہئے کہ گویا اس مجلس میں تشریف فرما ہیں اور ہر حرکت وسکون کو ملاحظہ فرما رہے ہیں "متمثلاً فی خیالك، مستشعراً کأنه حاضر" وغیرہ الفاظ کو حذف کر دیا گیا، اگر پورے الفاظ ذکر کئے جاتے تو یہ شبہ ہی نہیں ہوتا، کیونکہ اس مقام پر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات پر یا آپ کے علم کے متعلق بحث نہیں ہے کہ جس میں عقیدۂ مسئولہ مذکورہ ہو، بلکہ آداب زیارت کا ذکر ہے۔ فقط واللہ اعلم وعلمہ أتم وأحکم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/۴/ ۵۵ھ۔

جواب صحیح ہے: سعید احمد غفرلہ، خادم دارالافتاء، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ ربیع الثانی/ ۵۵ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ ربیع الثانی ۵۵ھ۔

حیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبر میں

سوال [۲۷۲]: ہمارے یہاں ایک عالم دین نے تقریر میں فرمایا کہ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر گئے تو انہوں نے فرمایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ زندہ ہیں مگر میں اس بات کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں، قبر شریف سے جواب آیا کہ زندہ ہوں، انہوں نے پھر کہا کہ میں نہیں مانوں گا، آپ میرے سامنے آیئے تو مانوں گا، چنانچہ پھر قبر شریف شق ہوئی اور اس میں سے آپ نے اپنا دست مبارک نکالا، مصافحہ کیا اور فرمایا کہ میں زندہ ہوں۔ دریافت طلب بات یہ ہے کہ یہ روایت کسی مستند حدیث یا کتب فقہ میں منقول ہے اور اس کی سند کیسی ہے، یا من گھڑت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

یہ روایت حدیث یا فقہ کی کسی کتاب میں نہیں دیکھی، قبر اطہر میں زندہ تشریف فرما ہونے کی بحث مستقل

= بها. مستشعراً لعظمته صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم، کأنه یراه ...... اهـ". (غنیة المناسک فی بغیة المناسک، خاتمة في زیارة قبر سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم، ص: ۳۷۶، إدارة القرآن، والعلوم الإسلامیة، کراچی)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الحج. المقاصد الثلاثه، المقصد الثالث: ۲/ ۸۳، مصطفیٰ البابی الحلبی، مصر)

ہے، علماء حق کی تحقیق یہی ہے کہ زندہ تشریف فرما ہیں، اس پر دلائل بھی موجود ہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند۔

حیات انبیاء علیہم السلام

سوال [۲۷۳]: ۱...... حیات انبیاء علیہم السلام کے بارے میں احادیثِ صحیحہ نے کیا فرمایا ہے؟ کیا اسی قبر میں جہاں انبیاء علیہم السلام کے اجسامِ مبارکہ دفن کئے گئے ہیں اسی دنیوی جسدِ مبارکہ کے ساتھ اسی قبر میں زندہ ہیں؟ روحِ مبارک رفیقِ اعلیٰ کے مقام میں ہے یا اسی جسدِ مبارک میں؟ احادیث میں انبیاء علیہم السلام کا قبور میں نماز پڑھنے کا ذکر آیا، کیا وہ نماز اسی جسدِ اطہر مبارک کے ساتھ پڑھتے ہیں یا کسی اَور صورت میں تمثیلی اَرواح سے؟ نیز انبیاء علیہم السلام کی حیات روح مع الجسد کہنے والے کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ کیا اہلِ سنت والجماعت کے عقیدہ میں سے ہے؟

۲......شبِ معراج میں آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے تخفیف نماز کے بارے میں جو گفتگو ہوئی تھی وہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے جسد مع الروح سے ہوئی یا صرف روحِ مبارک سے؟

۳......شبِ معراج میں مسجدِ اقصیٰ میں آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جملہ انبیاء علیہم السلام کی

---

(۱) "عن أنس رضي الله عنه عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم قال: "الأنبياء أحياء في قبورهم يصلون". (شرح الصدور، باب أحوال الموتى في قبورهم، ص: ۱۸۷، دار المعرفة)

" ثم قال البيهقي: و لحياة الأنبياء بعد موتهم شواهد، فذكر قصة الإسراء في لقيه جماعةً من الأنبياء، و كلمهم، و كلّموه". (الحاوي للفتاوىٰ، كتاب البعث، أنباء الأذكياء بحياة الأنبياء: ۲/۱۷۹، دار الفكر بيروت)

"عن أوس بن أوس رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: "إن من أفضل أيامكم يوم الجمعة، فيه خلق آدم" ...... فقال: "إن الله عز وجل حرّم على الأرض أجساد الأنبياء". (سنن أبي داؤد، كتاب الجمعة، تفريع أبواب الجمعة: ۱/۱۵۰، سعيد)

(وسنن النسائي، كتاب الجمعة، باب إكثار الصلوة على النبي صلى الله تعالىٰ عليه و سلم: ۱/۲۰۳، قديمي)

امامت کا ذکر آیا ہے، آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتداء میں انبیاء علیہم السلام کے اجسام مبارکہ مقتدی ہوئے یا صرف روح انبیاء علیہم السلام کے؟

۴..... حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام جو بقید حیات ہیں، اس وقت مسجد اقصیٰ میں حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام مع الجسد مقتدی ہوئے یا صرف ان کی ارواح مبارکہ؟

۵..... عام مسلمان مرنے کے بعد جو کہ اپنی قبر میں دفن کئے جاتے ہیں بعد از تدفین فاتحہ خوانی کے لئے جو کلام اللہ پڑھا جائے، کیا وہ سنتے ہیں؟ نفی کی صورت میں حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس حدیث کا کہ ''مردے جوتیوں کی آواز سنتے ہیں'' کیا مطلب ہے؟

۶..... قبر سے مراد یہ قبر ہے جس میں میت کو دفن کیا جاتا ہے یا کوئی اور، عذاب قبر اسی زمینی قبر میں ہوتا ہے یا کسی اور جگہ؟ سوالات کے وقت منکر نکیر فرشتوں کا جو ذکر احادیث میں آیا ہے، اسی قبر میں سوالات اسی جسد عنصری متعلق روح سے کئے جاتے ہیں یا صرف روح سے؟

۷..... سماع موتی میں صحابہ رضی اللہ عنہم کا اختلاف ہے، کیا جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی رائے اثبات یا نفی میں ہے؟ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے سماع موتی کے حق میں ہے یا نفی میں؟

۸..... عام مسلمان مرنے کے بعد اس کی قبر پر قرآن خوانی فاتحہ خوانی، بلا معاوضہ جائز ہے یا نہیں؟ جائز کی صورت میں حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عمل کا جن احادیث میں ذکر آیا ہے وضاحت فرمائی جائے؟

الجواب حامداً و مصلیاً :

۱..... انبیاء علیہم السلام کے اجسام طیبہ کو مٹی نہیں کھاسکتی، وہ محفوظ ہیں (۱) اور بیہقی میں ہے:

"و عن أنس رضی اللّٰه تعالٰی عنه عن النبی صلی اللّٰه تعالٰی علیه و سلم: "إن الأنبیاء لا

---

(۱) "عن أوس بن أوس قال: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه و سلم: "إن من أفضل أیامكم یوم الجمعة، فیه خلق آدم" ...... فقال: "إن الله عزوجل حرّم علی الأرض أجساد الأنبیاء". (سنن أبی داؤد، كتاب الجمعة، تفریع أبواب الجمعة: ۱ / ۱۵۰، سعید)

(وسنن النسائی، كتاب الجمعة، باب إكثار الصلوة علی النبی: ۱ / ۲۰۳، قدیمی)

یترکون فی قبورهم بعد أربعین لیلةً، و لکنهم یصلون بین یدی اللّٰه تعالیٰ حتی ینفخ فی الصور"۔ إلیٰ قوله: قال البیهقی، فعلی هذا یصیرون کسائر الأحیاء، یکونون حیث ینزلهم اللّٰه تعالیٰ". (۱)۔

اس سے معلوم ہوا کہ ان کا جسم بھی ان کی قبر میں چالیس روز سے زائد نہیں رکھا جاتا بلکہ ان کو اٹھا لیا جاتا ہے، خدائے پاک جہاں چاہتے ہیں ان کو رکھتے ہیں (۲)، جب ان کا اصلی جسم موجود ہے تو جسمِ مثالی کی ضرورت نہیں بلکہ یہی جسم ان کے ساتھ رہتا ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیگر خصوصیات بھی حاصل ہیں۔

۲......روح مع الجسد سے ملاقات و گفتگو ہوئی (۳)۔

۳......روح مع الجسد سب نے اقتدا کیا (۴)۔

۴......روح مع الجسد۔ الحاوی للفتاوی جلد ثانی میں مستقل ایک رسالہ ہے جس کا نام ہے "أنباء الأذکیاء بحیات الأنبیاء" اس میں تفصیلی دلائل مذکور ہیں۔

۵......اس حدیث سے ایسا ہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ سنتے ہیں (۵)۔

---

(۱) (حیاة الأنبیاء للبیهقی، مترجم، ص: ۳۱، إدارہ اسلامیات، لاهور)

(و کذا فی الحاوی للفتاوی، کتاب البعث، أنباء الأذکیاء بحیاة الأنبیاء: ۲/۱۷۹، دار الفکر)

(۲) حضرت نے یہ بات روایت مذکورہ کی طرف منسوب کر کے کہی ہے، علمائے دیوبند کا عقیدہ دوسری روایات کثیرہ کی بناء پر جسم مبارک کا قبر میں موجود ہونے کا ہے، خود حضرت کا بھی وہی مسلک ہے جیسے ان کے دوسرے فتاویٰ سے ظاہر ہے، جیسے آئندہ مسئلہ میں صراحت کی ہے۔

(۳) "و قد ذکره جماعة من العلماء، و تشهد له صلاة موسی علیه السلام فی قبره، فإن الصلاة تستدعی جسداً حیاً، و کذلک الصفات المذکورة فی الأنبیاء لیلة الإسراء کلها صفات الأجسام". (شرح الصدور، باب زیارة القبور: ۲۰۲، دار المعرفة)

(و کذا فی الحاوی للفتاوی، کتاب البعث، أنباء الأذکیاء بحیاة الأنبیاء: ۲/۱۸۴، دار الفکر)

(۴) (راجع الحاشیه رقم: ۳)

(۵) "عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم قال: "العبد إذا وضع فی قبره، وتولی و ذهب أصحابه، حتی أنه لیسمع قرع نعالهم". (صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب المیت یسمع خفق النعال: ۱/۱۷۸، قدیمی)

" وفی حدیث الصحیحین من سماع العبد قرع نعال أصحابه إذا دفنوه و انصرفوا عنه، إذ ذاک تعود إلیه روحه للسؤال فیسمع وهو حیٌّ، والجمهور علی عود الروح إلی الجسد ...... والحق أن الموتی یسمعون فی الجملة". (روح المعانی، (سورة الروم: ۵۲): ۲۱/۵۷، دار إحیاء التراث العربی)

عقیدہ حیات النبی ﷺ کے متعلق مقبول دربارِ نبوی
پہلی مدلل جامع کتاب

رحمتِ کائنات ﷺ

(العالمین)

مؤلف

امام الزاہدین والعارفین قطب عالم حضرت مولانا

قاضی محمد زاہد الحسینی رحمۃ اللہ علیہ

دارالارشاد
مدینہ مسجد خانقاہ مدنی اٹک شہر
پاکستان۔فون: ۲۶۰۲۴۸۴-۰۵۷

رحمتِ کائنات اکابر علمائے اُمت اور صلحائے ملت کی نظر میں

(۱) دور حاضر کے امام الاولیاء صاحبِ کشف و کرامات قطب الاقطاب شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی قدس سرہٗ العزیز نے فرمایا

مخدومی و مکرمی قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ نے رحمتِ کائنات میں رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مزار مقدس کے اندر حضور ﷺ کے جسد عنصری میں بعینہٖ دنیاوی زندگی کی طرح روح کا موجود ہونا ثابت کیا ہے، اور اس پاکیزہ مقصد کے ثبوت میں آپ نے احادیث، آثار، اقوال سلف اور خلف، اور برزخی واقعات کا ایک عجیب مجموعہ جمع کر کے بے نظیر گلدستہ بنا کر رکھ دیا ہے، میرا یقین ہے کہ اس مسئلہ میں حق تلاش کرنے والے کو اس گلدستہ سے یقین کامل ہو جائے گا کہ حضور انور ﷺ کی حیات طیبہ جیسی سطح زمین پر تھی ویسی ہی مزار اقدس میں ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ آپ کو اس سعی بلیغ کی دارین میں جزاء خیر عطا فرمائے۔

آمین یا الٰہ العالمین

احقر الانام احمد علی عفی عنہ

۲۶ / رمضان المبارک ۱۳۷۸ھ

الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون
الحدیث

حیاتِ انبیاءِ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام

حضراتِ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی حیات بعد الوفات،
سماع، استشفاع، مسئلہ عذابِ قبر، کے اِثبات پر
ایک بے نظیر محققانہ مدلل ونفیس کتاب۔

مؤلفہ

حضرت مولانا مفتی سید عبد الشکور صاحب ترمذی مدظلہم
خلیفہ مجاز حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ وحضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ
مہتمم، بانی، مدرسہ عربیہ حقانیہ ساہیوال ضلع سرگودھا

ناشر

المکتبۃ الأشرفیۃ ○ جامعہ اشرفیہ
فیروز پور روڈ ○ لاہور ۱۶

۲۰

شریک ہوئے۔

(د) کئی برس ہوئے حضرت مولانا احمد علی صاحب سے مولوی غلام اللہ خان صاحب نے اپنے ہاں تقریر کی غرض سے تاریخ لی۔ جب تاریخ نزدیک آگئی تو حضرت مولانا احمد علی صاحب نے ان کو فرمایا کہ تم مسئلہ حیاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں اکابر دیوبند اور سلف کا مسلک ترک کر چکے ہو۔ اس لیے اگر میں آؤنگا تو مسئلہ حیاۃ بیان کروں گا اور فرمایا کہ یہ مسئلہ وہ سمجھ سکتا ہے جس کو یا عقیدت ہو یا بصیرت حاصل ہو۔ بصیرت تم کو حاصل نہیں اور عقیدت تم کو رہی نہیں۔ چنانچہ حضرت مولانا احمد علی صاحب پھر راولپنڈی تشریف نہ لے گئے۔

(ہ) جس طرح مرزا محمود صاحب کسی زمانہ میں سر ظفر اللہ اور میجر نذیر و دیگر سرکاری قادیانی ملازمین کے اقتدار کی وجہ سے آپے سے باہر ہو گیا اور غرور کے نشہ میں ایسی تقریریں کیں جس سے اس کے خفیہ ارادے ظاہر ہو گئے اور ایک بے نظیر تحریک شروع ہو گئی، اسی طرح مولوی عنایت اللہ اسی غرور میں کہ انہوں نے ہر مدرسہ میں طلبہ کی ایک تعداد اپنے ہم خیال بنا لی ہے آپے سے باہر ہو گئے اور خیر المدارس کے سالانہ جلسے میں اپنے مخصوص خیالات بیان کیے ان کی تقریر میں خوب نعرے لگتے رہے۔ حضرت مولانا خیر محمد صاحب ان کی تقریر میں موجود نہ تھے صبح دوسرے روز حضرت مولانا خیر محمد صاحب کو علم ہوا اور علماء دیوبند کی ایک جماعت نے جو جلسہ سالانہ میں شریک تھی۔ اور اس نے مولوی عنایت اللہ شاہ صاحب کی تقریر سنی تھی حضرت مولانا خیر محمد صاحب سے عرض کیا کہ ہم نے ضبط سے کام لیا آپ کے جلسہ کی وجہ سے تقریر میں مداخلت نہیں کی اس پر حضرت مولانا خیر محمد صاحب نے اگلی رات اکابر دیوبند اور سلف کے عقائد بیان فرمائے اور مولوی عنایت اللہ شاہ صاحب کی تقریر کی تردید فرمائی۔ مولوی عنایت اللہ شاہ صاحب نے اس کے بعد ملتان کی ایک مسجد کو اپنا اڈہ بنا کر اپنی تقریر کی تائید اور مولانا خیر محمد صاحب کی تردید میں اکثر تقریریں کیں اور مولانا غلام اللہ خان صاحب اور ان کے اکثر ساتھی مولوی عنایت اللہ کی تائید اور مولانا خیر محمد صاحب کی تردید کے لیے ملتان سال بھر یکے بعد دیگرے آتے رہے اور مناظرہ کا چیلنج دیتے رہے اور یہ بھی کہا گیا کہ مولانا خیر محمد صاحب کو شیخ الحدیث کس نے بنا دیا جن کو یہ بھی پتہ نہیں وہ بھی پتہ نہیں۔ تو میرا فرض تھا کہ میں ان کو جواب دیتا جس وجہ سے انہوں نے مجھ کو فریق قرار دیدیا

معارف القرآن

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مفتی اعظم پاکستان

جلد ۷

لقمان، الم سجدہ، احزاب، سبا، فاطر، یٰسین، صٰفّٰت، ص، زمر، مومن، حم سجدہ، شوریٰ، زخرف، دخان، جاثیہ، احقاف

پارہ ۲۱، رکوع ۱۰ تا پارہ ۲۶، رکوع ۴

ادارۃ المعارف

کراچی ۱۴ پاکستان

اپنی امت کے سب افراد کے اچھے بُرے اعمال کی شہادت دیں گے۔ اور یہ شہادت اس بنا پر ہوگی کہ امت کے اعمال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہر روز صبح و شام اور بعض روایات میں ہفتہ میں ایک روز پیش ہوتے ہیں، اور آپؐ امت کے ایک ایک فرد کو اس کے اعمال کے ذریعہ پہچانتے ہیں۔ اس لئے قیامت کے روز آپؐ امت کے شاہد بنائے جائیں گے (رواہ ابن المبارک عن سعید بن المسیب، مظہری)

اور مبشر کے معنی بشارت دینے والا، مراد یہ ہے کہ آپؐ اپنی امت کے نیک باشرع لوگوں کو جنت کی خوش خبری سنانے والے ہیں۔ اور نذیر کے معنی ڈرانے والا، مراد یہ ہے کہ آپؐ امت کے لوگوں کو درصورت خلاف ورزی و نافرمانی کے عذاب سے ڈرانے والے بھی ہیں۔

داعی الی اللہ سے مراد یہ ہے کہ آپؐ امت کو اللہ تعالیٰ کے وجود اور توحید اور اطاعت کی طرف دعوت دینے والے ہیں۔ داعیاً الی اللہ کو باذنہ کے ساتھ مشروط فرمایا کہ آپؐ لوگوں کو اللہ کی طرف دعوت دیتے اور بلانے والے اللہ ہی کے اذن و اجازت سے ہیں۔ اس قید و شرط کا اضافہ اس اشارہ کے لئے ہے کہ تبلیغ و دعوت کی خدمت سخت دشوار ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے اذن اور اعانت کے بغیر انسان کے بس میں نہیں آسکتی۔

سراج کے معنی چراغ اور منیر کے معنی روشن کرنے والا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پانچویں صفت اس میں یہ بیان فرمائی گئی کہ آپؐ روشن کرنے والے چراغ ہیں، اور بعض حضرات نے سراج منیر سے مراد قرآن لیا ہے، مگر نسق کلام سے قریب یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت ہے۔

بیہقی وقت حضرت قاضی ثناء اللہ صاحبؒ نے تفسیر مظہری میں فرمایا کہ آپؐ کی صفت داعی الی اللہ تو ظاہر اور زبان کے اعتبار سے ہے، اور سراج منیر آپ کی صفت آپؐ کے قلب مبارک کے اعتبار سے ہے کہ جس طرح سارا عالم آفتاب سے روشنی حاصل کرتا ہے اسی طرح تمام مومنین کے قلوب آپؐ کے نور قلب سے منور ہوتے ہیں اسی لئے صحابۂ کرام جنھوں نے اس عالم میں آپؐ کی صحبت پائی وہ ساری امت سے افضل و اعلیٰ قرار پائے۔ کیونکہ ان کے قلوب نے قلب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بلاواسطہ عیاناً فیض اور نور حاصل کیا، باقی امت کو یہ نور صحابۂ کرام کے واسطے سے واسطہ در واسطہ ہو کر پہنچا (انتہی بکلامہ) اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ تمام انبیاء خصوصاً رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے گذر نے کے ____ بعد بھی اپنی قبروں میں زندہ ہیں، ان کی

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون (رواہ ابویعلی)

القول النقی

فی

حیاتِ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مؤلف مفسر القرآن شیخ طریقت حضرت مولانا مولوی

محمد عبداللہ صاحب بہلوی نور اللہ مرقدہ

زیر اہتمام

خادم خانقاہ بہلویہ ومہتمم مدرسہ

حضرت مولانا حاجی عزیز احمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ

ناشر مفتی حسین احمد المدنی بہلوی ناظم تعلیمات

مدرسہ اشرف العلوم

حبیب آباد شجاع آباد۔ فون: 4397386, 0300-6358551

ثابت ہیں نہ ائمہ مجتہدین رحمہم اللہ تعالیٰ نے استنباطاً جائز رکھی ہیں ہم انکو جسمانی روحانی حیات کے اعتقاد پر قیاساً واجتہاداً ثابت کریں اور چودھویں صدی کے مجتہد و بزرگ بن کر معاملہ کریں اور فتوٰی دیویں یہ ہر گز ہر گز جائز نہیں۔ ایسا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے بجائے اللہ تعالیٰ کے غضب میں آجاویں۔ اور حضور کے غضب میں آجاویں۔ نعوذ باللہ من غضبہٖ وغضب رسولہٖ۔ حضرت خواجہ غلام فرید صاحب جب مدینہ منورہ حاضر ہوئے جوش محبت میں آکر بوسہ دینے کے ارادے سے ٹیڑھے ہو کر پھر سیدھے کھڑے ہوئے کسی نے عرض کیا۔ کیوں ایسا کیا فرمایا ہم آئے ہیں راضی کرنے کے لئے۔ ایسا نہ ہو کہ شریعت کا خلاف کر کے آپ کو ناراض کریں۔ کذا فی ملفوظ خواجہ صاحب حصہ چہارم ص

خلاف شریعت کسے راہ گزید ۔۔۔ کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

تنبیہ: ہمارے اکابر واسلاف دیوبند رحمہم اللہ تعالیٰ عنہم ہمارے مرشدین نقشبندیہ قادریہ چشتیہ، سہروردیہ رحمہم اللہ تعالیٰ کا بھی یہی اعتقاد ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دنیاوی وفات کے بعد قبر مبارک میں جسمانی روحانی حیات سے زندہ ہیں۔ اس زندگی سے بھی افضل واکمل۔ جو دنیا میں تھی۔ اس کے دلائل پیش خدمت کئے بعض دلائل تمام طور پر مصرح ہیں۔ اور بعض دلائل روحانی حیات کے زیادہ مؤید ہیں چونکہ مسلک ہمارے متقدمین ومتاخرین کا ہر دور روحانی وجسمانی حیات کا ہے اس لئے وہ دلائل ہمارے خلاف نہیں کیونکہ روحانی حیات مبارک کے ہم بھی قائل ہیں فافہم ولا تکن من القاصرین۔ (الغرض) ابتدا میں بھی یہی عرض کیا گیا ہے کہ یہ رسالہ اپنے احباب کی فہمائش کے لئے مختصر طور لکھا گیا ہے کسی کی تردید یا تشنیع یا تعریض کے لئے نہیں اگر کسی کا فکر اس کے موافق نہیں ہے وہ اپنا ما فی الضمیر اپنے احباب کے لئے شائع کر دیوے۔

اٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيْرِ

فتاویٰ مفتی محمود

جلد اول

فقیہ ملت مفکر اسلام مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ
شیخ الحدیث جامعہ قاسم العلوم ملتان۔

جمعیۃ پبلیکیشنز
متصل مسجد پائلٹ ہائی سکول، وحدت روڈ، لاہور۔ فون : ۰۴۲-۵۴۲۷۹۰۱-۲

(۴) اس کا جواب معلوم ہو گیا۔

(۵) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء علیہم السلام اپنی قبور مطہرہ میں حیات ہیں حدیث معتبر سے ثابت ہے علامہ سیوطی نے شرح الصدور فی احوال الموتی والقبور میں اس قسم کی احادیث بہت نقل کی ہیں۔ لیکن یہ حیات عنصری حیات سے کچھ مختلف ہے جس کی تفصیل کی گنجائش نہیں تفصیل بہت طویل ہے (۱)۔

(۶) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیوض و برکات سے تمام امت مستفید ہوتی ہے آخرت میں بھی آپ ہی کی شفاعت سے امت کی مشکلات حل ہوں گی اس صورت سے تو یقیناً امداد پہنچتی ہے لیکن یہ سب اللہ تعالیٰ کے اذن کے تحت ہے (۲)۔

(۷) بیعت کسی کامل ولی اللہ کی ضرور کرنی چاہیے تزکیہ قلب جویز کیھم سے ثابت ہے۔ بغیر اس طریقہ مشائخ کے نہیں ہو سکتا لیکن خلاف شریعت راہ چلنے والے پیر کی بیعت جائز نہیں۔ اس کے لیے غور کر کے متبع سنت و شریعت پیر کی بیعت ہونا چاہیے (۳)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

محمود عفا اللہ عنہ، مفتی مدرسہ قاسم العلوم ملتان، شہر، ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۷۲ھ

---

۱) علی ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حی فی قبرہ کما ان الانبیاء علیہم السلام، احیاء فی قبورھم، بذل المجھود، ں کتاب الصلوۃ، ج ۲ ص ۱۱۷، قاسمیہ ملتان۔
وفی الحاوی للفتاوی: فاقول حیاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قبرہ ھو سائر الانبیاء معلومۃ عندنا علماً قطعیاً لما قام عندنا من الادلۃ فی ذلک الخ، اتباء الاذکیا بحیاۃ الانبیاء، ج ۲ ص ۱۳۹، دار الکتب علمیۃ بیروت۔

۲) قال اللہ تعالی: وما ارسلنك الا رحمۃ للعالمین، الآیۃ نمبر ۱۰۷، سورۃ الانبیاء، وقال ایضاً: من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ، البقرۃ نمبر ۲۵۵۔
وفی تفسیر ابن کثیر تحت ھذہ الآیۃ: وھذا من عظمتہ وکبریائہ عزوجل، انہ لا یتجاسر احد علی احد علی ان یشفع لاحد عندہ الا باذنہ لہ فی الشفاعۃ، کما فی حدیث الشفاعۃ: اتی تحت العرش فاخر للہ ساجداً، فیدعنی ما شاء اللہ ان یدعنی، ثم یقال: ارفع راسك، وقل تسمع واشفع تشفع، قال: فیحد لی حداً فادخلھم الجنۃ، سورۃ البقر، الآیۃ نمبر ۲۵۵، ج ۱ ص ۶۱۳، قدیمی کتب خانہ۔
کذا فی شرح العقائد: ص ۸۷، دار الإشاعت العربیۃ کوئٹہ۔

۳) قال اللہ تعالی: ربنا وابعث فیھم رسولاً ...... ویزکیھم، الآیۃ نمبر ۱۲۹، سورۃ البقرۃ۔
کذا فی روح المعانی، سورۃ الممتحنۃ: ج ۲۸ ص ۳۸۰، دار احیاء التراث العربی، بیروت۔

(۲) انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام اپنی قبور میں سب احیاء ہیں اخرج ابو داؤد عن اوس بن اوس الثقفی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال افضل ایامکم یوم الجمعة فاکثروا علی الصلوۃ فیہ فان صلوتکم تعرض علی قالوا یا رسول اللہ وکیف تعرض علیک صلوتنا وقد ارمت (یعنی بلیت) فقال ان اللہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء الحدیث الی غیر ذلک من الاحادیث الصحیحة الواردة فی حیاۃ الانبیاء علیہم السلام[1]۔

لیکن یہ حیات حیات عنصری سے کچھ مختلف ہے۔ شرح الصدور فی احوال الموتی والقبور میں علامہ سیوطی نے اس کو تفصیل سے ذکر کیا ہے۔

(۳) قرآن کریم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نور کا اطلاق فرمایا گیا ہے[2]۔ نیز آپ نے اپنی دعاؤں میں بھی اللھم اجعلنی نوراً فرمایا ہے اس لیے یہ اطلاق جائز ہے[3] لیکن اس سے باتفاق علماء مراد یہ ہے کہ جس طرح نور ذریعہ ہدایت ہے اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ذریعہ ہدایت ہیں چونکہ نبی کریم کا انتہائی کمال اسی میں ہے کہ شان نبوت و ہدایت میں درجہ کمال حاصل ہو اس لیے اپنی دعاؤں میں اسی کمال کو طلب فرمایا ہے اور اس معنی پر قرآن اور توریت کو بنص قرآنی نور فرمایا گیا ہے۔ یہ مراد نہیں کہ عالم عناصر کے آثار مخصوصہ سے مجرد ہو کر فقط نور ہی نور رہو گا۔ بلا تاویل اس کے خلاف عقیدہ رکھنے والے کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے[4]۔

محمود عفا اللہ عنہ خادم الافتاء مدرسہ قاسم العلوم ملتان شہر

---

۱) ابوداؤد، کتاب الصلوۃ، باب تفریع ابواب الجمعة، ج ۱ ص ۱۵۸، طبع رحمانیہ اردو بازار لاھور۔

۲) قد جاء کم من اللہ نور وکتاب مبین، سورۃ المائدۃ، الآیة ۱۵، وکذا فی روح المعانی عظیم وھو نور الانوار والنبی ...... (قدجاءکم) بغیر عاطف فعلق به اولا وصف الرسول ...... الخ، سورۃ المائدۃ، الآیة ۱۶، ج ٦ ص ٣٦٧، طبع دار احیاء التراث العربیة، بیروت۔

وکذا فی تفسیر قرطبی: (قد جاء کم من اللہ نور) الخ، ای ضیاء، قبل الإسلام، وقیل: محمد علیه السلام، عن الزجاج، سورۃ المائدۃ، ج ٦ ص ١١٨، طبع بیروت۔

۳) عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال بت عند میمونة فقام ...... واجعل لی نوراً ...... الخ، الصحیح البخاری، باب الدعاء اذا انتبہ من اللیل، ج ۲ ص ٩٣٤، طبع قدیمی کتب خانہ کراچی۔

٤) ویکرہ امامة ...... ومبتدع، ای: صاحب بدعة وھی اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول ...... الخ حاشیہ ابن عابدین، کتاب الصلوۃ، باب الإمامة، ج ۲ ص ٣٥٦، طبع رشیدیہ کوئٹہ۔

وکذا فی البحر الرائق، کرہ امامة العبد والاعرابی والفاسق والمبتدع والاعمی ...... الخ، کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ج ۱ ص ٦٠٧ تا ٦١٠، طبع رشیدیہ کوئٹہ۔

عقیدہ حیات النبی ﷺ کے متعلق مقبول دربارِ نبوی
پہلی مدلل جامع کتاب

رحمتِ کائنات ﷺ

مؤلف

امام الزاہدین والعارفین قطب عالم حضرت مولانا
قاضی محمد زاہد الحسینی رحمۃ اللہ علیہ

دار الارشاد
مدینہ مسجد خانقاہ مدنی اٹک شہر
پاکستان۔فون: ۲۶۰۲۴۸۴-۰۵۷

سید عطاء اللہ شاہ بخاری رح کا عقیدہ حیات النبی ﷺ

(۸) خطیبِ اسلام یادگار سلف مولانا قاری **محمد طیب** صاحب

مہتمم دارالعلوم دیوبند

احقر اور احقر کے مشائخ کا مسلک وہی ہے جو المہند وغیرہ میں بالتفصیل مرقوم ہے یعنی برزخ میں جناب رسول اللہ ﷺ اور تمام انبیاءؑ علیہم السلام بجسدِ عنصری زندہ ہیں، جو حضرات اس کے خلاف ہیں وہ اس مسئلہ میں دیوبند کے مسلک سے ہٹے ہوئے ہیں۔ (محمد طیب "مدیر دارالعلوم دیوبند حال وارد ملتان (پاکستان) ۴/ربیع الثانی ۸۷ ۱۳ھ)

(۹) انہیں ایام میں جب احقر معتکف تھا تو استاذ محترم مولانا سید **محمد بدر عالم** مہاجر مدنیؒ نے خواب میں فرمایا۔

لوگ مرتے ہیں تو مرتے رہیں آپ حیات پر لکھتے رہیں۔

(۱۰) امیر شریعت **سید عطاء اللہ شاہ بخاری** نور اللہ مرقدہٗ

کا حیات النبی ﷺ پر یقین و اعتماد۔

تحصیل لیاقت پور کے قصبہ اسلام پور میں شیعہ سنی کے درمیان مناظرہ ہونے والا تھا کہ اسی تاریخ کو امیر شریعتؒ کی اس علاقہ میں تقریر کا اعلان ہوا جس میں شیعہ اور سنی بھی شریک ہوگئے، حضرت امیر شریعت نے خطبہ مسنونہ کے بعد فرمایا،

"میں جنگ لڑنے نہیں آیا اور نہ ہی مناظرہ اور مباحثہ کا قائل ہوں میں براہان اور دلائل کے زور سے کسی کو کوئی بات منوانے کے لئے تیار ہوں شیعہ حضرات سے صرف اتنا کہوں گا کہ دو چار آدمی اپنی طرف سے ایسے تیار کریں جو صالح فطرت ہوں میں ان کے ساتھ مدینہ منورہ جانے کو تیار ہوں، وہاں سرکار دوعالم ﷺ کے آستان مقدس پر عرض کیا جائے گا کہ حضور اصحاب ثلاثہ

کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار فرمائیں، اگر حضورؐ نے جواباً فرمایا کہ یہ میرے ہیں تو پھر تمہیں بھی ان پر ایمان لانا پڑے گا اگر حضور ﷺ نے کوئی جواب مرحمت نہ فرمایا تو پھر میں تمہارا ہی مسلک اختیار کرلوں گا''

حضرت امیر شریعتؒ کا یہ فرمانا تھا کہ جلسہ گاہ کی فضا اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی اور اس کا یہ اثر مرتب ہوا کہ پھر کبھی مناظرانہ انداز میں وہاں پر جلسے جلوس منعقد نہ ہوئے اور تمام سامعین پر یہ بات واضح ہوگئی کہ حضرت امیر شریعتؒ بلکہ تمام اکابر علماء دیوبند حیاتِ انبیاء علیہم السلام کے نہ صرف قائل ہیں بلکہ یہ عقیدہ ان کے نزدیک اصول کی حیثیت رکھتا ہے، مولانا محمد قاسم نانوتویؒ بانی دارالعلوم دیوبند سے لیکر (سابق) مہتمم دارالعلوم دیوبند قاری محمد طیبؒ کی ذات تک سب اس بات کے قائل ہیں کہ حضور پرنور سرورِ کائنات ﷺ روضہ اقدس میں حیات حسّی کے ساتھ جلوہ افروز ہیں۔

(ماہنامہ نقیب ختم نبوت امیر شریعت نمبر حصہ دوم، ص ۲۰۲)

خیال یہ تھا کہ جن اہل علم کو اس عقیدہ کے سمجھنے میں مغالطہ لگا ہے وہ رجوع کرلیں گے مگر اس کے برعکس ایک خاص طبقہ نے اس عقیدۂ مسلّمہ کی مخالفت میں رسائل لکھے اور تقاریر میں اس کے خلاف بہت کچھ کہا جس کے دفاع کے لئے اور تائید عقیدۂ حقہ کے لئے بھی علمأ کرام نے کئی کتابیں لکھیں جن میں سے :

مقامِ حیات، مؤلفہ علامہ خالد محمود صاحب،

تَسکِینُ الصُّدُور، مؤلفہ مولانا محمد سرفراز خان شیخ الحدیث گوجرانوالہ۔

عَقِیدَۃُ المُحَدِّثِین، مؤلفہ مولانا سید میرک شاہ صاحب کشمیری

حضرت مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری رح کا عقیدہ

(۲) مرشد العلماءٔ حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری رحمہ اللہ

''احقر توان حضرات (حضرت نانوتویؒ وحضرت مدنیؒ) کے ساتھ ہی ہے جوان اکابر کا عقیدہ ہے وہی احقر کا عقیدہ ہے آپ اپنا عقیدہ علماءٔ دیوبند ہی کا رکھیں یہی عقیدہ صحیح ہے۔ (۱۷/ربیع الاول ۱۳۷۸ھ ۲/اکتوبر ۱۹۵۸ء لاہور)

(۳) بقیۃ السلف شیخ الحدیث حضرت مولانا محمدزکریا رحمہ اللہ

مکرم ومحترم مدفیوضکم بعد سلام مسنون! پیکٹ مرسلہ رحمتِ کائنات دوعدد پہنچ کر موجب منت ہوا حضرت اقدس رائے پوری دام مجدہم کے نام کا نسخہ حضرت کی خدمت میں اسی وقت پیش کردیا، یہ ناکارہ دعا کرتا ہے کہ حق تعالیٰ شانہ' اپنے فضل وکرم سے مساعی جمیلہ کو مثمر برکات بنائے اور دونوں جہانوں میں اس مبارک جدوجہد کی بہترین جزائے خیر اپنی شایان شان عطاءٔ فرمائے والسلام۔ زکریا مظاہر العلوم۔ ۳۰/جمادیٔ الثانی ۱۳۷۸ھ

(۴) استاذ العلماءٔ حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

رحمت کائنات ابھی پہنچی اور مطالعہ سے بھی فارغ ہوا مطالعہ کرکے دل خوش ہوا اور دعائیں دیں اللہ کریم آپ کو ایسی خدمات کے لئے تادیر سلامت رکھے، آمین۔ ۱۵/جون ۱۹۵۸ء

(۵) مفتیٔ اعظم پاکستان مولانا محمد شفیعؒ سابق مفتیٔ اعظم دارالعلوم دیوبند

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ رسالہ رحمتِ کائنات مصنفہ مولانا محمد زاہد الحسینی کا تقریباً پورا مطالعہ کیا حیات انبیاءٔ علیہم السلام کے مسئلہ پر نہایت نافع اور مفید تحقیقات جمہور اہل السنۃ والجماعت کے عقیدہ کے مطابق جمع کردی ہیں اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطاءٔ فرماویں، مسئلہ کے متعلق تحقیقات کے ضمن میں آنحضرت ﷺ کے تاقیامت باقی رہنے والے فیوض وبرکات اور آثار حیات

القصائد البنورية

للمحدث الكبير العلامة الاديب
سماحة الشيخ محمد يوسف البنوري رحمه الله

●

جمع وشرح

صاحب الفضيلة الدكتور محمد حبيب الله مختار الشهيد رحمه الله

●

مجلس الدعوة والتحقيق الاسلامي
جامعة العلوم الاسلامية
علامه محمد يوسف بنوری ٹاؤن کراتشی پاکستان

وفيما تواترنا دليل مبين فيا صاح زر قبر الرسول وسدد(١)

حياة لرسل في القبور حقيقة وجاء به نص الحديث المجود(٢)

رواه إمام بيهقى مصححًا وذاك دليل جاء فيه لمرتد

أيا فضل صمداني ويا فضل خالق فحجكما المبرور رغم الحسد(٣)

فبوركت يا حج الحجيج وبوركوا صحاب كرام عاشروا بالتودد(٤)

صلاة وتسليمات رب مهيمن على خاتم الرسل الكرام محمد(٥)

وآل وصحب ثم تبع وتبعهم وزوار بيت للإله المصمد(٦)

ومثل.

(١) يا صاح على الترخيم أي يا صاحب وجعمه: صحب والصاحب: الملازم والمعاشر، وصاحب الشيء: مالكه، وصاحب أمر الملك: وزيره، والنص: الكلام المنصوص، والنص من الكلام: هو ما لا يحتمل إلا معنى واحدًا أو لا يحتمل التأويل.

(٢) المجود من جود الشيء: حسنه وجعله جيدًا، والمراد به الحديث الصحيح.

(٣) المبرور: المقبول من برّ في قوله: صدق، وبرت الصلاة: قبلت، وبر الله الصلاة: قبلها، ورغمه رغمًا: قهره وقسره، والرغم بالراء المثلثة: الكره والقسر والذل، يقال: أتى على رغمه أي على كره منه. وحسد جمع حاسد، والحسد تمنى زوال نعمة الغير وتحولها إلى نفسه.

(٤) والحجيج جمع الحاج: والحج في اللغة: القصد، وحج الجرح: سبره بالمحجاج وهو الميل الذي يسير به الجرح، والتودد: طلب المودة واجتلاب المحبة، وتودد إليه: تحبب.

(٥) المهيمن من هيمن الرجل: قال: آمين كأمن والهاء بدل من الهمزة، وروى عن عمر رضى الله تعالى عنه أنه قال يومًا: إني داع فهيمنوا أي فأمنوا، قلب أحد حرفي التشديد في أمنوا ياءً فصار أيمنوا، ثم قلب الهمزة هاءً وإحدى الميمين ياءً، فصار هيمنوا، والمهيمن من أسماء الله تعالى، واختلف في معناه فقيل: المؤمن أي الآمن غيره من الخوف، وقيل: هو بمعنى الأمين أو المؤتمن أو الشاهد.

(٦) المصمد من صمد بتشديد الميم وتخفيفها صمد فلانًا وله وإليه: قصده، والمصمد من أسماء الله الحسنى، والمصمد والمصمود: المقصود.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ الآیۃ (قرآن کریم)

اَلْاَنْبِيَاءُ اَحْيَاءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ (حدیث شریف)

تَسْكِيْنُ الصُّدُوْرِ

فِیْ

تَحْقِيْقِ اَحْوَالِ الْمَوْتٰی فِی الْبَرْزَخِ وَالْقُبُوْرِ

جس میں قرآن کریم صحیح احادیث اور حضرات سلف صالحین کی واضح عبارات سے قبر کا مفہوم اور راحت و عذاب قبر کے بارے میں اسلامی نظریہ بیان کیا گیا ہے اور صحیح احادیث اور ٹھوس عبارات سے قبر میں اعادۂ روح پر نفیس اور مدلل بحث کی گئی ہے نیز حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی قبور میں حیات اور عند القبور ان کے سماع پر واضح دلائل اور براہین سے تحقیق کی گئی ہے اور عام سماعِ موتٰی پر بھی مختصر مگر اصولی بحث کی گئی ہے اور مسئلہ توسل پر بھی بحمد اللہ تعالیٰ سیر حاصل اور باحوالہ بحث کی گئی ہے اور اس سلسلہ میں کئے گئے جملہ اعتراضات کے کتب تفسیر و عقائد شروح حدیث اور فقہ سے بفضلہ تعالیٰ مُسکت جوابات عرض کئے گئے ہیں نیز اس طبع میں تسکین الصدور پر کئے گئے قابلِ توجہ اعتراضات کا بھی خوب جائزہ لیا گیا ہے۔ وَاللّٰہُ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَہُوَ یَہْدِی السَّبِیْلَ۔

مؤلفہ

ابو الزاہد محمد سرفراز خان صفدر خطیب جامع مسجد گکھڑ و صدر مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

ناشر

مکتبہ صفدریہ نزد مدرسہ نصرۃ العلوم نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

۲۲

سابق وزیر معارف شرعیہ ریاستہائے متحدہ بلوچستان وشیخ التفسیر دار العلوم دیوبند وشیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ ڈابھیل وحال صدر شعبۂ تفسیر اسلامی یونیورسٹی بہاولپور۔ جامع العلوم العقلیۃ والنقلیۃ حضرت العلام مولانا محمد شمس الحق صاحب افغانی دامت برکاتہم السامیۃ

محترم المقام جناب مولانا ابوالزاہد محمد سرفراز خان صفدر دامت فیوضاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ آپ کی کتاب تسکین الصدور فی تحقیق احوال الموتی فی البرزخ والقبور پہونچی اس کے مندرجات مطالعہ سے گذرے الم وراحت قبر اور انبیاء علیہم السلام کی حیات فی القبور اور انکے سماع عند القبور اور عدم سماع موتی اور توسل۔ بمقبولین کے ابحاث کی تفسیری کلامی اور فقہی وحدیثی دلائل اور نقد الرواۃ کے مباحث بھی نظر سے گذرے ان ابحاث پر آپ کی کتاب کا لب لباب اہل السنۃ والجماعۃ کے مسلک کے مطابق ہے اور منہج سلف صالحین کا آئینہ دار ہے۔ احقر ان سے متفق ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ جل مجدہ اس کتاب کو اہل زیغ کے لیے موجب ہدایت بنائے۔ مجھے امید ہے کہ اس کتاب کی برکت سے متنازعین کا اختلاف ختم ہو جائے گا۔ بشرطیکہ توفیق الہی اور خشیۃ اللہ دستگیری فرمائے اور اتباع ہوی کی آلایش سے قلب وضمیر کو پاکی نصیب ہو۔

احقر شمس الحق افغانی عفا اللہ عنہ بہاولپور۔ ۸ رجمادی الاخری ۱۳۸۶ھ۔

بحر العلوم۔ المحدث الکامل۔ الفقیہ الجلیل۔ المحقق النبیل حضرت العلامہ مولانا السید محمد یوسف صاحب بنوری رحمہ اللہ تعالیٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی خصوصا علی سیدنا محمد المصطفی وآلہ وصحبہٖ ساکفی وشفیٰ

امّا بعد۔ حضرت انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسّلام کی حیات بعد الممات کا مسئلہ صاف ومتفق مسئلہ تھا۔

۲۴

شہداء کی حیات بنص قرآن ثابت تھی اور دلالۃ النص سے انبیاء کرام کی حیات قرآن سے ثابت تھی اور احادیث نبویہ سے عبارت النص کے ذریعہ ثابت تھی۔ لیکن بُرا ہو اختلافات اور فتنوں کا کہ ایک مسلمہ حقیقت زیر بحث آکر مشتبہ ہوگئی کتنے تاریخی بدیہات کو کج بحثیوں نے نظری بنادیا اور کتنے حقائق شرعیہ کو کج فہمی نے مسخ کرکے رکھ دیا یہ دنیا ہے اور دنیا کے مزاج میں داخل ہے کہ ہر دور میں کج فہم اور کج رو اور کج بحث موجود ہوتے ہیں۔ زبان بند کرنا تو اللہ تعالیٰ ہی کی قدرت میں ہے۔ ملاحدہ و زنادقہ کی زبان کب بند ہوسکی۔ کیا اس دور میں امام حسینؓ کی شہادت کو افسانہ نہیں بنایا گیا اور کہا گیا کہ واقعہ ہے ہی نہیں۔ اور کیا امام حسینؓ کو باغی واجب القتل اور یزید بن معاویہ کو امیر المومنین خلیفہ برحق ثابت نہیں کیا گیا۔ کسی صحیح حدیث کو ضعیف بنانے کے لیے کسی راوی کے بارے میں کتب رجال میں جرح کا کوئی کلمہ دیکھا بس کافی تھا کہ اس پر بنیاد قائم کی جائے اگر عقل سلیم سے کام نہ لیا جائے اور صرف کتاب میں جرح کو دیکھا جائے تو امام ابوحنیفہ امام مالک امام شافعی امام احمد تمام کے تمام آئمہ مجروح ہو کر دین کا سرمایہ ہی ختم ہو جائے گا۔ الغرض حیات انبیاء کرام علیہم السلام کا مسئلہ بھی تقریباً اسی قسم کے کج بحثوں میں الجھ کر اچھا خاصا فتنہ بن گیا عصمت تو انبیاء کرام کا خاصہ ہے۔ علماء معصوم تو ہیں نہیں کچھ حضرات نے دانستہ یا نادانستہ حدیثی و کلامی بحثیں پیدا کر دیں اور سمجھا یہ گیا یا سمجھایا گیا کہ اس طرح توسل بالاموات اور استعانت بغیر اللہ وغیرہ وغیرہ بہت سے بدعات کا خاتمہ ہو جائے گا گویا علاج یہ تجویز کیا گیا کہ حیات انبیاء کرام سے انکار کرنے ہی سے یہ مفاسد ختم ہو سکتے ہیں اس کی مثال تو ایسی ہوئی کہ بارش سے بچنے کے لیے پرنالے کے نیچے جا کر بیٹھ گئے۔ بہرحال ان تفصیلات میں جانے کی حاجت نہیں اس خلفشار کو ختم کرنے کے لیے ارباب فکر و اخلاص نے چند حضرات کے نام تجویز کئے کہ اس اختلاف کو جس نے فتنہ کی شکل اختیار کرلی ہے ختم کرنے کی کوشش کریں راقم الحروف کا نام بھی ان میں شامل تھا تجویز یہ ہوئی کہ اس موضوع پر ایک محققانہ کتاب موثر انداز میں لکھی جائے اور تشکیک پیدا کرنے والے حضرات کے شبہات کے جواب بھی دیئے جائیں اور مسئلہ کے تمام گوشوں پر سیر حاصل تبصرہ کیا جائے باتفاق رائے اس کام کے انجام دہی کے لیے جناب برادر گرامی مآثر مولانا ابوالزاہد محمد سرفراز صاحب منتخب ہو گئے جن کے دماغ میں بحث و تمحیص کی صلاحیت بھی ہے قلم میں پختگی بھی علوم دینیہ اور حدیث و رجال سے اچھی قابل قدر مناسبت بلکہ عمدہ بصیرت بھی ہے مختلف مکان سے غرر نقول جمع کرنے کی پوری قدرت بھی ہے

۲۶

صاحب الفہم الباہر والرشد الزاہر۔ فقیہ النفس و البصیرۃ التامۃ۔ والملکۃ الراسخۃ
حضرت العلام المفتی جمیل احمد صاحب تھانوی دامت فیوضہم۔

مُبسلاً و محمدلاً و مصلیاً و مسلماً

حضرت مولانا علامہ فاضل فخر اماثل محمد سرفراز خان صفدر صاحب کی تازہ تالیف تسکین الصدور فی تحقیق احوال الموتٰی فی البرزخ والقبور اول سے آخر تک حرفاً حرفاً پڑھی، یوں تو علامہ موصوف کی ہر تالیف عمدہ سلیقہ کے ساتھ نہایت تحقیقات پر مشتمل ہر ایک بہت بہت معلومات افزا روح پرور اور دلنشین ہوتی ہے خصوصیت اور بے انتہا قابل قدر خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ بزرگان سلف سے ہی ہر بات ماخوذ ہوتی ہے خودرائی کو دین نہیں بنایا جاتا ہے۔ جو آجکل عام ہو رہا ہے۔ مجھے اس کتاب سے کچھ خاص دلچسپی ہوئی اور اس قدر کہ ہاٹ اٹیک اور بلڈ پریشر کی تشخیص پر ڈاکٹروں کی ممانعت کے باوجود شروع سے آخر تک دیکھ گیا۔

وجہ یہ تھی کہ تیس ۳۰ سال سے مجھے خود بھی ذاتی تجربہ یہ ہو رہا ہے کہ ہمارے بزرگوں نے جس مسئلہ میں جو نظریہ قائم کیا ہے واقع میں وہی راجح و حق ثابت ہوتا ہے جب خوب مکمل اور گہری تحقیقات کی جاتی ہے تو وہ اس سے سرمو تجاوز نہیں کر پاتی پوری تحقیقات کا نچوڑ آخر میں وہی دو لفظی مسئلہ نکلتا آنکھوں سے نظر آجاتا ہے " اس وقت ان حضرت کے علم کا لدنّی علم ہونا منکشف ہوتا ہے۔ اپنے اس ذاتی تجربہ اور ایسے ہی اور علماءٗ کے اس تجربہ کا یہ نتیجہ دل و دماغ کی تہ میں جم جانا ضروری ہے کہ جو شخص کسی مسئلہ میں بھی ذرہ برابر ان سے اختلاف رکھتا ہے وہ یقیناً کم نظری یا غلط فہمی یا کسی خارجی اثر میں مبتلا ہے۔

ہم چند لوگوں کا ہی نہیں تمام امّت کا کم و بیش یہی تجربہ ہے چنانچہ دیوبندی عالم وہی نہیں کہلاتا جو دیوبند کا باشندہ یا تعلیم یافتہ ہو بلکہ ہر وہ عالم دین جو فقہ حنفی و عقائد کے راجح و قوی ترین مسائل پر عامل اور متفق ہو دیوبندی عالم کہلانے لگا۔ دہلی کے شاہ صاحبان لکھنؤ کے مولانا عبدالحی اور دوسرے اطراف کے اہل حق و تحقیق علماءٗ جنھوں نے دیوبند کی شکل نہ دیکھی ہوگی علمائے دیوبند کہلائیں گے۔ حق و تحقیق و تقویٰ ان کی ایسی خصوصیت بن گیا کہ خود اسی کا نام دیوبندیت بن گیا۔

۸۔ ۱۰ سال سے حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی حیات کا انکار بعض ایسے عالموں کی طرف سے شائع ہونے لگا جو ہمارے اپنے شمار ہوتے تھے بہت جی چاہتا تھا کہ کوئی اللہ کا بندہ اس مسئلہ کی پوری

۲۷

پوری تحقیق لکھدے تو یقیناً ہر مسئلہ کی طرح یہاں بھی حق بات وہی ثابت ہوگی جو ان حضرات کی تحقیق کا دو لفظوں میں ثمرہ شائع ہو چکا ہے پھر ممکن ہے اشتباہ والے بزرگوں کو بھی صحیح راہ نظر آ سکے۔ خود تو کم صحت کم فرصت کم استعداد اس سے قاصر تھا بس دل میں یہ تمنا موجزن تھی۔

حضرت مولانا سرفراز خان صاحب نے بڑی محنت جانفشانی اور عرقریزی سے یہ تحقیق مکمل کر دی ہے اللہ تعالیٰ نے میری وہ دلی تمنا مولانا کے ہاتھوں پوری فرما دی اس لیے حرف حرف مزے لے لے کر پڑھتا چلا گیا ہر ہر بحث پر دل باغ باغ ہوتا گیا اور دعاؤں میں سرشار ہوتا رہا۔

للہ الحمد بر آں چیز کہ خاطر می خواست آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

الحمد للہ جیسا دل چاہتا تھا یہ کام انجام پا گیا احادیث کے اسناد کی صحت اور مفہومات کی تحقیقات شبہات کے جوابات ماشاء اللہ نور علیٰ نور ہیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت مصنف کو بہترین جزاؤں سے دونوں جہان میں سرفراز فرمائیں اور تشنہ آنکھوں کے لیے کتاب کو سرمۂ بصیرت بنائیں۔

جمیل احمد تھانوی

جامعہ اشرفیہ مسلم ٹاؤن لاہور ۱۹ رجمادی الاولیٰ ۱۳۸۸ھ

اسوۃ الاصفیاء۔ ذروۃ سنام الدین۔ مجاہد جلیل۔ حافظ الحدیث امیر جمعیۃ علماء اسلام پاکستان حضرت مولانا محمد عبد اللہ صاحب درخواستی دامت برکاتہم

واجب الاحترام حضرت مولانا محمد سرفراز خان صاحب صفدر دامت برکاتہم

سلام اللہ تعالیٰ علیکم ورحمۃ لدیکم۔ گرامی نامہ باعث سرفرازی ہوا۔ تسکین الصدور کے اکثر حصے دیکھے اپنے موضوع میں مسلک اہل السنت والجماعت کے بیان میں کافی وشافی ہے اور پچھلی تصانیف سے مُغنی ہے۔ دعا میں یاد فرمائیں

والسلام

محمد عبد اللہ مدرسہ عربیہ مخزن العلوم

عیدگاہ خانپور

۷ رنومبر ۱۹۶۷ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیٰ محمد رسول اللہ

محبت رسول ﷺ سے لبریز اکابر علماء دیوبند کے عقیدہ



کے موضوع پر (مجموعہ)

یادگار خطبات

مرتب: محمد عمر فاروق صدیقی

ناشر: مکتبہ اسلامیہ حنفیہ بن حافظ جی ضلع میانوالی

مفتی دار العلوم دیوبند حضرت مفتی حبیب الرحمٰن صاحب رح کی تحریر

جناب مفتی صاحب دارالعلوم دیوبند (انڈیا)

پاکستان میں کچھ علماء اپنے آپ کو مسلک دیوبند سے منسوب کرتے ہیں اور ان کا عقیدہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی برزخی زندگی کے بارے میں یہ ہے کہ آپ قبر شریف میں ایک مردہ دھڑ کی طرح ہیں۔ اور نہ ہی جو شخص قبر شریف پر حاضر ہو کر درود و سلام پڑھتا ہے اس کا درود و سلام آپ خود سنتے ہیں۔

کیا اکابرین علماء دیوبند کا یہی عقیدہ تھا، اگر ان کا عقیدہ نہیں تھا تو یہ بتائیں جو شخص رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں مندرجہ بالا عقیدہ رکھے اس کا دیوبندی کہلانا درست ہے یا نہیں؟ اور وضاحت سے تحریر فرمادیں کہ اس بارے میں علماء دیوبند کا مسلک کیا ہے؟

فقط حررہ: محمد اقبال نعمانی

خطیب جامع مسجد مرکزی علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ

۲۸ صفر ۱۴۲۰ھ

۳/۲۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب و باللہ التوفیق للصواب

جمہور علماء حق کا اس سلسلہ میں مسلک یہی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بلکہ جمیع انبیاء کرام اپنی برزخی زندگی میں حیات ہیں، یہ مسئلہ زمانہ قدیم ہی سے زیر بحث چلا آرہا ہے چنانچہ بعض حضرات نے اس موضوع پر مستقل رسالے تصنیف کئے ہیں ۔۔۔۔ الحاوی للفتاوی میں ہے

"حیوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قبرہ وسائر الانبیاء معلومۃ عندنا قطعیا لما قام عندنا من الادلۃ فی ذالک وتواترت بہ الاخبار وقد الف البیہقی جزءً فی حیوٰۃ الانبیاء فی قبورھم الخ (ماخوذ فتاوی محمودیہ ج ۱۰ ص ۷۲)

علامہ برہان الدین حلبیؒ تحریر فرماتے ہیں " اخرج البیہقی عن انس رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون وروی ابو یعلی عن ابی ہریرہؓ لینزلن عیسی بن مریم علیہ السلام ثم ان قام علی قبری وقال یا محمد لاجبتہ ومن ثم قال الامام السبکیؒ حیاۃ الانبیاء والشہداء کحیاتہم فی الدنیا ویشہد لہ صلوٰۃ موسی علیہ السلام فی قبرہ۔ الخ (السیرۃ الحلبیۃ ج ۲ ص ۱۸۰)

علامہ سیوطی کا رسالہ شرح الصدور اور علامہ ابن القیم کی کتاب الروح اور تفسیر ابن کثیر اور تفسیر مظہری میں وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جن سے اس مسئلہ پر استدلال کیا گیا ہے۔

چنانچہ یہی علماء دیوبند کا مسلک ہے جسکو حضرت نانوتوی قدس سرہ نے اپنی معرکۃ الآراء تصنیف آب حیات میں اور حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری قدس سرہ نے مسلک دیوبندیت کی ترجمانی کرنے والی کتاب المہند علی المفند میں ثابت کیا ہے۔

ظاہر ہے کہ جو شخص اس رائے کو تسلیم نہیں کرے گا وہ مسلک دیوبندیت کا ماننے والا نہیں ہے۔ اور یہ کہنا کہ "آپ قبر میں مردہ جسم کی طرح ہیں" یہ گستاخانہ تعبیر ہے قائل کو فوراً اس سے رجوع کرکے توبہ واستغفار کرنا چاہئے۔

اور جو شخص روضۂ اقدس پر درود وسلام بھیجتا ہے حضورؐ اسے سنتے ہیں اور اس کا جواب دیتے ہیں اور جو غائبانہ درود بھیجتا ہے وہ فرشتہ کے ذریعہ حضورؐ تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ علامہ برہان الدین حلبیؒ تحریر فرماتے ہیں: ومنہ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من احد یسلم علیّ الا رد اللہ تعالیٰ علیّ روحی حتی اردّ علیہ السلام۔ ای الا قوی تعلق روحی وذلک اکراما لہذا المسلم حیث لا یرد علیہ سلامہ الا وقد قوی تعلق روحہ الشریفۃ بجسدہ الشریف الخ ورأیت فی حدیث عن عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان للہ ملکاً اعطاہ سمع العباد کلہم وانہ ما من احد یصلی علیّ صلاۃ الا بلغنیہا الخ (السیرۃ الحلبیۃ ج ۲ ص ۱۸۲) فقط

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حبیب الرحمٰن عفا اللہ عنہ
مفتی دارالعلوم دیوبند
۷ رجب ۱۴۱۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]

الجواب صحیح
[illegible]



بسم اللہ الرحمن الرحیم

اھدنا الصراط المستقیم

خطاب

امیر عزیمت، مجاہد اسلام، شمشیر بے نیام

حضرت مولانا علامہ

نور اللہ مرقدہٗ

حق نواز جھنگوی شہید

موضوع

مولوی احمد سعید خان بلوچ چتروڑی کا آپریشن

مقام

دار العلوم کبیر والہ



ناشر: مکتبہ اسلامیہ حنفیہ بن حافظ جیؒ ضلع میانوالی

پڑھی تو بھی یہ آیت، خطبہ پڑھا تو بھی یہ آیت...... تقریر کی تب بھی یہ آیت...... نجی مجلس تو بھی یہ آیت پڑھی جاتی ہے یا نہیں پڑھی جاتی؟ (پڑھی جاتی ہے)۔ بالکل قرآن ہے...... اگر بطور برکت کے پڑھتا ہے تو بہت بڑا اجر ہے...... اور اگر کسی شرارت کے تحت پڑھتا ہے کہ آیت کو کسی غلط معنٰی کے استعمال کرتا ہے...... تو یقیناً دجال ہے۔ ٹھیک ہے نا؟ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ۔ آیت پڑھی جارہی ہے یا نہیں؟...

مماتیوں کا دجل:

لیکن کتنا بڑا دجل ہے۔ اگر میرا عقیدہ ہوتا، میرے اسلاف کا عقیدہ ہوتا...... کہ پیغمبر پر موت آئی ہی نہیں پھر تو یہ دلیل بنتی تھی...... اِنَّكَ مَيِّتٌ۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ آپ پر موت آنی ہے۔ لیکن جب میرا عقیدہ ہے موت آئی۔ میرا عقیدہ ہے غسل دیا گیا...... میرا عقیدہ ہے کفن دیا گیا، قرآن کی آیت بتاتی ہے کہ موت آئی ہے۔ اگلے مسئلہ پر قرآن خاموش ہے۔ اس موت کے بعد آگے کیا ہوگا؟

ورنہ شہداء کی آیت دلیل بنتی ہے...... کہ جس کے صدقے شہید بن رہا ہے وہ خود مردہ کیسے؟...... اس کی وضاحت آگے چل کر کروں گا۔ یہاں اتنا غور کر کہ اِنَّكَ مَيِّتٌ۔ میں قرآن نے پیغمبر کی موت ذکر فرمائی ہے کہ موت آنی ہے...... یہ عقیدہ میرا بھی ہے۔ چودہ صدیوں کے علماء کا بھی ہے...... اہل اسلام کا بھی ہے کہ موت آئی؟ اگر یہ عقیدہ ہوتا کہ موت نہیں آئی...... پھر یہ آیت پڑھی جاسکتی تھی کہ قرآن کہتا ہے...... کہ پیغمبر پر موت آنی ہے...... آپ کیسے کہتے ہیں کہ موت نہیں آئی یا نہیں آنی؟ ہمارا عقیدہ نہیں کہ موت نہیں آئی۔ بلکہ ہمارا عقیدہ ہے کہ...... پیغمبر پر موت آئی اور موت کے بعد اللہ نے پیغمبر کو ایک زندگی دی ہے...... جو زندگی ہر انسان کو قیامت سے پہلے مل جائے گی۔

توجہ کریں۔ ہر وہ انسان جو آج فوت ہوا ہے...... اسے قیامت سے پہلے قبر میں

اہل حق کا غلبہ ہے......

لیکن میں کہنا چاہتا ہوں کہ آج اگر تحصیل کی انتظامیہ اجازت نہ بھی دیتی......تو باقی علماء کی تو مرضی؟ (لیکن) حق نواز بغیر اجازت جلسہ کرتا......

اب میں دار العلوم کی ایک طالب علم کی ڈیوٹی لگاتا ہوں کہ آئندہ جمعہ کی تقریر ریکارڈ کرنی ہے......اگر زبان بدلی ہوئی نہ ہوئی تو مجھے اطلاع کر پھر کھلی کھیڈ کھیلتے ہیں......توہین نبوت زیادہ دیر برداشت نہیں کی جاسکتی......

زیادہ دیر تبرا......دجل......فریب......بے حیائی......بدفطرتی......بدتمیزی......زیادہ دیر نہیں برداشت کی جاسکتی......

نبوت کی محبت مسلمان کے ایمان کی جز ہے......یا نہیں؟......(جز ہے)

نبی ﷺ قبر میں زندہ یا مردہ؟......(زندہ ہے)

چودہ سوسال کی امت کا عقیدہ یہی ہے......

پوری امت کا عقیدہ نبی ﷺ قبر میں زندہ......!

حضرت امام ابوحنیفہ ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت امام شافعی ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت امام مالک ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت امام احمد بن حنبل ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت علامہ ابن تیمیہ ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت علامہ ابن قیم ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت امام بخاری ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت امام مسلم ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت امام ترمذی ؒ ......کا عقیدہ......نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت علامہ سیوطی ؒ .... کا عقیدہ .... نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت علی ہجویری ؒ .... کا عقیدہ .... نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت سلطان باہو ؒ .... کا عقیدہ .... نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت مجدد الف ثانی ؒ .... کا عقیدہ .... نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت شاہ ولی اللہ ؒ .... کا عقیدہ .... نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت شاہ اسماعیل ؒ .... کا عقیدہ .... نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت عطاء اللہ شاہ بخاری ؒ .... کا عقیدہ ...... نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت قاسم نانوتوی ؒ .... کا عقیدہ .... نبی ﷺ قبر میں زندہ

حضرت حسین احمد مدنی ؒ .... کا عقیدہ .... نبی ﷺ قبر میں زندہ

چودہ سو سال کی امت کا عقیدہ کہ نبی ﷺ قبر میں زندہ ...... اسی عقیدے پہ قائم رہو اور اسی عقیدے پر موت آئے۔

اللہ مجھے اور آپکو اسی عقیدے پہ قائم اور دائم رہنے کی توفیق بخشے

(آمین)

وآخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین ......

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ○

خطاب

مؤرخ اسلام

شہید ملت اسلامیہ

حضرت

مولانا علامہ

محمد ضیاء الرحمٰن فاروقی

رحمۃ اللہ علیہ شہید

موضوع

حیات امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

مقام

ہتھیجی بہاولپور

مورخہ: ۱۲ جون ۱۹۸۸ء

یادگار خطبات

مکتبہ اسلامیہ حنفیہ

ناشر: مکتبہ اسلامیہ حنفیہ بن حافظ جی ضلع میانوالی

نبی ﷺ کی حیات کے بارے میں پہلی دلیل:

بخاری شریف کی روایت ہے... حضور ﷺ فرماتے ہیں۔ وفات کے وقت کہ عائشہؓ ! خیبر کے اندر جو مجھے زہر دیا گیا تھا... اس زہر کی وجہ سے آج میری شاہ رگ کٹ رہی ہے... اور میری موت اس شاہ رگ کے ساتھ واقع ہو رہی ہے۔ پیغمبر کو جو زہر یہودیوں نے خیبر میں دیا ہے... نبی ﷺ فرماتے ہیں کہ اس زہر کا اثر آج میں محسوس کر رہا ہوں... اور اس زہر کے ساتھ میری موت واقع ہو رہی ہے۔

یہ بخاری شریف کی حدیث ہے... اور حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔ اس روایت میں کوئی شک ہے۔ (نہیں)

جب یہ روایت صحیح ہے... اس کا مطلب ہے کہ پیغمبر کی وفات زہر کے ساتھ ہوئی... اور زہر کے ساتھ جو موت آئے وہ موت ہوتی ہے شہادت کی۔ اور شہید کو قرآن نے فرمایا ہے... کہ یہ زندہ ہے ... شہید کو قرآن نے کیا کہا ہے۔

وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ ۔ اللہ کے راستے میں جو مر جائے اسے مردہ نہ کہو... اس کو تو ہم مردہ نہیں کہتے... لیکن جو کہتے ہیں وہ خود ہی مماتی بن جاتے ہیں... کہ پیغمبر کی وفات زہر کے ساتھ ہوئی... اور جو آدمی زہر کے ساتھ دنیا سے رخصت ہو جائے وہ شہید ہوتا ہے اور قرآن کہتا ہے کہ شہید سارے زندہ ہیں... یہ قرآن کی آیت ہے... دوسری نبی ﷺ کی حدیث آپ کو سنائی ہے۔ الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون... تمام نبی قبروں میں زندہ ہیں۔

ضعیف حدیث ہو وہ حدیث ہی نہیں ...... میں کہتا ہوں چلو تم دو راوی نہیں بلکہ جسمیں دس ...... راوی ضعیف ہوں ...... ایسا کوئی نبی ﷺ کا قول ہی پیش کردو ؟ ...... ایک لاکھ چوالیس ہزار (۱۴۴۰۰۰) صحابہ میں سے کسی صحابی کا ہی قول پیش کردیں؟ ...... کہ نبی ﷺ قبر میں زندہ نہیں ...... کسی کا پیش کردے کہ نبی ﷺ قبر میں نہیں سنتے عبداللہ بن عمرؓ سلام پڑھتے تھے ...... کیا نبی نہیں سنتے تھے؟ ...... تو نے اپنی کتاب دین حق میں لکھا ہے کہ عبداللہ بن عمرؓ سلام پڑھتے تھے ...... تیری کتاب میں لکھا ہو تو سنتے ہیں اگر ہم کہیں تو نہیں سنتے تیرے باپ کا مذھب ہے

اہم سوال ...... فرق بیان کریں کہ دنیاوی زندگی اور برزخی زندگی؟

جواب ...... پیغمبر کی قبر میں زندگی ...... یہاں دنیا کی زندگی سے اعلی ہے (بیشک) ...... یاد رکھیں! برزخ تو ہر آدمی کو حاصل ہے ...... برزخ تو میری زندگی اور تیری زندگی برزخ ہے ...... محمد ﷺ کی زندگی دنیا کی زندگی سے بھی اعلی ہے ...... یہ کہتے ہیں کہ بندہ انتقال کرگیا (انتقال کا کیا معنی؟ منتقل ہو گیا) اگر نبی ﷺ دنیا سے قبر میں منتقل ہو گیا۔ تو اچھی جگہ پر نہ جائے تو نبی ﷺ کا کمال کیا ہے؟ دنیا میں پیغمبر موجود تھے ...... تو دنیا سے نبی آخرت میں تشریف لے گئے ...... دنیا سے نبی کنارہ کر گئے ...... دنیا سے پردہ فرما گئے ...... دنیا سے رخصت ہو گئے ...... پیغمبر ﷺ پر موت طاری ہوئی (بعد میں) ...... تو پیغمبر کی دنیا زندگی سے قبر کی زندگی اعلی ہے ...... پیغمبر کی دنیا کی زندگی سے قبر کی زندگی بہتر ہے وہ جنت کا حصہ ہے ...... میری باتیں سمجھ آرہی ہیں؟ یہ باتیں مضبوطی سے پلے باندھ لیں ......

منکر حیات کا اہل سنت والجماعت سے کوئی تعلق نہیں:

جو کہے کہ نبی ﷺ اپنی قبر میں حیات نہیں وہ گمراہ ہے ...... وہ پیغمبر کی


حدیثوں کا قائل نہیں ...... جو کہتا ہے کہ نبی ﷺ اپنی قبر میں حیات نہیں ...... اس کا مذہب اہل سنت والجماعت کیساتھ کوئی تعلق نہیں ...... وہ اپنا الگ مذہب بنائے ...... اپنی الگ بات کرے ......

میرے دوستو! آپ کو فرق کا علم ہوا ہے جو شخص میری ان حدیثوں کو سننے کے بعد اس بات پر پکا نہیں رہے گا ...... میں نے تو اپنا فرض پورا کر دیا ...... نبی ﷺ کا پیغام آپ تک پہنچا دیا ...... اب اگر کوئی نہیں مانے گا تو وبال اس پر ہوگا مجھ پر نہیں ......

آخری گذارش:

جو بھائی ہمارے ناراض ہیں ان سے صلح کرلو ...... میں ان بھائیوں سے کہتا ہوں کہ ضد نہ کرو ...... دیوبندیوں کو مشرک کہنے والو ضد نہ کرو ...... اگر تو نے غیر مقلدیت کے دروازے پر جانا ہے ...... یا انکی وکالت کرنی ہے تو کھل کر کرو ...... دیوبندیت کا نام لے کر کیوں کرتا ہے؟ ......تو کہے کہ میں غیر مقلد ہوں ......تو یہ کیوں کہتا ہے کہ میں دیوبندی ہوں؟ تیرا دیوبندیوں کے عقیدہ سے کیا تعلق ہے؟ دیوبندی تو سنی ہوتا ہے۔ دیوبندی تو اہل سنت کو کہتے ہیں ...... دیوبندی تو شاہ ولی اللہؒ کے ماننے والوں کو کہتے ہیں ...... دیوبندی تو کملی والے کے غلام کو کہتے ہیں ...... دیوبندی تو صحابہؓ کے طریقے پر چلنے والے کو کہتے ہیں ...... دیوبندی تو اہل سنت والجماعت والے کو کہتے ہیں ...... تیرے اس عقیدہ کا اہل سنت کیساتھ کیا تعلق ہے؟ ...... (باتیں تو اور بہت کرنی تھیں لیکن ...... وقت تھوڑا ہے کیونکہ میں نے بہت لمبا سفر کرنا ہے ...... اسلئے انہیں باتوں پر اکتفا کرتا ہوں ......)

وآخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین


هو حیی فی قبره کحیاة الانبیاء
حیاتهم اعلی وا کمل من الشهداء
وحرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء
وشانهم ارفع فی الارض و السماء
مماتی فتنہ
علمائے دیوبند کی نظر میں
(حضرت مولانا) محب اللہ عفی عنہ
خلیفہ مجاز
شیخ المشائخ خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ
خادم
مدرسہ عربیہ سراجیہ سعدیہ
نزد کمشنری لورالائی بلوچستان (پاکستان)
فون: 0824-411082 موبائل: 0333-3807299 0302-3807299
WWW.MUHIBULLAH.COM

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد الحمد والصلوٰۃ وارسال التسلیمات والتحیات فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ کندیاں ضلع میانوالی

مکرم حاجی خان صاحب

مسنون۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قرون اولیٰ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ
علیہم اجمعین سے لے کر آج تک جمیع علماء کرام کا
اجماعی طور پر حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے
متعلق جو عقیدہ ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ حضرت
اقدس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور سب انبیاء
علیہم الصلوٰۃ والسلام وفات کے بعد اپنی
قبروں میں زندہ ہیں اور ان کے ابدان مقدسہ
بعینہا محفوظ ہیں۔ اور جسد عنصری کے ساتھ
عالم برزخ میں ان کو حیات حاصل ہے۔ اور حیات
دنیوی کے مماثل ہے۔ صرف یہ ہے۔ کہ احکام شرعیہ
کے وہ مکلف نہیں ہیں۔ روضہ اقدس پر جو
درود شریف پڑھے۔ وہ بلا واسطہ سنتے ہیں۔ اور سلام
کا جواب دیتے ہیں۔ حضرات دیوبند کا بھی یہی عقیدہ

ہے۔ اب جو اس مسلک کے خلاف کرے۔ اتنی بات یقینی ہے۔ کہ اس کا اکابر دیوبند
کے مسلک سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ جو شخص اکابر دیوبند کے مسلک کے خلاف رات
دن تقریریں بیان کرے۔ اور اپنے آپ کو دیوبندی بھی کہے یہ بات کم از کم ہمیں
تو سمجھ نہیں آئی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صراط مستقیم اور اکابر دیوبند کے مسلک پر صحیح
پابند بنا کر استقامت نصیب فرماویں آمین۔ فقیر خان محمد عفی عنہ۔ خانقاہ سراجیہ

حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ (صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

وبعد. حیات نبی سے متعلق جناب مولانا محمد اللہ صاحب مدظلہ العالی نے جو رسالہ ترتیب دیا ہے اس میں حضرات علماء دیوبند کے موقف کو تفصیل کے ساتھ عمدہ طریقے سے پیش کیا ہے،

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم سے لیکر آج تک تمام ہی علماء کا مسلک حیات النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا رہا ہے علماء دیوبند بھی اسی کے قائل ہیں جو شخص حیات کی بجائے ممات کا عقیدہ رکھتا ہے اس کا علماء دیوبند سے کوئی تعلق نہیں.

سلیم اللہ خان

۸ جمادی الثانیہ ۱۴۳۰ھ

۲ جون ۲۰۰۹ء

جامعہ فاروقیہ کراچی

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ (مہتمم جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی)

باسمہ تعالی

میں حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب کی تحریر کی تصدیق اور تائید کرتا ہوں.

عبدالرزاق اسکندر

۲۰/۶/۱۴۳۰

۱۴/۶/۲۰۰۹

9

شیخ الحدیث مولانا صوفی محمد سرور صاحب مدظلہ (جامعہ اشرفیہ لاہور)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انبیاء علیہم السلام کے دنیوی ابدان کے ساتھ روح کا اتنا زیادہ تعلق ہے کہ وہ درود شریف سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں جو دور سے پڑھے وہ ان کو پہنچایا جاتا ہے اور وہ قبروں میں نماز بھی پڑھتے ہیں یہی علمائے دیوبند کا مسلک ہے اس کے خلاف گمراہی ہے اور مماتیوں کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے اور مولانا محب اللہ صاحب کی تحریر کی تائید کرتا ہوں (جو پہلی تحریر ہے)

محمد سرور عفی عنہ
25 JUL 2009
مدرس جامعہ اشرفیہ لاہور

حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب مدظلہ (جامعہ مدنیہ جدید لاہور)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امابعد آقائے دوعالم فخر دوعالم سرورکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کیا نکو محبت کے سمندر میں جوش اور ولولہ پیدا کرنے والا عظیم اور مبارک عقیدہ وہ عقیدۂ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے روضۂ اطہر میں حیات ہیں اور اس انداز سے آرام فرما ہیں قریب سے درود شریف پڑھا جائے آپ خود سنتے ہیں اور اگر دور سے درود شریف پڑھا جائے فرشتوں کے ذریعہ نام لیکر بارگاہ اقدس میں پہنچایا جاتا ہے اسی نیک عقیدہ کی برکت اور کشش ہے اللہ تعالیٰ کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے دیوانے پروانے سارے جہاں میں تڑپ رہے ہیں کہ ہم کب مدینے منورہ پہنچ کر گنبد خضری کی نورانی جالیوں کے سامنے کھڑے ہوکر درود وسلام کا ھدیہ پیش کریں اور اپنے قلب وجگر اور جسم کے ایک ایک روں کو ٹھنڈا کریں۔ اس نیک

10

مبارک عقیدہ در علمائے سلف وخلف اور پوری امت کے محبین اور دیوانوں
کا اجماع ہے۔ اللہ تعالیٰ اس نیک عقیدہ پر ہم سبکو قائم رکھے آمین

حدیث شریف میں ہے البرکۃ مع اکابرکم الحدیث جیسے اللہ تعالیٰ نے گھر کی برکت بزرگوں کے
وجود میں رکھی ہے اسی طرح ہمارے دین کی برکت بھی اپنے بزرگوں کے سایہ میں
ہے انکے ساتھ عقیدہ اور عمل کے اندر موافقت میں ہے

اس دور پر فتن میں اللہ تعالیٰ نے ہمارے اکابر علمائے دیوبند سے دین میں
کی اشاعت وخدمت کا بہت بڑا کام لیا ہے ان سب کا یہی مبارک عقیدہ
تھا انکے ساتھ جڑنے میں برکت بھی ہے حفاظت بھی ہے اور آخرت کی ہمیشہ کی
خوشیوں میں پہنچنے کی ضمانت بھی ہے اللہ تعالیٰ سبکو اپنے دین حق کی
صحیح سمجھ نصیب فرمائے آمین

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے بزرگ مخدوم ومکرم
حضرت مولانا صاحب حفظہ اللہ دامت برکاتہم العالیہ کے رسالہ کو طالبین حق کیلئے
ایصال الی الحق کا ذریعہ بنائے آمین

محتاج دعا
محمد حسن عفی عنہ

حضرت مولانا مفتی عبدالقدوس ترمذی صاحب مدظلہ (جامعہ حقانیہ ساہیوال)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد الحمد والصلوٰۃ حضرت مولانا صاحب [illegible] مدظلہم کا مضمون "[illegible]" مسلک دیوبند [illegible]
مطالعہ کیا سب ہماری تائید کرتا ہے اہل السنۃ والجماعۃ کا متفقہ عقیدہ ہے کہ
تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اپنی قبور مطہرہ
میں اجساد عنصریہ کے ساتھ حیات حاصل ہے اور اپنی ارواح طیبہ

11

رائے اجماعی درمطرہ ہے تعلق ہے اس لئے جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر پر حاضر ہو کر سلام عرض کرتا ہے آپ اس کو سماعت فرماتے ہیں اور جواب بھی عنایت فرماتے ہیں ھذا ھو الحق وماذا بعد الحق الا الضلال۔

جو شخص اس کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے اس کا دیوبندیت اور اہل السنۃ والجماعۃ سے تعلق نہیں ہے اس کے پیچھے نماز ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ تفصیل تسکین الصدور۔ مقام حیات، حیات انبیاء علیہم السلام ... مطالعہ کی جائے فقط واللہ اعلم

احقر عبد ... [illegible]

دور حاضر کے اکابر دیو بند کا مسلک اور ان کا متفقہ اعلان

حضرت اقدس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور سب انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں اکابر دیوبند کا مسلک یہ ہے کہ وفات کے بعد اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ اور ان کے ابدان مقدسہ بعینہا محفوظ ہیں اور جسد عنصری کے ساتھ عالم برزخ میں ان کو حیات حاصل ہے۔ اور حیات دنیوی کے مماثل ہے۔

صرف یہ ہے کہ احکام شرعیہ کے وہ مکلف نہیں ہیں۔ لیکن وہ نماز بھی پڑھتے ہیں اور روضۂ اقدس میں جو درود پڑھا جائے بلا واسطہ سنتے ہیں۔ اور یہی جمہور محدثین۔ اور متکلمین اہل سنت والجماعۃ کا مسلک ہے۔ اکابر دیوبند کے مختلف رسائل میں یہ تصریحات موجود ہیں۔ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی کی تو مستقل تصنیف حیات انبیاء پر "آب حیات" کے نام سے موجود ہے۔

حضرت مولانا خلیل احمد صاحب جو حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی کے ارشد خلفاء میں سے ہیں ان کا رسالہ "المہند علی المفند" بھی اہل انصاف اور اہل بصیرت کے لیے کافی ہے۔ اب جو اس مسلک کے خلاف دعوے کرے اتنی بات یقینی ہے کہ ان کا اکابر دیوبند کے مسلک سے کوئی واسطہ نہیں۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

(۱) مولانا محمد یوسف بنوری عفا اللہ عنہ، مدرسہ عربیہ اسلامیہ کراچی ۵
(۲) مولانا عبد الحق عفی عنہ، مہتمم دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک
(۳) مولانا محمد صادق عفا اللہ عنہ، سابق ناظم محکمہ امور مذہبیہ بہاولپور
(۴) مولانا ظفر احمد عثمانی، عفا اللہ عنہ، شیخ الحدیث دار العلوم اسلامیہ ٹنڈو الہ یار
(۵) مولانا شمس الحق عفا اللہ عنہ، صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان
(۶) مولانا محمد ادریس کان اللہ لہ، شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور
(۷) مولانا مفتی محمد حسن مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور
(۸) مولانا رسول خان عفا اللہ عنہ، جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور
(۹) مولانا مفتی محمد شفیع عفی اللہ عنہ مہتمم دار العلوم کراچی
(۱۰) مولانا احمد علی عفی عنہ، امیر نظام العلماء و امیر خدام الدین لاہور
(تلک عشرۃ کاملۃ)

(تسکین الصدور صفحہ 37 از حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

عاشقان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اس پمفلٹ کو خدمت دین کیلئے خود چھپوا کر مفت تقسیم کر سکتے ہیں

خلافت راشدہ

حق چار یارؓ

یا اللہ مدد

خطاب

پیر طریقت، رہبر شریعت وکیل صحابہؓ

حضرت نور اللہ مرقدہٗ

مولانا قاضی مظہر حسین صاحب

(چکوال)

موضوع

مسئلہ حیاۃ النبی ﷺ

مقام: جامعہ رحیمیہ، دنیاپور، ضلع لودھراں

۱۹۸۴ء



ناشر: مکتبہ اسلامیہ حنفیہ بن حافظ جی ضلع میانوالی

ہے...... یہ اسی طرح ہے جیسے میں نے خواب میں ذبح کیا ہے...... ویسے ہی بیداری میں کرنا ہے...... اور وحی نہیں آئی۔ الگ جبرئیل علیہ السلام نہیں آئے...... کہ بیٹا ذبح کرنا ہے...... صرف خواب کی بنا پر اپنے پیارے، محبوب بچے کو چھری لے کر ذبح کرنا شروع کر دیتے ہیں......

یہ انبیاءؑ کے خواب کا حکم ہے...... ہمارے خواب کا حکم نہیں ہے...... انبیاءؑ کی نینداور ہماری نیند میں فرق ہے...... انبیاء کی موت اور ہماری موت میں فرق...... ہر چیز میں فرق ہے۔

اب سمجھیں! موت آ گئی...... قرآن سے ثابت نہیں کہ موت آئی...... قرآن میں تو ہے کہ آپ پر موت آنے والی ہے...... آئے گی...... كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ...... موت کا واقع ہو جانا قرآن میں تو ہو نہیں سکتا...... کیونکہ آپ اس جہان میں زندہ تھے...... کہ قرآن نازل ہوا...... یہ تو حدیث سے ثابت ہے۔

قبر میں جسم مبارک کی کیفیت:

دوسری چیز سمجھیں! قبر میں جسم مبارک ہے...... اہلِ سنت والجماعت کا اجماعی عقیدہ ہے...... کہ موت کے بعد اللہ تعالیٰ انہیں انبیاء کرام علیہم السلام کے جسم مبارک کو حیات عطا کرتے ہیں...... اسی جسم میں حیات ہوتی ہے...... جو جسم اس دنیا میں تھا۔ وہی جسم قبر مبارک میں ہے لاش نہیں مردہ حیثیت سے نہیں...... اس اللہ پاک نے جس نے یہاں اس جسم کے اندر حیات عطا فرمائی تھی...... روح کے تعلق سے اسی اللہ پاک نے خصوصیت سے موت کے بعد پھر قبر میں...... جہاں جسم ہے روح کے تعلق سے حیات عطا فرما دی ہے...... یہ اللہ کر سکتا ہے یا نہیں کر سکتا ہے؟

پہلے سمجھیں! جس نے یہاں پیدا کیا ہے......... ایک بوڑھا کافر مکہ شریف

بسم اللہ

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

اِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ

احسن الفتاویٰ

بحذف مکررات وتخریجات فرائض مسائل غیر مہمہ

جلد ۴

(از)

فقیہ العصر مفتی اعظم حضرت مفتی رشید احمد صاحب دامت برکاتہم

(واحد تقسیم کنندگان)

ایچ ایم سعید کمپنی

ادب منزل پاکستان چوک کراچی

جواب میں جمہور نے اس حدیث کے دو مطلب بیان فرمائے ہیں:

① عید کی طرح زیارت کے لئے کوئی خاص تاریخ یا دن متعین نہ کیا جائے،

② قبر مبارک پر عید کی طرح زیب وزینت کے ساتھ لہو ولعب کے لئے اجتماع نہ کیا جائے، بلکہ زیارت، دعاء اور سلام کے لئے حاضری دی جائے،

زیارت کے لئے استحباب شدِّ رحال کے دلائل:

① عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من زار قبری وجبت لہ شفاعتی، اخرجہ الدارقطنی والبیھقی (وفاء الوفاء ص ۳۹۴ ج ۲)

والحدیث حسن صحیح وقد صححہ ابن السکن وعبد الحق وتقی الدین السبکی (نیل الاوطار ص ۳۲۵ ج ۴) وقال الذھبی طرق ھذا الحدیث کلھا لینۃ یقوی بعضھا بعضا لان ما فی رواتھا متھم بالکذب، قال ومن اجودھا اسنادا حدیث حاطب من رأنی بعد موتی فکأنما رأنی فی حیاتی اخرجہ ابن عساکر وغیرہ (وفاء الوفاء ص ۳۹٦ ج ۲)

وفی الحدیث اکبر دلالۃ علی فضیلۃ زیارۃ قبر النبی الکریم علیہ وعلی آلہ واصحابہ افضل الصلوٰۃ واکمل تسلیم وای فضیلۃ اعلی واسنی من وجوب شفاعتہ صلی اللہ علیہ وسلم لمن زارہ، قال العلامۃ الشوکانی فی النیل وقد اختلفت فیھا اقوال اھل العلم فذھب الجمھور الی انھا مندوبۃ وذھب بعض المالکیۃ وبعض الظاھریۃ الی انھا واجبۃ وقالت الحنفیۃ انھا قریبۃ من الواجبات وذھب ابن تیمیۃ الحنبلی حفید المصنف المعروف بشیخ الاسلام الی انھا غیر مشروعۃ وتبعہ علی ذلک بعض الحنابلۃ وروی ذلک عن مالک والجوینی والقاضی عیاض کما سیأتی، احتج القائلون بانھا مندوبۃ بقولہ تعالیٰ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ الآیۃ، ووجہ الاستدلال بھا انہ صلی اللہ علیہ وسلم حی فی قبرہ بعد موتہ کما فی حدیث الانبیاء احیاء فی قبورھم وقد صححہ البیھقی والف فی ذلک جزءا قال الاستاذ ابو منصور البغدادی قال المتکلمون المحققون من اصحابنا ان نبینا صلی اللہ علیہ وسلم حی بعد وفاتہ انتھی (وقد صح عن ابی ایوب الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال لمن انکر علیہ وضع وجھہ علی القبر انما جئت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم آت اللبن او الحجر کما سیأتی فثبت ان حکم الآیۃ باق بعد وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم فینبغی

٣٦ لمن ظلم نفسہ ان یزور قبرہ ویستغفر اللہ عندہ فیستغفر لہ الرسول) واستدلوا

إِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ (الحدیث)

لاعلمی کی شفا سوال کرنے میں ہے

1

آپ کے مسائل اور اُن کا حل

اضافہ وتخریج شدہ ایڈیشن

حضرت مولانا

محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ تعالیٰ

ترتیب وتخریج

حضرت مولانا سعید احمد جلالپوری شہید رحمہ اللہ تعالیٰ

مکتبہ لدھیانوی

18- سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی، دفتر ختم نبوت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی

0321-2115502, 0321-2115595, 02134130020

مجھے قبر پر بیٹھے دیکھا تو فرمایا: قبر والے کو ایذا نہ دے! قبر سے اُتر جا! تاکہ تیرا یہ عمل تیرے لئے عذابِ آخرت کا سبب نہ بنے۔"

ان احادیث سے ثابت ہوا کہ:

الف:... عذاب و ثواب قبر برحق ہے۔

ب:... عذاب و ثواب کا تعلق اسی گڑھے سے ہے، جس کو عرفِ عام میں قبر کہا جاتا ہے، چنانچہ حدیث میں صراحت فرمائی گئی ہے کہ: "اَلْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِّنْ حُفَرِ النَّارِ۔" (قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا)۔

ج:... اور یہ بھی ثابت ہوا کہ عذاب و ثوابِ قبر کی احادیث متواتر ہیں اور ان کا انکار ایک مسلمان کے لئے (جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتا ہو) ممکن نہیں۔

د:... چونکہ برزخ کے معاملات عام لوگوں کے احساس و مشاہدہ سے ماورا ہیں، اس لئے عذاب و ثوابِ قبر کا انکار محض اپنے احساس و مشاہدہ کی بنا پر قطعاً غلط ہے، اس لئے ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات و مشاہدات پر ایمان رکھنا ضروری ہے، اور وہ بقدرِ ضرورت اُوپر آچکے ہیں، جو ایک مؤمن کے لئے کافی و شافی ہیں۔

چہارم:... اب تک ہم نے عام اموات کے بارے میں گفتگو کی ہے، اور یہ بتایا ہے کہ ان کا ثواب و عذاب متواتر ہے، جس میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں، اس پر ایمان لانا فرض ہے، اور اس کے منکر کے حق میں اندیشۂ کفر ہے۔

اب ہم اس پر گفتگو کریں گے کہ حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام بالخصوص سید الانبیاء سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی قبر شریفہ میں حیات ہونا اور حیات کے تمام لوازم کے ساتھ متصف ہونا برحق اور قطعی ہے، اور اس پر امت کا اجماع ہے، چنانچہ مذکورہ بالا تقریباً ایک سو پچاس احادیث سے حضرات انبیائے کرام کی حیات (جو عام اموات، شہداء اور صدیقین سے افضل ہیں) دلالت النص سے بطریقِ اَولیٰ ثابت ہوتی ہے، چنانچہ محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری قدس سرہ اپنے رفیق خاص حضرت مولانا سیّد احمد رضا بجنوریؒ کے نام لکھے گئے ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:

"ا:... شہداء کے لئے بنص قرآن "حیات" حاصل ہے اور مزید دفع تجویز کے لئے "یرزقون" کا ذکر بھی کیا گیا ہے، جیسے آج کل محاورہ بھی ہے: "فلان حی یرزق" عام اہل برزخ سے ان کی حیات ممتاز ہے۔

۲:... جب انبیاء کا درجہ عام شہداء سے اعلیٰ وارفع ہے تو بدلالۃ النص یا بالاولیٰ خود قرآن کریم سے ان کی حیات ثابت ہوئی (علیہم الصلوات والتسلیمات) اور جب مرتبہ اعلیٰ وارفع ہے تو حیات بھی اقویٰ واکمل ہوگی۔

۳:... اس حیات کی اکملیت کے بارے میں دو حدیثیں آئی ہیں ...... "اِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَأْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ" اور حدیث: "اَلْاَنْبِيَاءُ اَحْيَاءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ" اور اس کے علاوہ بھی روایات

ماہنامہ بینات کراچی میں دارالافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن
کے شائع شدہ فتاویٰ اور فقہی مقالات کا وقیع علمی ذخیرہ

فتاویٰ بیّنات

ترتیب و تخریج

مجلسِ دعوت و تحقیقِ اسلامی

جلد اوّل
العقائد

مکتبہ بیّنات
جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی پاکستان

ترجمہ...... حضرت عمرو بن حزم سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے قبر پر بیٹھے دیکھا تو فرمایا قبر والے کو ایذا نہ دے قبر سے اتر جا، تاکہ تیرا یہ عمل تیرے لئے عذاب آخرت کا سبب نہ بنے۔

ان احادیث سے ثابت ہوا کہ:

الف...... عذاب وثواب قبر برحق ہے۔

ب...... عذاب وثواب کا تعلق اسی گڑھے سے ہے جس کو عرف عام میں قبر کہا جاتا ہے، چنانچہ حدیث میں صراحت فرمائی گئی ہے "القبر روضة من رياض الجنةاو حفرة من حفر النار" (قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے)۔

ج...... اور یہ بھی ثابت ہوا کہ عذاب وثواب قبر کی احادیث متواتر ہیں اور ان کا انکار ایک مسلمان کے لئے (جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتا ہو) ممکن نہیں۔

د...... چونکہ برزخ کے معاملات عام لوگوں کے احساس ومشاہدہ سے ماوراء ہیں، اس لئے عذاب وثواب قبر کا انکار محض اپنے احساس ومشاہدہ کی بناء پر قطعاً غلط ہے، اس لئے ہمیں رسول ﷺ کے ارشادات اور مشاہدات پر ایمان رکھنا ضروری ہے، اور وہ بقدر ضرورت اوپر آ چکے ہیں، جو ایک مومن کے لئے کافی وشافی ہیں۔

چہارم...... اب تک ہم نے عام اموات کے بارے میں گفتگو کی ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ ان کا عذاب وثواب متواتر ہے جس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں، اس پر ایمان لانا فرض ہے، اور اس کے منکر کے حق میں اندیشۂ کفر ہے۔

اب ہم اس پر گفتگو کریں گے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام بالخصوص سید الانبیاء سیدنا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا اپنی قبر شریف میں حیات ہونا اور حیات کے تمام لوازم کے ساتھ متصف ہونا برحق اور قطعی ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے، چنانچہ مذکورہ بالا تقریباً ایک سو پچاس احادیث سے حضرات انبیاء کرام کی حیات (جو عام اموات، شہداء اور صدیقین سے افضل ہیں) دلالت النص سے بطریق اولیٰ ثابت ہوتی ہے، چنانچہ محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری قدس سرہ اپنے رفیق خاص حضرت

عقیدہ حیات النبی ﷺ کے متعلق مقبول دربارِ نبوی
پہلی مدلل جامع کتاب

رحمتِ کائنات ﷺ

(العالمین)

مؤلف

امام الزاہدین والعارفین قطب عالم حضرت مولانا

قاضی محمد زاہد الحسینی رحمۃ اللہ علیہ

دار الارشاد
مدینہ مسجد خانقاہ مدنی اٹک شہر
پاکستان۔فون: ۲۶۰۲۲۸۴-۰۵۷

چند احادیث دربارہ حیات الانبیاء علیہم السلام

حیات الانبیاء علیہم السلام کے متعلق احادیث اس قدر زیادہ روایت کی گئی ہیں کہ ان کو تواتر کا درجہ حاصل ہے' معتبر کتب احادیث سے چند احادیث ترجمہ اور مختصر تشریح کے ساتھ درج کی جاتی ہیں۔

(۱)الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون۔

انبیاء کرام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں نمازیں پڑھتے ہیں۔

محدث کبیر علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا :۔

"حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں تصریح کی ہے کہ یہ روایت حضرت انسؓ سے بھی روایت ہے اور صحیح ہے" (فیض الباری جلد ۲ صفحہ ۱۱۷)

(۲)ان النبی ﷺ لیلۃ اُسریٰ بہٖ مر علٰی موسیٰ ؑ وھو یصلی فی قبرہٖ۔

جناب رسول کریم ﷺ کا شب معراج موسیٰؑ کی قبر پر گزر ہوا اور موسیٰؑ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔

(۳)قال رسول اللہ ﷺ اتیت علٰی موسیٰ ؑ لیلۃ اسریٰ بی عند الکثیب الاحمر وھو قائم یصلی فی قبرہٖ۔

سید دوعالم ﷺ نے فرمایا کہ شبِ معراج میرا گزر موسیٰؑ کے قریب سے ہوا میں نے دیکھا کہ آپ اپنی قبر میں (جو کہ لال رنگ کے ٹیلے کے پاس ہے) کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے ہیں۔

زیر ہدایت حضرت مفتی عبدالرحیم لاجپوری رحمۃ اللہ علیہ

مفتی صالح محمد صاحب رفیق دارالافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کی
ترتیب، تعلیق، تبویب اور تخریج جدید کے ساتھ

کمپیوٹر ایڈیشن

فتاویٰ رحیمیہ

جلد سوم

کتاب الانبیاء والاولیاء، کتاب العلم والعلماء
حقوق و معاشرت

افادات

حضرۃ مولانا حافظ قاری مفتی سید عبدالرحیم صاحب لاجپوری رحمۃ اللہ علیہ
خطیب بڑی جامع مسجد راندیر ضلع سورت

دارالاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

(الجواب) آنحضرت ﷺ کے روضہ اطہر کو بڑی عظمت وشرف حاصل ہے اس لئے کہ آنحضور ﷺ کا جسم اطہر اس میں موجود ہے، یہی نہیں بلکہ آنحضرت بنفس نفیس باحیات اس میں تشریف فرما ہیں، حدیث شریف میں ہے کہ آپ ﷺ اپنی قبر شریف میں باحیات ہیں آپ کو رزق بھی دیا جاتا ہے (ﷺ) (دیکھئے حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کی کتاب (الحبور ص ٦)

آنحضرت ﷺ کی قبر شریف کا وہ حصہ جو آپ ﷺ کے جسم مبارک کے ساتھ لگا ہوا ہے وہ کعبہ شریف اور عرش وکرسی سے بھی افضل ہے (دیکھئے حضرت مولانا خلیل احمد انبھیٹوی ثم المدنی مصنف براہین قاطعہ کی کتاب التصدیقات ص ٦ جس پر حضرت شیخ الہندؒ اور حضرت شاہ اشرف علی تھانویؒ اور مولانا عزیز الرحمن مفتی دیوبند اور حضرت مفتی اعظم مولانا محمد کفایت اللہؒ وغیرہ سے بہت سے علمائے دیوبند کے دستخط موجود ہیں)

مختصر یہ کہ آنحضرت ﷺ کی قبر شریف کی بزرگی عظمت اور احترام کے متعلق ہمارا اعتقاد وہی ہے جو حضرت امام تاج الدین سبکیؒ کا ہے کہ وہ کون سی جنت ہے جو آپ ﷺ کی قبر شریف سے افضل ہوگی؟ آپ ﷺ کی قبر مبارک جنت سے ہی نہیں بلکہ ہر مقام سے اعلیٰ وافضل ہے، اگر یہ کہا جائے کہ قبر مبارک کا جو حصہ آنحضرت ﷺ کی جسم اطہر سے متصل ہے وہ عرش سے بھی افضل ہے تو بھی کسی مومن کو اس میں دم مارنے کی گنجائش نہیں ہے، کیونکہ جو کچھ ہے وہ ذات اقدس رحمۃ للعالمین ﷺ کے طفیل میں ہی ہے" تاج الدین سبکیؒ گفتہ است کدام جنت است کہ برقبر شریف آنرا افضل نہند قبر شریف افضل است از تمامہ اما کن چہ ہشت وجہ جز آن وگفتہ است اگر آنرا برعرش عظیم فضل نہند نمی دانم ہیچ مومن صادق را کہ توقف کند دراں ہمہ طفیل شریف اوست" (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۷۸) الحاصل آنحضرت ﷺ کی قبر شریف کی زیارت افضل المستحبات ہے بلکہ قریب الواجب ہے، بڑی فضیلت اور ثواب کا کام ہے خود حضرت رسالت مآب ﷺ کا ارشاد ہے **من وجد سعۃ ولم یزرنی فقد جفانی** یعنی جو شخص باوجود وسعت پانے کے میری زیارت کیلئے نہ آیا اس نے میرے ساتھ بڑی بے مروتی برتی" اور فرمایا **من زار قبری وجبت لہ شفاعتی** یعنی جو شخص میری قبر کی زیارت کرے گا اس کے لئے میری شفاعت ضروری ہے" اور فرمایا من زارنی بعد مماتی فکانما زارنی فحیاتی یعنی جس نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی گویا اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی" (مراقی الفلاح ص ۱۵۰ کتاب الحج فصل فی زیارۃ النبی ﷺ) (باب حرم المدینۃ حرمہا اللہ تعالیٰ مشکوٰۃ شریف ص ۲۴۰۔۲۴۱) لہذا جو شخص استطاعت ہونے کے باوجود آنحضرت ﷺ کی زیارت کے لئے مدینہ منورہ نہیں جائے گا وہ بڑے فضائل اور بہت سے برکات سے محروم رہے گا اور بدنصیب سمجھا جائے گا، اور از راہ انکار وہاں پر حاضری نہ دینا بدبختی، بدنصیبی اور سنگدلی کی دلیل ہے، عذر کی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے اس پر کوئی الزام نہیں ہے۔

دیوبندیوں کے جلیل القدر عالم اور بزرگ مولانا خلیل احمد صاحب انبھیٹوی ثم المدنیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ "ہمارے نزدیک اور ہمارے مشائخ کے نزدیک زیارت قبر سید المرسلین (ہماری جان آپ پر قربان) اعلیٰ درجہ کی قربت اور نہایت ثواب اور سبب حصول درجات ہے بلکہ واجب کے قریب ہے۔" **عندنا وعند مشائخنا زیارۃ قبر سید المرسلین (روحی فداہ) من اعظم القربات واھم المندوبات وانجح لنیل الدرجات بل قریبۃ من الواجبات** (التصدیقات ص ۵)

الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون
الحدیث

حیاتِ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام

حضراتِ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی حیات بعد الوفات، سماع، استشفاع، مسئلہ عذاب قبر، کے اثبات پر ایک بے نظیر محققانہ مدلل و نفیس کتاب۔

مؤلفہ
حضرت مولانا مفتی سید عبد الشکور صاحب ترمذی مدظلہم
خلیفہ مجاز حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی و حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہما اللہ
مہتمم، بانی، مدرسہ عربیہ حقانیہ ساہیوال ضلع سرگودھا

ناشر
المکتبۃ الاشرفیۃ ○ جامعہ اشرفیہ
فیروز پور روڈ ○ لاہور ۱۶

۱۱۳

تعذیب و تنعیم کو غیر متصور و غیر معقول قرار دیتے ہوئے رد کرتے ہیں۔

ایک عقلمند اور منصف مزاج آدمی کے لیے یہ بات کافی ہے، کہ تمام علمائے عقائد اور متکلمین نے بدن اور اجزائے بدن، میں ایک گونہ حیات کے تعلق کا ذکر فرمایا ہے، اگر عذاب قبر کے سلسلہ میں بدن اور اجزائے بدن کا واسطہ نہ ہوتا تو متکلمین کو ان میں حیات کے تعلق کے قائل ہونے کی کچھ ضرورت نہیں تھی۔ علمائے عقائد اور متکلمین اسلام کے اس قول سے ثابت اور واضح ہو رہا ہے کہ عالم قبر میں راحت و عذاب کا تعلق بدن مادی اور عنصری کے ساتھ بھی ہے اور وہ بھی اس کی ایسی حیات کے بعد کہ اس کو الم و لذت اور احساس و ادراک ہو سکے نہ بایں طور کہ وہ جماد کا جماد ہی رہے اور پھر بھی اس پر راحت و الم کی کیفیت طاری ہوتی ہو، کیونکہ اوپر ثابت ہو چکا کہ جماد کی تعذیب و تنعیم غیر معقول اور غیر متصور ہے، اس لیے عذاب و ثواب قبر کے لیے اس صورت کو تجویز کرنا درحقیقت اقرار نما انکار کی ہی ایک صورت اور معتزلہ کرامیہ کی صدائے بازگشت ہے۔

حیات انبیاء علیہم السلام اور سماع عند القبر:

تمام اہلسنت والجماعت اس عقیدے پر متفق ہیں کہ حضرات انبیاء علیہم السلام قبر اور عالم برزخ میں زندہ ہیں اور ان حضرات کی یہ زندگی تمام مؤمنین بلکہ حضرات شہداء کی حیات سے بھی اعلیٰ وارفع اور قوی تر ہے۔

حضرات انبیاء علیہم السلام کی ان کی قبور میں زندگی متفق علیہ عقیدہ کی حیثیت سے ایک طے شدہ حقیقت ہے اکابر اہلسنت میں سے کوئی شخص بھی ایسا نہیں تھا جس نے انبیاء علیہم السلام خصوصاً حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات فی القبر کا انکار کیا ہو اور قبر مبارک میں آپ کی روح مبارک کے جسد اطہر سے اتصال و تعلق کی نفی کی ہو۔ بلکہ اس عقیدہ پر اجماع ہے کہ قبر اطہر میں روح مبارک کا جسد اطہر سے ایسا تعلق اور اتصال ثابت ہے جس کے سبب سے جسم مبارک میں حیات اور سماع کی قوت حاصل ہے اور قبر مبارک کے قریب سے سلام کہنے والوں کا سلام آپ بنفس نفیس خود سماعت فرما لیتے ہیں۔

عقیدہ حیات النبی ﷺ کے متعلق مقبول دربارِ نبوی
پہلی مدلل جامع کتاب

رحمتِ کائنات ﷺ

(العالمین)

مؤلف

امام الزاہدین والعارفین قطب عالم حضرت مولانا

قاضی محمد زاہد الحسینی رحمۃ اللہ علیہ

دار الارشاد
مدینہ مسجد خانقاہ مدنی اٹک شہر
پاکستان۔فون: ۲۶۰۲۴۸۴-۰۵۷

کا ذکر آیا ہے وہ خود ایک مفید مضمون ہے جس سے رسول اکرم ﷺ کی عظمت و محبت مومن کے قلب میں بڑھتی ہے جو سرمایہ سعادت دنیا و آخرت ہے (رزقنا اللہ تعالیٰ) مجھے بھی اس سے بڑا نفع پہنچا دل سے دعا نکلی۔

(بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ دار العلوم کراچی، ۱۴/ ربیع الثانی ۱۳۸۷ھ)

(۶) حضرت **مولانا خیر محمد صاحب** (قدس سرہٗ)

خلیفہ مجاز حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہٗ

رسالہ کا حرفاً حرفاً مطالعہ کیا الحمد للہ رسالہ کا ہر ہر حرف نبی کریم ﷺ کے ساتھ جناب کے عشق و محبت اور اخلاص کا ترجمان نظر آتا ہے، مطالعہ کی برکت سے احقر اپنے قلب میں بھی محبت نبوی ﷺ میں ترقی و اضافہ محسوس کرتا ہے۔

اللھم زد فزد (۴ جون ۱۹۶۷ء)

(۷) حضرت رائے پوریؒ کے خلیفہ ارشد اور علامہ انور شاہ کشمیری قدس اسرارھم کے تلمیذ رشید حضرت **محمد انوری** نے **رحمتِ کائنات** کے مطالعہ سے جو برکات حاصل کی ہیں وہ انہی کے الفاظ میں درج ذیل ہیں:

عجب اتفاق ہے **رحمتِ کائنات** دیکھ رہا تھا غالباً ۳/ رمضان المبارک تھا دوپہر کا وقت تھا قیلولہ کیا آنحضرت سرور کائنات ﷺ کی زیارت مبارک سے مشرف ہوا کچھ صحابہ کرامؓ ساتھ تھے حضرت ابوہریرہ، حضرت انس، حضرت ابن عمر (رضی اللہ عنہم) کا نام یاد رہ گیا ہے، حیات النبی ﷺ کے مسئلہ کی تحقیق پر خوشی کا اظہار فرمایا اور بشارات سنائیں۔

(محمد عفی عنہ ۱۶/ رمضان المبارک ۱۳۸۷ھ یوم الخمیس)

مجالس غورغشتوی

عمدۃ المحدثین، زبدۃ الکاملین،
شاہ ولی اللہ سرحد، عارف باللہ، ابوذر زمانہ،
شیخ الحدیث حضرت مولانا

نصیر الدین صاحب غورغشتوی

قدس اللہ سرہ العزیز
کے

ملفوظات

جمع کردہ:
خطیب اسلام حضرت مولانا
محمد امیر صاحب بجلی گھر

ترتیب: **مفتی محمد قاسم بجلی گھر**

شعبہ تصنیف وتالیف

مدرسہ فاروقیہ لالہ زار کالونی علاقہ مولانا بجلی گھر صاحب لنڈی ارباب روڈ پشاور پاکستان

والمذهب ان الانبیاء احیاء حیوۃ حقیقیۃ دنیاویۃ۔

اور صحیح مذہب یہ ہے کہ انبیائے کرام زندہ ہیں حقیقت دنیاوی زندگی کے ساتھ۔

ارشادفرمایا: کہ میرے عزیزو! جب یہ روایت اپنے بڑے بڑے محدثین عظام اور ائمہ حدیث کے ہاں بالکل صحیح ہے تو اب اس کو صحیح نہ کہنا دانشمندی نہیں ہے۔

منکرین حیات کا حکم:

ارشادفرمایا: کہ عزیزو! قرآن وسنت اوراکابرعلمائے اُمت کی تصریحات کی روشنی میں یہ عقیدہ اہل سنت والجماعت کا بنیادی عقیدہ ہے اور یہی اہل حق کا عقیدہ ہے۔ پس جو لوگ اس مسئلے کا انکار کرتے ہیں۔ میں ان کو اہل حق میں سے نہیں سمجھتا اور وہ تمام اکابرین کے نزدیک گمراہ ہیں۔ ان کی اقتداء میں نماز پڑھنا جائز نہیں اور ان کے ساتھ کسی قسم کا تعلق روا نہیں۔

ایک مولانا صاحب نے حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں عرض کیا کہ حضرت قصیدہ بردہ کے پڑھنے کی اجازت عنایت فرمائیں۔

ارشادفرمایا: کہ قصیدہ بردہ کے مصنف کا نام حضرت محمد بن سعید بوصیری ہے۔

اس نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں بہت سارے قصائد لکھے ہیں۔ جس وقت انہوں نے یہ قصیدہ لکھا تو اس وقت ان پر فالج کا حملہ ہوا تھا۔ جس سے ان کے بدن کے نچلے حصے کو بالکل شل کر دیا تھا اور یہ سخت معذور اور لاچار ہو گئے تھے۔ جب انہوں نے یہ قصیدہ لکھا تو اپنے متعلقین سے فرمایا کہ مجھے مدینہ منورہ لے چلو۔ متعلقین نے آپ کو چارپائی پر ڈالا اور مدینہ منورہ لے چلے۔ جب مدینہ منورہ پہنچے تو اپنے دوستوں سے

ولی اللہ صاحب قدس سرہ سے پڑھی تھی۔ پھر فرمایا کہ ہمارے بزرگوں نے دین کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔ فتنوں کا زمانہ ہے دین کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ کر چلنا ہے اور ہر حال میں دین کا کام تعلیم و تعلم دین خود سیکھنا اور دوسروں کو سکھانا ہے اور یہ کام دینی مدارس اور دینی مراکز احسن طریقہ سے سرانجام دے رہے ہیں۔ اسی مجلس میں حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے محدثین عظام کے عجیب واقعات سنائے۔ اور اپنے اکابرین اور علماء دیوبند کے زہد و تقویٰ کے واقعات سنا کر خود بھی روئے اور تمام اہل مجلس کو بھی رلایا اور آخر میں تمام علماء کرام اور طلباء سے فرمایا کہ میں آپ حضرات سے بطور نصیحت کے کہتا ہوں کہ پڑھنے پڑھانے سے بہتر کوئی کام نہیں ہے۔ اسی میں لگے رہیں اس کو نہ چھوڑیں۔

مسئلہ حیات النبی ﷺ کے بارے میں سوال پر درجہ ذیل کلام فرمایا کہ جناب نبی کریم ﷺ اور تمام انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں ارواح مبارکہ کے تعلق کے ساتھ زندہ ہیں۔ اور عند القبر پڑھا جانے والا صلوٰۃ و سلام سنتے ہیں۔ میرے استاد شیخ المشائخ حضرت مولانا قاضی قمر الدین صاحب چکڑالوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور میرے پیر و مرشد رئیس المفسرین حضرت مولانا حسین علی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بھی یہی عقیدہ تھا۔

حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہم جہت شخصیت تھے۔ ایثار و ہمدردی کا مجسم پیکر، خلق عظیم کا مظہر، جامعیت علوم و فنون، زہد و تقویٰ، مجاہدانہ عزم و عمل میں اسلاف کے صحیح جانشین تھے۔ یوں تو بحمد اللہ حضرت کو تمام علوم و فنون میں کمال حاصل تھا مگر علم حدیث میں امتیازی مقام کے سبب اور تقریباً ستر سال دورہ حدیث کی تمام کتب کا ماہرانہ درس حدیث دینے کی وجہ سے شیخ الحدیث کے لقب سے اتنے مشہور ہوئے کہ جب بھی کوئی عالم حضرت شیخ الحدیث مدظلہ فرماتا تو فوراً ہی ہر خاص و عام کے ذہن میں حضرت مولانا

معالم العرفان

روزانہ درسِ قرآن کریم

تفسیر

سورۃ لقمان — (مکمل)

سورۃ السجدۃ — (مکمل)

سورۃ الاحزاب — (مکمل)

سورۃ سبا — (مکمل)

سورۃ فاطر — (مکمل)

سورۃ یٰسٓ — (مکمل)

سورۃ الصّٰفّٰت — (مکمل)

(جلد: ۱۵)

— افادات —

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی دام مجدہم

خطیب جامع مسجد نور گوجرانوالہ، پاکستان

وجہ یہ بھی بتاتے ہیں کہ جس طرح نبی کی وراثت تقسیم نہیں ہوتی اُسی طرح نبی کی بیویوں کے ساتھ نکاح بھی حرام ہے کیونکہ نبی کو حیات حاصل ہے۔ نبی دنیا کی زندگی تو ختم کر چکے ہیں مگر برزخ میں اُن کو مکمل زندگی حاصل ہے۔ اس کی مثال ایسی ہی ہے۔ جیسے کوئی شخص غائب ہو چکا ہو۔ جس طرح غائب شخص کی بیوی کے ساتھ نکاح نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح نبی کی بیوی کے ساتھ بھی نکاح درست نہیں۔

مولانا عبدالحق حقانی اپنی مشہور و معروف تفسیر حقانی کی چھٹی جلد میں لکھتے ہیں۔ کہ نبی پر طبعی موت تو واقع ہوتی ہے کیونکہ نص قرآنی سے ثابت ہے كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ (آل عمران۔ ۱۸۵) ہر شخص کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ (الزمر۔ ۳۰) اے نبی آپ پر بھی موت وارد ہونی ہے اور ان پر بھی۔ مولانا فرماتے ہیں کہ اس کے باوجود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ابدی حیات حاصل ہے جو شہیدوں سے بھی ہزار درجہ بڑھ کر ہے۔ آپ کا دنیا کے ساتھ اب بھی ویسا ہی تعلق ہے۔ جیسا طبعی حیات کے وقت تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے جسد اطہر کو خاک نہیں کھا سکتی۔ اور اسی لیے لوگوں نے بہت سے آثار بطریق مشاہدہ دیکھے ہیں۔ اس لحاظ سے آپ زندہ ہیں اور حیات النبی مشہور ہیں۔ چنانچہ زندہ شخص کی بیوی کے ساتھ نکاح بھی نہیں ہو سکتا۔

مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی اپنی تفسیر مظہری میں رقمطراز ہیں کہ ممکن ہے نبی کی بیویوں کے ساتھ نکاح کی ممانعت اس وجہ سے ہو کہ اَنَّ النَّبِيَّ حَيٌّ فِيْ قَبْرِهٖ کہ اللہ کا نبی قبر میں زندہ ہے۔ یہ زندگی محض روحانی زندگی نہیں۔ کیونکہ روح تو ابوجہل کی بھی زندہ ہے۔ مگر نبی کی زندگی کمال درجے کی زندگی ہے۔ اس برزخی زندگی کے متعلق سلف کے دو مسلک ہیں۔ اگر آپ کی روح مبارک علیین میں

۱؎ معارف القرآن ص۔۔ ۲؎ مظہری ص۳۸۴ ۳؎ تفسیر حقانی ص۹۱ ج ۶
۴؎ مظہری ص۴۰۸ ج ۷ (فیاض)

ہے تو اس کا تعلق قبر کے ساتھ بھی ہے۔ اسی لیے حضور علیہ السلام کا ارشاد[1] ہے۔ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ وَمَنْ صَلّٰی نَائِیًا اُبْلِغْتُہٗ یعنی جو شخص میری قبر پر آکر درود پڑھیگا تو میں اس کو سنتا ہوں اور جو دور سے پڑھے گا تو وہ مجھ تک پہنچایا جائے گا۔ حیات النبیؐ کے مخالف علماء اس حدیث کو ضعیف بتاتے ہیں حالانکہ یہ حدیث سات سندوں سے آئی جن میں بعض ضعیف بھی ہیں یعنی ان میں مروان سُدی صغیر ضعیف راوی ہے مگر امام ابن قیمؒ نے ابن الشیخ کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے وہ بالکل صحیح ہے، اس کی سند میں کوئی راوی ضعیف نہیں ہے۔ یہ حدیث امام بیہقیؒ نے شعب الایمان میں بھی نقل کی ہے۔ امام بیہقیؒ نے حیات الانبیاءؑ کے نام سے ایک مستقل کتاب بھی لکھی ہے۔ معراج کے واقعہ والی روایت بھی حیات النبیؐ کی تصدیق کرتی ہے۔ جس میں حضور علیہ السلام نے فرمایا[2] رَاَیْتُ مُوْسٰی یُصَلِّیْ فِیْ قَبْرِہٖ قَائِمًا میں نے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ اپنی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے۔ ظاہر ہے کہ کھڑے ہونا جسم کی صفت ہے نہ کہ روح کی۔ گویا آپ نے موسیٰؑ کو روح اور جسم کے ساتھ زندہ مشاہدہ کیا۔ آپ یہ بھی پڑھتے ہیں کہ قبر کو محض ایک گڑھا نہ سمجھو بلکہ مومن کی قبر تاحدِ نگاہ وسیع ہو جاتی ہے۔ حضور علیہ السلام کا یہ بھی فرمان[3] ہے کہ میرے منبر اور حجرے کے درمیان والا خطہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔ ظاہر ہے کہ قبر کسی کے لیے جنت کا باغ بن جاتی ہے۔ اور کسی کے لیے جہنم کا گڑھا۔ اس لیے بعض علماء[4] نے امہات المومنین سے نکاح کی ممانعت کی یہ وجہ بھی بیان کی ہے کہ آپ حیات ہیں۔ یہ مسلک صرف مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کا نہیں بلکہ آپ سے پہلے بزرگوں نے بھی ایسا ہی کہا ہے جیسا

---

[1] مشکوٰۃ ص ۸۷ و طبری ص ۴۰۸ ج ۲ [2] مسلم ص ۲۶۸ ج ۲ و نسائی ص ۲۴۲ ج ۱ و مسند احمد ص ۱۴۸ ج ۳
[3] بخاری ص ۱۵۸ ج ۱ و مسلم ص ۴۴۶ ج ۱ [4] حقانی ص ۸۷ ج ۶ (فیاض)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ الآية (قرآن کریم)

اَلْاَنْبِيَاءُ اَحْيَاءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ (حدیث شریف)

تَسْكِيْنُ الصُّدُوْرِ فِيْ

تَحْقِيْقِ اَحْوَالِ الْمَوْتٰى فِي الْبَرْزَخِ وَالْقُبُوْرِ

جس میں قرآن کریم صحیح احادیث اور حضرات سلف صالحین کی واضح عبارات سے قبر کا مفہوم اور راحت و عذاب قبر کے بارے میں اسلامی نظریہ بیان کیا گیا ہے اور صحیح احادیث اور ٹھوس عبارات سے قبر میں اعادۂ روح پر نفیس اور مدلل بحث کی گئی ہے نیز حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی قبور میں حیات اور عند القبور ان کے سماع پر واضح دلائل اور براہین سے تحقیق کی گئی ہے اور عام سماعِ موتٰی پر بھی مختصر مگر اصولی بحث کی گئی ہے اور مسئلہ توسل پر بھی بحمد اللہ تعالیٰ سیر حاصل اور باحوالہ بحث کی گئی ہے اور اس سلسلہ میں کئے گئے جملہ اعتراضات کے کتب تفسیر و عقائد شروح حدیث اور فقہ سے بفضلہ تعالیٰ مسکت جوابات عرض کئے گئے ہیں نیز اس طبع میں تسکین الصدور پر کئے گئے قابل توجہ اعتراضات کا بھی خوب جائزہ لیا گیا ہے۔ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝

مؤلفہ

ابو الزاھد محمد سرفراز خان صفدر خطیب جامع مسجد گکھڑ و صدر مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

ناشر

مکتبہ صفدریہ نزد مدرسہ نصرۃ العلوم نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

۲۱۹

باب ششم

قبور میں حیات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام

تمام اہل سنت والجماعت اس بات پر متفق ہیں کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام قبر اور برزخ میں زندہ ہیں اور ان کی زندگی حضرات شہداء کی زندگی سے بھی اعلیٰ اور ارفع ہے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم پہلے بعض دلائل بیان کریں اور پھر ان پر جو اعتراضات وارد کئے گئے ہیں، ان کے جوابات اور اس کے بعد بعض علماء اسلام کی عبارات اور اقوال عرض کر دیں تاکہ صحیح حقیقت سامنے آ جائے۔

پہلی دلیل

امام ابو یعلیٰؒ[1] فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو الجہم[2] الازرق بن علیؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ——

---

[1] امام ابو یعلیٰ الموصلی کا نام احمدؒ بن علیؒ تھا جو الحافظ الثقہ اور محدث الجزیرہ تھے ان کی وفات ۳۰۷ھ میں ہوئی ہے (تذکرۃ الحفاظ جلد ۲ ص ۲۴۸) [2] حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ ذکرہ ابن حبان فی الثقات وقال یغرب (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۲۰۰) ابن حبانؒ نے ان کو ثقات میں لکھا ہے اور فرمایا کہ وہ غریب حدیث لاتے ہیں۔ اور خود حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ صدوق یغرب (تقریب ص ۳۱) کہ وہ سچے راوی ہیں اور غریب حدیث لاتے ہیں۔ فن روایت میں راوی کے لیے سب سے بڑھ کر جس صفت کی ضرورت ہے وہ اس کی صداقت ہوتی ہے (مع دیگر شرطوں کے) اور یہ صاحب اس صفت سے متصف تھے اور اپنے مقام پر یہ بات آئیگی کہ غرابت صحت کے منافی نہیں

جواہر الفتاویٰ

جلد ۱

حضرت مولانا مفتی محمد عبد السلام چاٹگامی دامت برکاتہم العالیہ

سابق رئیس دار الافتاء
جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

استاد حدیث وفقہ
جامعہ اہلیہ دار العلوم معین الاسلام
ہاٹہزاری چاٹگام بنگلہ دیش

کے علمی وتحقیقی فتاویٰ ومقالات کا منتخب مجموعہ

اسلامی کتب خانہ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قبر میں حیات النبی ﷺ بلکہ حیات انبیاءؑ پر امت اسلامیہ کا اجماع ہے

حامدًا و مصلیًا و مسلماً !امابعد یہ کہ حیات النبی ﷺ کے بارے میں آپ لوگوں کا سوال اور شکوک وشبہات پر مشتمل تحریر ملی۔ ارادہ تو نہیں تھا کہ اس بارے میں کچھ لکھوں لیکن آپ لوگوں کی تحریر اور اطراف وجوانب سے آئے ہوئے خطوط نے مجبور کیا کہ کچھ وضاحت کر دینا لکھ ضروری ہے، لہٰذا مزید وضاحت کے ساتھ چند سطور لکھ دیئے امید ہے کہ اس سے تشفی ہوگی اور سب شکوک وشبہات بھی دور ہو جائیں گے۔

دراصل ہمارے اکابرین دیوبند کثّر اللّٰہ سوادھم کا فتویٰ تو وہی ہے جو جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن سے جاری ہوا ہے، وہ یہ کہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام وشہداء کرام کی حیات کا عقیدہ نصوص شرعیہ اور اجماع سے ثابت ہے۔ باتفاق علماء اہل السنۃ و الجماعت خاص کر اکابرین علمائے دیوبند اس کو جماعت دیوبندیہ کیلئے معیار قرار دیتے ہیں۔

اور اس کے خلاف منکرین حیات النبی والانبیاء والشہداء کو مبتدع اور اہل السنۃ والجماعت سے خارج قرار دیتے ہیں، ان منکرین حیاۃ النبی ﷺ کی اقتداء اور امامت کو مکروہ تحریمی فرماتے ہیں۔ تفصیلات دلائل سے آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔

اس کی تفصیل یوں سمجھئے کہ ہم نے جو کہا ہے کہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ حیات انبیاء علیہم السلام والشہداء تو نصوصِ قرآنی اور احادیث وآثار کثیرہ سے ثابت ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور شہداء کی ارواح کا تعلق وربط اپنے اجساد عنصریہ کے ساتھ حیات دنیویہ کی طرح ہے بلکہ اس سے بھی قوی تر ہے۔ فرق یہ ہے کہ دنیوی حیات کو ہم محسوس کرتے ہیں، اور بعد از وفات حیات کو ہم محسوس نہیں کر پاتے لیکن نصوص وروایات کے ذریعہ سے جب معلوم ہو گیا ہے کہ وہ زندہ اور حیات ہیں، اگرچہ ہم محسوس نہیں کرتے تو اس پر ایمان وعقیدہ ضروری اور واجب ہے۔

اسی حیات النبی اور حیات انبیاء کے حوالے سے حیاۃ النبی کا مسئلہ اتنا اہم ہے کہ ان کی حیات، شہداء اور دوسرے مؤمنین کی حیات کے مقابلہ میں جداگانہ حیثیت رکھتی ہے، چنانچہ بعض احکام شرعیہ میں وہ شہداء اور دوسرے مؤمنین سے بھی ممتاز ہیں، مثلاً: انبیاء کی وفات کے بعد ان کی جائیداد میں وراثت جاری نہیں ہوتی، ان کے اموال وارثوں میں تقسیم نہیں کئے جاتے، (۲) انبیاء علیہم السلام کی وفات کے

پچاس سالہ خود نوشت فتاویٰ کا مجموعہ

فتاویٰ دار العلوم کراچی

(اِمدادُ السّائلین)

جلد اوّل

کتاب الایمان والعقائد، کتاب العلم، کتاب التفسیر ومایتعلق بالقرآن، کتاب مایتعلق بالحدیث والسنۃ، کتاب الذکر والدعاء، کتاب مایتعلق بالتصوف والسلوک، کتاب حقوق المعاشرۃ وآدابھا، کتاب التاریخ والسیر والمناقب، کتاب الطہارۃ

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ
مفتی اعظم پاکستان

ترتیب وتخریج
مولانا اعجاز احمد صمدانی
مولانا طاہر اقبال

اِدارۃُ المعارف کراچی ۱۴

ان کی اجازت سے شائع نہیں ہوا، جس کو خط کا جواب لکھا اس نے اشاعت کرادی، لہٰذا اس کی سند حضرت گنگوہیؒ کی طرف جب تک معتبر طریقے سے ثابت نہ ہو اس کی نسبت حضرت گنگوہیؒ کی طرف یقین سے کرنا مشکل ہے۔

واللہ اعلم
۱۸/۲/۱۳۹۵ھ
(فتویٰ نمبر ۲۶/۳۶۷ الف)

عقیدۂ حیاتُ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

سوال (۱۷): - مولانا شمس الحق صاحب فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم انسان تھے وہ فوت ہو چکے ہیں اور کچھ نہیں دیکھ سکتے، دوسرے مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں اور جب ہم ان کی قبر مبارک پر جاتے ہیں تو وہ ہمیں دیکھتے ہیں مگر دوسرے شہر میں (مدینہ کے سوا) وہ نہیں دیکھ سکتے، اگر وہ قبر میں زندہ ہیں تو قبر میں کیوں دفن کیا گیا؟ اس کی کیا مصلحت ہے؟

جواب: - ہر انسان کی موت کے بعد بھی اس کی روح عالم برزخ میں زندہ رہتی ہے، اور روح کا ایک گونہ تعلق جسم وقبر سے بھی رہتا ہے، یہ تعلق اپنے اپنے اعمال وحالات کے اعتبار سے کسی کا قوی ہوتا ہے کسی کا کمزور،[1] عام کے مقابلے میں شہیدوں کی روح کا تعلق زیادہ قوی ہوتا ہے، اسی زیادتیٔ قوت کے باعث قرآن کریم میں شہید کے بارے میں فرمایا گیا ہے کہ: "بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ" یعنی شہید زندہ ہیں لیکن تم محسوس نہیں کرتے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کا تعلق جسم اطہر کے ساتھ شہید سے بھی زیادہ ہے، اتنا زیادہ ہے کہ کسی اور کی روح کو اپنے جسم سے اتنا تعلق نہیں ہوتا۔[2] چنانچہ احادیث سے ثابت ہے کہ آپ کی قبر شریف پر حاضر ہو کر جو آپ کی خدمت میں سلام عرض کرتا ہے آپ اسے خود سنتے اور جواب عنایت فرماتے ہیں[3] ہاں دیکھنے کا ذکر کسی حدیث میں نظر سے نہیں گزرا۔

واللہ اعلم
۳۰/۱/۱۳۹۴ھ
(فتویٰ نمبر ۲۵/۲۱ ب)

---

(۱) ان التعلق ایضًا مما یتفاوت قوۃ وضعفًا بحسب الأشخاص بل وبحسب الأزمان (روح المعانی ج:۲۱ ص:۵۸ طبع المکتبۃ الرشیدیۃ لاهور)۔

(۲) وقد جمع البیهقی کتابًا لطیفًا فی حیاۃ الأنبیاء فی قبورهم اورد فیه حدیث انس الأنبیاء احیاء فی قبورهم ...... اخرجه وهو من رجال الصحیح وقد وثقه احمد وابن حبان الخ۔ (فتح الباری ج:۶ ص:۶۰۲ قدیمی) ...... وفیه ج:۱ ص:۱۰۳: قال وصلاتهم فی اوقات مختلفة وفی اماکن مختلفة لا یرده العقل وقد ثبت به النقل فدل ذلک علی حیاتهم قلت واذا ثبت انهم احیاء من حیث النقل فانه یقویه من حیث النظر کون الشهداء احیاء بنص القرآن والأنبیاء افضل من الشهداء۔

(۳) عن ابی هریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: لا تجعلوا بیوتکم قبورًا ولا تجعلوا قبری عیدًا وصلّوا علیّ فان صلاتکم تبلغنی حیث کنتم (شعب الایمان، الباب الخامس والعشرون، فضل الحج والعمرۃ، حدیث:۴۱۶۲) ...... وقال صلی اللہ علیه وسلم من صلّی علیّ عند قبری سمعته ومن صلّی علیّ نائیًا ابلغته (شعب الایمان، الباب الخامس عشر فی تعظیم النبی صلی اللہ علیه وسلم، حدیث:۱۵۸۳)۔

عقائد اہل السنۃ والجماعۃ

علمائے اہل السنۃ والجماعۃ کی مصدقہ دستاویز

تالیف

متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

[illegible] حکیم محمد اختر [illegible]

خلیفہ مجاز

[illegible] سید محمد امین شاہ [illegible]

مکتبہ اہل السنۃ والجماعۃ

میں ہے اور نیند کے باوجود انبیاء علیہم السلام کا وضو باقی رہتا ہے۔

حیاتِ انبیاء علیہم السلام:

تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنی مبارک قبروں میں اپنے دنیاوی جسموں کے ساتھ تعلق روح بغیر مکلف ہونے اور بغیر لوازم دنیا کے زندہ ہیں اور مختلف جہتوں کے اعتبار سے اس حیات کے مختلف نام ہیں جیسے حیات دنیوی، حیات جسمانی، حیات حسی، حیات برزخی حیات روحانی۔

ذکرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

وہ تمام حالات و واقعات جن کا آنحضرت ﷺ سے ذرا بھی تعلق ہے ان کا ذکر کرنا نہایت پسندیدہ اور مستحب ہے۔

فضیلت و زیارت روضہ اطہر:

زمین کا وہ حصہ جو آنحضرت ﷺ کے جسم مبارک کے ساتھ ملا ہوا ہے کائنات کے سب مقامات حتی کہ کعبہ عرش اور کرسی سے بھی افضل ہے۔

مُنتخباتِ

نظامُ الفتاویٰ

جلد دوئم

حضرت مولانا مفتی نظام الدین صاحب مدظلہ کا یہ مجموعہ فتاویٰ جدید مسائل و معاملات کو سمجھنے کے لئے ایک انتہائی قابل قدر کاوش ہے۔ حضرت مفتی صاحب موصوف نے الجھے ہوئے ان جدید مسائل کو نہایت شستہ اور دلنشین دلائل کے ساتھ سمجھایا ہے۔ طب و سائنس اور زندگی کے دوسرے میدانوں میں ترقی کے باعث پیدا ہونے والے مسائل مثلاً اعضاء کی پیوند کاری' مصنوعی طریق حمل و تولید' پوسٹ مارٹم' انجکشن سے وضو اور روزے کا مسئلہ' ٹرین اور ہوائی جہاز میں نماز ادا کرنا' ریڈیو' فون اور ٹی وی پر رؤیت ہلال کا حکم' پراویڈنٹ فنڈ' بنک اور انشورنس کا انٹرسٹ' بنکوں میں جمع شدہ سرمایہ پر زکوۃ کا حکم اور دیگر سینکڑوں جدید مسائل اس مجموعہ کے خاص موضوعات ہیں۔

تصنیف

مولانا مُفتی نظامُ الدین اعظمی

مکتبہ رحمانیہ
اقـرأ سنـٹر
غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار
لاہور

۱۵

باسمہٖ تعالیٰ

کتابُ العقائد

اولیاء و شہداء کے زندہ ہونے کا صحیح مفہوم

سوال (۱) اللہ کے ولی شہید قبروں میں زندہ ہیں اور ان کو اللہ کے ہاں سے کھانا ملتا ہے۔ ایسا ہی ایمان اللہ کے رسولوں کے ساتھ رکھنا درست نہیں ہے تو اس کے ثبوت میں دلیل دیجئے؟

(۲) کیا اللہ تعالیٰ مذکورہ ہستیوں سے ہماری رہبری و رہنمائی کا کام لیتا ہے؟

(۳) کیا مذکورہ ہستیوں کو ہماری دعا خدا تک پہونچانے کے لیے سفارشی ذریعہ بنانا جائز ہے۔ جب کہ دنیا میں اللہ کے زندہ ولی موجود ہیں اور ان سے یہ کام لیا جاتا رہا ہے۔

فقط والسلام

باسمہٖ تعالیٰ

الجواب ―――――― وباللہ التوفیق

شہیدوں کے بارے میں قرآن پاک میں اس آیتِ کریمہ ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون پ ۲ کا ترجمہ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ محدث دہلوی جو ہم سب کے بڑے اور ہم سب کے معتمد ہیں اس طرح فرماتے ہیں:

"اور مت کہو اس کو جو مارا گیا ہو خدا تعالیٰ کی راہ میں کافروں سے لڑکر، جو اس لڑائی میں دنیا کی یا اپنی کچھ غرض نہ تھی ان کو نہ کہو مردے ہیں یعنی ان کو مردہ نہ کہو کہ مرے نہیں بلکہ جیتے ہیں اسی جہان میں۔ پر تم کو خبر نہیں۔ اور نہیں جانتے تم کہ ان کی زندگی کس طرح کی ہے تمہاری سمجھ میں نہیں آتی۔"

اسی طرح کی ایک اور آیت چوتھے پارہ میں آل عمران میں ہے۔ ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربھم یرزقون فرحین بما اٰتاھم اللہ من فضلہ اس کا ترجمہ شاہ صاحب فرماتے ہیں:

"اور نہ بوجھو اور نہ سمجھو ان لوگوں کو جو مارے گئے ہیں خدا تعالیٰ کی راہ میں مُردے۔ یعنی مرے نہیں بلکہ جیتے ہیں اور خدا تعالیٰ کے پاس روزی پاتے ہیں خوشی کرتے ہیں اس چیز سے جو دیا ان کو خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے۔

اور آیت کریمہ ولاتحسبن الذین قتلوافی سبیل اللہ امواتا کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے احادیث صحیحہ میں اس طرح منقول ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے شہداء غزوہ اُحد کے سلسلہ میں فرمایا ہے۔

جعل اللہ ارواحھم فی جوف طیرخضرتردانھار الجنۃ ای تشرب من مائھا ولبنھا وعسلھا وشرابھا الطھور تاکل من ثمارھا وتاوی الی تنادیل من ذھب معلقۃ فی ظل العرش فلماوجدوا طیب ماکلھم ومشربھم ومقبلھم قالوامن یبلغ اخواننا عنا ای عن قبلنا انا احیاء فی الجنۃ نرزق لئلایزھدواعن الجھاد ولاینکلواعندالحرب فقال اللہ تعالیٰ انا ابلغھم عنکم قال وانزل اللہ عزوجل ولاتحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا (ابوداؤد شریف مع البذل ص ۲۱۴، ج ۳ ومسلم شریف)

اس روایت کا حاصل یہ ہے کہ جب شہید کی روح شہید کے جسد ناسوتی اور عنصری سے نکل جاتی ہے تو اس کو عرش کے نیچے سبز چڑیوں کے قالب میں کر دیا جاتا ہے۔ جہاں وہ جنّت کی سیر کرتی رہتی ہیں اور جنّت کی نہروں سے اور جنّت کے پھلوں اور نعمتوں سے کھاتی پیتی رہتی ہیں اور عرش کے نیچے جو سونے کی قندیلیں لٹکی ہوتی ہیں ان میں سیر کرتی ہیں اور خوش و مست رہتی ہیں اور چاہتی ہیں کہ جو دنیا میں موجود ہیں ان کو کسی طرح خبر پہونچ جائے کہ دیکھو شہید ہونے کی برکت سے ہم اس نعمت اور خوشی میں ہیں۔ لہٰذا تم لوگ کبھی جہاد کرنے میں سُستی نہ کرنا اور نہ لڑتے ہوئے مُنہ موڑنا تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں تم لوگوں کیجانب سے دُنیا والوں کو یہ خبر پہونچا دیتا ہوں، تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی ولاتحسبن الذین الخ پس اس آیت کریمہ میں بھی یہ اشارہ ہوگیا کہ شہید دنیا میں نہیں آتے۔ اور پہلی آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ ان کی زندگی ناسوتی و عنصری نہیں ہے بلکہ اس کے برعکس ایسے رنگ کی ہے جس کی کیفیت تامہ ہم نہیں سمجھ سکتے۔ البتہ ان کے روحانی فیضان سے و متمتع ہونا جائز نہیں ہوتا۔ اسی طرح ان آیات سے یہ بھی معلوم ہوا کہ قبروں میں ان کا جسد عنصری کس طرح رہتا ہے اس کا علم ہونا ضروری نہیں۔ البتہ انبیاء و رسل علیہم السلام کے بارے میں روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین ان کے جسد عنصری کو نہیں کھاتی۔ نیز اس آیت کریمہ اولئک الذین انعم اللہ علیھم من النبیین والصدیقین والشھداء

ترجمہ: اگر وہ میری قبر پہ آئیں اور مجھے بلائیں، میں ان کا جواب دوں گا۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ قبر مبارک پہ آپ خود سُنتے ہیں۔ اور سلام کا جواب بھی دیتے ہیں۔


ثالثاً، حضورؐ نے فرمایا:-

لیس من عبد یصلی علی الا بلغنی صلوٰتہ رواہ الطبرانی۔[۳]

ترجمہ: جو بندۂ خدا مجھ پہ درود پڑھتا ہے وہ مجھے پہنچتا ہے۔

یہاں پہنچایا جاتا نہیں کہا، پہنچتا کہا ہے۔ معلوم ہوتا ہے یہ اس شخص کے متعلق ہے جو قریب سے پڑھے، دور والے کا پہنچایا جاتا ہے نہ یہ کہ خود پہنچتا ہے۔ بعض حوالوں میں یہ روایت تضعیف کاتب سے ...

۱۔ ابوداؤد جلد ... صفحہ ۲۷۹، مسند امام احمد جلد ۲ صفحہ ۵۲۷ ۲۔ رواہ ابویعلی ورجالہ رجال الصحیح۔ مجمع الزوائد جلد ۸ صفحہ ۲۱۱،
... مسند جلد ... صفحہ ... رواہ ابویعلی کمافی الحاوی للفتاوی جلد ۱ صفحہ ۱۹۰، روح المعانی پ ۲۲ صفحہ ۳۵، ۳۔ مسند امام احمد جلد ۲ صفحہ ۲۹۰


فاقصص القصص لعلهم يتفكرون
سوانح حیات
مہر تاباں، شہیر دوراں، شیخ القرآن
حضرت مولانا غلام اللہ خان نور اللہ مرقدہ
محمد عبد المعبود
کتب خانہ رشیدیہ
مدینہ مارکیٹ، راجہ بازار، راولپنڈی

۳۲۶

مناظرہ کا چیلنج دیا تھا جس کا پسِ منظر اور انجام حسبِ ذیل ہے :۔

قاضی عبدالشکور ساماں والے بیان کرتے ہیں کہ مولوی عبدالحق پیرزئی اور میاں عبدالحق غورغشتی علاقہ چھچھ میں بریلوی علماء کے سرغنہ تھے۔ بہبودی والے مولانا غلام ربانی نے شیخ القرآن کو تقریر کی دعوت دی جس پر بریلوی علماء، مولوی غلام رسول بارہ زئی، مولوی عبدالحق پیرزئی اور میاں عبدالحق غورغشتی وغیرہ نے باہمی مشورہ سے طے کیا کہ مولانا غلام اللہ خان کو علاقہ میں تقریر کرنے سے باز رکھیں ورنہ لوگوں کے دلوں میں ہمارے خلاف نفرتیں پیدا کر دیں گے۔

وہ اپنے پروگرام میں ناکام ہوئے۔ شیخ وہاں تشریف لے گئے اور تقریر کی اور مسئلہ توحید بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کیا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات کے لئے درود شریف پڑھنے کے فضائل و مناقب بیان کرتے ہوئے یہ حدیث پڑھی من صلی علیّ عند قبری سمعته ومن صلی علیّ غائبًا اُبلغته یعنی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو آدمی میری قبر کے قریب درود شریف پڑھے میں خود سن لیتا ہوں اور جو شخص دور دراز جگہ میں پڑھے تو اللہ کے فرشتے مجھ تک پہنچا دیتے ہیں۔

اس پر میاں عبدالحق غورغشتی والے نے بڑے درشت لہجہ میں کہا جھوٹ کہہ رہے ہو، غلط کہہ رہے ہو، نبی علیہ السلام تو ہر جگہ حاضر ناظر ہیں اور ہر ایک آدمی کا درود شریف بنفسِ نفیس خود سنتے ہیں۔ شیخ القرآن نے فرمایا۔ آپ اس پر قرآن مجید یا حدیث سے کوئی ثبوت پیش کریں۔ میرا آپ کو چیلنج ہے کہ دنیا کی کسی کتاب سے ایسی کوئی حدیث دکھا دیں جس میں لکھا ہو کہ حضور ساری دنیا کے لوگوں کے درود شریف

جلد ۵ شمارہ ۸ — رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۸۱ء — اگست ۱۹۶۰ء

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ

زیر سرپرستی شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان صاحب

ماہنامہ

تعلیم القرآن

سالانہ چندہ ۵ روپے

فی پرچہ ۸ آنے

مدیر

سید احمد حسین سجاد بخاری فاضل دیوبند

دار العلوم تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی

ماہنامہ تعلیم القرآن راولپنڈی

مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق چار سالہ نزاع کا خاتمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

برزخ میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی حیات کا مسئلہ مشہور و معروف اور جمہور علماء کا اجماعی مسئلہ ہے۔ علماء دیو حسب عقیدہ اہل سنت والجماعت برزخ میں انبیاء کرام کی حیات کے اس تفصیل سے قائل ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام وفات کے بعد اپنی اپنی پاک قبروں میں حیات جسمانی کے ساتھ زند ہیں۔ اور ان کے اجسام کے ساتھ ارواح مبارکہ کا ویسا ہی تعلق قائم ہے جیسا کہ دنیوی زندگی میں قائم تھا۔ وہ عباد میں مشغول ہیں۔ نمازیں پڑھتے ہیں۔ انھیں رزق دیا جاتا ہے۔ اور وہ قبور مبارکہ پر حاضر ہونے والوں کا صلوٰۃ وسلام بھی سنتے ہیں۔ وغیرہ۔ علماء دیوبند نے یہ عقیدہ کتاب وسنت سے ورثاً پایا ہے۔ اور اس بارے میں ان کے سوچنے کا طرز بھی متوارث ہی رہا ہے۔ حتیٰ کہ جب بریلوی حلقوں سے ان پر یہ الزام لگایا گیا ہے۔ کہ وہ برزخ میں حیات انبیاء کے منکر ہیں۔ اور اس افتراء سے علماء حرمین شریفین کو ان کی طرف سے بدظن بنا کر ان سے کر ان کے خلاف فتویٰ بھی حاصل کر لیا گیا۔ لیکن جب علماء حرمین پر اس دعوکہ دہی کی حقیقت کھلی۔ اور انہوں اس قسم کے تمام مسائل کے بارے میں از خود ایک مفصل استفتاء مرتب کر کے علماء دیوبند سے جواب مانگا جس میں حیات انبیاء کا سوال بھی شامل تھا۔ تو حضرت اقدس مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مفصل جوابی فتویٰ بنا المہند علی المفند مرتب فرما کر علمائے حرمین کے پاس ارسال فرمایا۔ جس میں مسئلہ حیات النبی وحیات انبیاء کرام کے بارے میں علماء دیوبند کا نقطہ نظر غیر مشتبہ اور واضح الفاظ میں تحریر فرمایا۔ جس کا حاصل یہ تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور برزخ میں ان کی یہ حیات حیات دنیوی ہے۔ نیز اسی ذیل میں اس نقطہ نظر کو مزید اور مضبوط تر کرنے کیلئے انہوں نے بانی دار العلوم دیوبند حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی قدس سرہٗ کے رسالہ آب حیات کا حوالہ بھی دیا جو اسی پر ایک مستقل اور پر از حقائق ومعارف کتاب ہے۔ جس کا مقصد اس مسئلہ کی ایک مستحکم تائید کے علاوہ یہ بھی تھا کہ علماء دیوبند کا یہ عقیدہ (حیات انبیاء) انھیں اپنے اسلاف سے بطور وراثت کے ملا ہے۔ کوئی انفرادی رائے یا وقتی ہنگامی فتویٰ نہیں ہے۔ جو حیا

ان اس عبارت کا فریقین کی صلح سے کوئی تعلق نہیں۔ جس عبارت پر صلح ہوئی ہے۔ وہ آگے صف پر آ رہی ہے۔ سجاد

23

پیش آنے سے اتفاقاً سامنے آگیا ہے۔ پھر اس مسئلہ اور اسکے بارے میں حضرت نانوتوی کے رسالہ کے حوالہ کی تائید میں
وقت کے تمام اکابر علماء دیوبند کے توثیقی دستخط بھی انہیں ثبت کرائے جس سے یہ واضح کرنا مقصود تھا۔ کہ مسئلہ حیات انبیاء کے
میں یہ مذکورہ عقیدہ صرف انکے سلف ہی کا نہیں، بلکہ خلف بھی اس کے اسی طرح قائل ہیں جس طرح سلف قائل تھے
اس طرح یہ مسئلہ (حیات انبیاء) بطرز مذکور سلف سے لیکر خلف تک یکسانی کے ساتھ مسلمہ و متفق رہا ہے۔ اور تمام
اکابر دیوبند کا یہ اجماعی مسلک ہے جس سے کوئی منحرف نہیں ہے۔ بحسن اتفاق سے وقت کے بعض فضلاء دیوبند نے اس
مسئلہ کی تفصیلات میں کچھ اختلاف فرمایا جس کا ظہور تین چار سال سے ہوا۔ نفس اختلاف رائے حضرت ہوتا لیکن سوء
اتفاق سے یہ اختلاف اسٹیج پر آگیا۔ اور اسمیں رد و قدح کی صورتیں پیدا ہونے لگیں۔ عوام کو بھی اس سے دلچسپی پیدا ہو
گئی۔ اور آخر کار اس مسئلہ کی بحث علماء سے گذر کر عوام میں انکے رنگ سے پھیل گئی جس سے قدرتاً اس اختلاف نے نزاع
و جدال باہمی کی صورت اختیار کرلی۔ گروپ بندی شروع ہوگئی، اور یہ بحث آخر کار ایک جماعتی فتنہ کی صورت میں آگئی جس سے
مسئلہ تو ایک طرف رہ گیا۔ اور فساد آگے آگیا۔ اور خود جماعت دیوبند میں تفریق و تفرق اور تحزب کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ جانبین سے رسالے لکھے گئے۔
[illegible] بازی بحثیں چھڑ گئیں جس سے جماعت کی اجتماعی قوت کو سخت نقصان پہنچ گیا۔ یہ صورت حال دیکھ کر اور اخبارات و رسائل سے ان
[illegible] ناقشات کی خبریں معلوم کرکے دل زخمی ہوتا رہا، اور جوں جوں یہ فتنہ بڑھتا گیا۔ دُوں دُوں دل کا غم بھی ترقی کرتا گیا۔ دلی آرزو تھی کہ کسی
طرح نزاع و جدال کی یہ صورت ختم ہو جائے حسن اتفاق سے ۲۶ اپریل ۱۹۶۲ء کو احقر کو پاکستان حاضر ہونے کا اتفاق ہوا۔
[illegible] اسی ماہ میں بزمانہ قیام لاہور جناب مولانا غلام اللہ خان صاحب اور محترم مولانا سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری احقر سے
ملاقات کیلئے قیام گاہ پر تشریف لائے۔ دوران ملاقات میں احقر نے اس نزاع و جدال کا شکوہ کرتے ہوئے اس صورت حال کے
اثرات کی طرف توجہ دلائی، اور عرض کیا کہ یہ صورت بہر نہج ختم ہونی چاہیئے جبکہ یہ مسئلہ کوئی ایسا اساسی مسئلہ نہیں ہے کہ اسے
ایک مستقل موضوع کی حیثیت سے اسٹیج پر لایا جائے۔ اور اسکی وجہ سے تفریق و تفرق اور تحزب کے ان مضر اثرات کو نظر انداز کیا جاتا رہے
بہی اچھا ہو کہ یہ مسئلہ یا تو اسٹیج پر آئے ہی نہیں۔ اور اگر اتفاقاً آجائے۔ تو اس کا عنوان نزاعی نہ ہے۔ اس پر ان دونوں بزرگوں نے
نہایت مخلصانہ اور دردانگیز لہجہ میں کہا۔ کہ ہم خود بھی اس صورت حال سے دل گرفتہ ہیں۔ اور دلی تنگی محسوس کرتے ہیں کاش آپ حضرات
ہی درمیان میں پڑ کر اس نزاع کو ختم کرادیں۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے سوا یہ قصہ کسی اور کے بس کا ہے بھی نہیں۔ اس بارہ میں آپ کی
[illegible] کی تحریرات نہایت معتدل انداز سے سامنے آئی ہیں۔ جن کو دونوں فریق نے احترام کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ اب بھی ہمارے
[illegible] آپ کی مساعی احترام و قبول کی نگاہ سے دیکھی جائینگی۔ احقر کو ان مخلصانہ جملوں سے نزاع کے ختم ہونے کی کافی توقع پیدا ہو
[illegible] اور ارادہ کرلیا گیا۔ کہ فریقین کے ذمہ دار افراد سے مل کر کوئی مفاہمت کی صورت پیدا کی جائے چنانچہ جواب میں یہی عرض
[illegible] کیا۔ کہ حضرت مولانا خیر محمد صاحب دامت مجدہٗ شیخ الحدیث مدرسہ خیر المدارس ملتان سے مل کر میں اس سلسلے میں کوئی رائے قائم
کرونگا۔ کراچی پہنچ کر احقر نے اس سلسلے میں مولانا غلام اللہ خان صاحب سے مراسلت شروع کی تاکہ معاملہ کے کچھ ابتدائی مبادی طے ہوسکیں
[illegible] ہے کہ کسی دینی مسئلہ میں مفاہمت کے معنی خلاف دیانت رائے تبدیل کردینے یا مسئلہ کو کم و بیش کرکے کسی اجتماعی نقطہ پر آجانے
کے بھی ہی نہیں ہوسکتے۔ اسلئے طریقہ مفاہمت اور فریقین کیلئے نقطہ اجتماع ذہن میں یہ آیا۔ کہ اولاً یہ مسئلہ عوام میں لایا ہی نہ جائے۔
اگر بیان مسئلہ کی نوبت آئے۔ تو اسکا قدر مشترک پیش کرکے اسکی تفصیلات اور اختلافی خصوصیات پر زور نہ دیا جائے

[illegible]

...م کو ان کی گہری خصوصیات میں پڑنے سے روکا جائے، تو کم از کم عوام میں سے یہ نزاعی صورتیں ختم ہو جائینگی۔ جو
...ت ہو رہی ہیں۔ پھر اگر علماء کی حد تک تفصیلات میں کچھ اختلافات باقی بھی رہ جائے جس کا عوام سے کوئی تعلق
...روپ بندی کے مضر اثرات ختم ہو جائینگے۔ جو فتنہ کی اصل بنے ہوئے ہیں۔ اسلئے احقر نے اپنی محدود معلومات
...تک اس مسئلہ کے قدر اشتراک کا ایک عنوان تجویز کر کے مولانا ممدوح کو لکھا۔ کہ وہ اس بارے میں اپنی رائے ظا...
...یں تاکہ دوسرے حضرات کی رائے بھی حاصل کی جا سکے۔ اس عریضہ کا جواب مجھے ملتان پہنچ کر مدرسہ خیر المدارس
...جس میں مولانا غلام اللہ خان صاحب نے احقر کے عنوان کو رد کئے بغیر خود بھی ایک عنوان لکھ کر بھیجا۔ اس موقعہ پر
...ت مولانا خیر محمد صاحب مولانا محمد علی جالندھری اور دوسرے معتمد علماء جمع تھے۔ جن کے سامنے احقر نے اپنا مضمون
...دونوں عنوان رکھ کر گفتگو کی۔ سطے یہ پایا کہ قیام ملتان کی قلیل مدت اس مسئلہ کیلئے کافی نہیں ہے اور بعض ضروری ...
...بھی یہاں موجود نہیں۔ اسلئے اس مسئلہ پر گفتگو جہلم میں رکھی جائے اور وہاں ایک مستقل دن اس کام کیلئے فارغ ...
...جائے۔ ساتھ ہی احقر نے ملتان ہی سے اپنی تقریروں میں اس منصوبہ کے لئے زمین ہموار کرنی شروع کر دی ...
...وہاں جہلم اور راولپنڈی میں خصوصیت کے ساتھ اس سلسلہ میں اصلاحی عنوانات اختیار کئے گئے۔ احقر نے اس
...میں حضرت مولانا خیر محمد صاحب مدظلہ، حضرت مولانا محمد شفیع صاحب سرگودھوی اور مولانا محمد علی جالندھری
...جہلم تشریف لے چلنے کے لئے عرض کیا جس کو ان حضرات نے بخوشدلی منظور فرما لیا۔ مقررہ تاریخ پر یہ سب حضرات
...میں جمع ہو گئے۔ اور مسئلہ حیات النبی کا قدر مشترک زیر غور آیا۔ طے یہ پایا کہ قدر مشترک کم از کم اتنی تفصیل ضرور لئے ہوئے ہو...
...ہے جس سے مسئلہ کے تمام بنیادی گوشوں پر روشنی پڑ سکے۔ اور عوام لطیفۂ عقیدہ کے اسے سمجھ سکیں۔ چنانچہ گفتگو کے ...
...ایک جامع تعبیر احقر نے قلمبند کی۔ اور ارادہ کیا گیا کہ راولپنڈی میں ان حضرات ممدوحین کی موجودگی میں دوسری جانب کے
...دار حضرات مولانا غلام اللہ خان صاحب مولانا قاضی نور محمد صاحب مولانا قاضی شمس الدین صاحب اور مولانا سید عنا...
...صاحب بخاری کو جمع کر کے اس منصوبہ اور مجوزہ عنوان پر گفتگو کی جائے اور اس مسئلہ کا آخری طور پر فیصلہ کر دیا جائے۔
چنانچہ ۲۲ جون ۱۹۶۲ء بروز جمعہ دونوں جانب کے یہ سب بزرگ احقر کی قیامگاہ (مدرسہ حنفیہ عثمانیہ) میں جمع ہو گئے۔ الحمد...
...س میں احقر نے اس معاملہ کی ابتدا سے آخر تک ساری روداد بیان کر کے مسئلہ کا وہ منقح قدر مشترک دونوں جانب کے ...
...ددار حضرات کے سامنے رکھا۔ گفتگو نہایت دوستانہ اور مخلصانہ ماحول میں ہوئی۔ اور ختم مجلس تک الحمد للہ یہی جو...
...م رہا۔ نہ اسمیں ہار جیت کے جذبات تھے۔ نہ غلبہ و مغلوبیت کے تصورات تھے۔ بلکہ مسئلہ کو سلجھانے اور نمٹانے کے جذبات ...
...تھے۔ اور آخر یہ نتیجہ نکلا۔ کہ دونوں حلقوں نے احقر کی پیش کردہ قدر مشترک کے عنوان کو قبول کر لیا۔ اور اس قدر مشترک ...
...تحریری یادداشت: جو احقر نے اپنے دستخط سے پیش کی، فریقین نے دستخط فرما دیئے۔ اس تحریری یادداشت کا متن بلفظہ حسب ذیل ...

دو عالم مسلمین میں فتنہ نزاع و جدال سے بچانے کیلئے مناسب ہوگا کہ مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ کے
ہر دو فریق کے ذمہ دار حضرات عبارت ذیل پر دستخط فرما دیں۔ یہ عنوان مسئلہ کا قدر مشترک ہوگا۔ ضرورت پڑنے
پر اسی کو عوام کے سامنے پیش کر دیا جائے۔ عبارت حسب ذیل ہے۔

"وفات کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد اطہر کو برزخ (قبر شریف) میں بہ تعلق روح حیات حاصل
ہے۔ اور اس حیات کی وجہ سے روضۂ اقدس پر حاضر ہونے والوں کا آپ صلوٰۃ و سلام ...

سنتے ہیں۔

(حقیر محمد طیب وارد حال راولپنڈی ۲۲ جون ۱۹۶۲ء) (مولانا قاضی) نور محمد خطیب جامع مسجد قلعہ دیدار سنگھ
لاشئ (مولانا) غلام اللہ خان (مولانا) محمد علی جالندھری عفا اللہ عنہ

اس مختصر عبارت کی کافی تفصیل چونکہ مولانا قاضی شمس الدین صاحب (برادر خورد مولانا قاضی نور محمد صاحب) اپنے مکتوب میں لکھ کر مولانا محمد علی صاحب جالندھری کے پاس بھیج چکے تھے۔ اسلئے یہ عبارت بالا ان کی مسلمہ ہے۔ بنا بریں اس عبارت پر ان کے دستخط کرانے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ عبارت بالا کو ان کا مسلمہ سمجھا جائے۔

چونکہ اس موقع پر سید عنایت اللہ شاہ صاحب بخاری بوجہ علالت راولپنڈی تشریف نہ لا سکے۔ اس لئے احقر کے عرض کرنے اور مسودہ پیش کرنے پر حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحب اور مولانا غلام اللہ خان صاحب نے انکے بارے میں حسب ذیل تحریر دستخط کر کے بندہ کو عنایت فرمائی۔ جس کا متن بلفظہ حسب ذیل ہے۔

ہم (مولانا قاضی نور محمد صاحب اور مولانا غلام اللہ خان صاحب) انکی پوری کوشش کرینگے۔ کہ سید عنایت اللہ شاہ صاحب سے بھی اس تحریر (مندرجہ بالا) پر دستخط کرائیں جس پر ہم نے دستخط کئے ہیں۔ اگر ممدوح اس پر دستخط نہ کرینگے۔ تو ہم مسئلہ حیات النبی میں اس تحریر کی حد تک ان سے برأت کا اعلان کر دیں گے۔ نیز اپنے جلسوں میں ان سے مسئلہ حیات پر تقریر نہ کرائینگے اور اگر اس مسئلہ میں وہ کوئی مناظرہ وغیرہ کریں گے۔ تو ہم اس بارے میں ان کو مدد نہ دیں گے۔

نور محمد خطیب قلعہ دیدار سنگھ لاشئ غلام اللہ خان (۲۲ جون ۱۹۶۲ء)

اس تحریر سے ہر دو دستخط کنندہ بزرگوں کی حق گوئی اور حق پسندی ظاہر ہے باوجودیکہ سید عنایت اللہ شاہ صاحب سے ان بزرگوں کے قوی ترین تعلقات اور مخلصانہ روابط ہیں۔ مگر اس بارہ میں کسی رو رعایت سے کام نہیں لیا جس سے ان کی انصاف پسندی اور دین کے بارے میں بے لوثی نمایاں ہے۔ تاہم سید صاحب ممدوح کے بارے میں مجھے اپنی معلومات کی حد تک یہ عرض کرنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی۔ کہ وہ برزخ میں انبیاء کی حیات جسمانی کے کلیتہً منکر نہیں ہیں۔ صرف اسکی کیفیت اور نوعیت میں کلام کرتے ہیں۔ ایسے ہی وہ حاضرین قبر شریف کے درود و سلام کے حضور کے سمع مبارک تک پہنچنے اور آپ کے سننے کا بھی علی الاطلاق انکار نہیں کرتے۔ بلکہ اس کے دوام اور ہمہ وقتی ہونے کے قائل نہیں۔ ان کا یہ نا تمام اقرار چونکہ ان کی معنوی حجت سے ہے اسلئے انھیں اس بارہ میں منکر نہیں کہا جائے گا۔ بلکہ مؤوّل سمجھا جائے گا۔ گو ان کی یہ تاویل بمقابلہ جمہور اس ناچیز اور ہر دو دستخط کنندہ بزرگان ممدوحین بالا کے نزدیک قابل تسلیم نہیں۔ لیکن مذکورہ صورت حال کے ہوتے ہوئے جبکہ ان کا یہ اختلاف بحث ہے ان پر زبان طعن و ملامت کھولنا یا تشنیع کرنا کسی طرح قرین انصاف و ثواب نہیں بالخصوص جبکہ وہ دوسرے مسائل میں بہ حیثیت مجموعی اہل دیوبند اور اہل سنت والجماعت کے حامی اور خادم بھی ہیں۔ اسلئے انھیں ان کے حال پر چھوڑ کر سکوت اختیار کیا جانا ہی قرین مصلحت اور جانبین کے لئے مفید ثابت ہوگا۔ ساتھ ہی مجھے اپنے مخدوم سید صاحب ممدوح سے بھی پوری توقع اور امید رکھنی چاہیئے۔ کہ وہ مسئلہ حیات کی ان تفصیلات میں جمہور اہل سنت والجماعت کے مسلک کا احترام قائم رکھنے کے لئے اپنے کسی خصوصی مفہوم کو (خواہ وہ ان کی دانست میں مفہوم اہل سنت والجماعت ہی ہو۔ مگر جمہور علماء کے نزدیک وہ ان کا خصوصی مفہوم قرار دیا جا رہا ہو۔ اور خواہ وہ کتنی بھی دیانت پر مبنی ہو) ضروری الاشاعت نہ سمجھتے ہوئے سکوت کو کلام پر ترجیح دینگے۔ مسئلہ کوئی ایسا

ــــــــــــــــــــ

اسی شیعہ نشت پہنہ پیدہ

اساسی اور بنیادی عقائد کا نہیں ہے کہ اسمیں تکلف بحد تعسف روا رکھا جائے۔

اسی طرح عام مسلمانوں کی خدمت میں گذارش ہے۔ کہ وہ مسائل اور انہیں علماء کے جزوی اختلافات کو مناقشات اور جدال و نزاع کا ذریعہ نہ بنائیں۔ اس قسم کے اختلافات امت کے لئے آسانیوں کا ذریعہ بنائے گئے ہیں نہ کہ نزاع اور مناقشات کا۔ اسلئے عملاً و اعتقاداً جمہور سلف و خلف کا دامن تھام کر دوسری جانبوں سے مسامحت اختیار کریں اور لڑائی کی خو پیدا نہ کریں۔ آج امت کے بہت سے اہم اور بنیادی مسائل ہیں۔ جو انکی ہیئت اجتماعی کے متقاضی ہیں اور یہ ہیئت جب ہی برقرار رہ سکتی ہے کہ اُسے اس قسم کے فروعی اختلافات میں بصورت گروہ بندی ضائع نہ کیا جائے۔ آخر میں میں دونوں کے بزرگوں اور بالخصوص فریقین کے نامبردہ اکابر کا شکر گذار ہوں۔ کہ انہوں نے اس ناچیز کی گذارشات کو پوری توجہ اور انصاف خاطر اور صحیح قبول کے ساتھ سنا اور ملت کو بہت سے مفاسد اور نزاعات سے بچا لیا فجزاہم اللہ عنی و عن جمیع المسلمین خیر الجزا۔ اس کی عملی صورت کا سب سے زیادہ شاندار مظاہرہ راولپنڈی کے اس عظیم الشان جلسہ عام میں ہوا جو احقر کی تقریر کے سلسلہ میں مدرسہ حنفیہ عثمانیہ کے زیر اہتمام ایک بڑے میدان میں زیر صدارت حضرت مولانا خیر محمد صاحب شیخ الحدیث مدرسہ خیر المدارس ملتان منعقد کیا گیا تھا۔ احقر کو منظوم دیئے سے جلسہ کا آغاز ہوا۔ اور احقر کی تقریر شروع ہوئی۔ جو تقریباً ۲½ گھنٹہ جاری رہی۔ تقریر کے آخر میں احقر نے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے اس نزاع کے ختم ہونے کی بشارت تفصیل سے سنائی۔ جس سے عوام میں خوشی کی ایک بے پناہ لہر دوڑ گئی۔ اور ہزارہا انسانوں کے ہجوم نے بے تحاشا تبریک و تہنیت کے نعرے لگانے شروع کر دیئے جس سے فضا گونج اٹھی۔ ختم تقریر پر ... سے مولانا غلام اللہ خان صاحب نے اور دوسری جانب سے مولانا محمد علی صاحب جالندھری نے اپنی تقریروں سے اس بیان کی تائید کی۔ اور نہایت فراخدلانہ اور مخلصانہ لب و لہجہ سے فرمایا کہ ہم نے مہتمم دار العلوم کے درمیان میں پڑ جانے سے اس مسئلہ کی نزاعی حال کو ختم کر دیا ہے۔ اور جو چیز ہمیں ناممکن نظر آرہی تھی۔ وہ اس شخصیت (احقر ناکارہ) کے درمیان میں آجانے سے نہ صرف ممکن بن گئی۔ بلکہ واقع ہو کر سامنے آگئی۔ اور ہم کھلے دل سے اس کا اعتراف کرتے ہیں۔ کہ اس مہم کو مہتمم دار العلوم ہی کی شخصیت انجام دے سکتی تھی۔ جسمیں ایک طرف دار العلوم دیوبند جیسے علمی و مذہبی مرکز کی سربراہی کی نسبت موجود ہے۔ جو ہم سب کا مرکز قلوب ہے۔ اور دوسری طرف بانی دار العلوم حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی قدس سرہ کی وہ قاسمی نسبت بھی موجود ہے۔ جو پوری قاسمی برادری کو متحد کئے ہوئے ہے۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ اس کے سوا دوسرے سے یہ مہم انجام نہیں پا سکتی تھی۔ بہرحال ہم نے اس نزاع کو ختم کر دیا ہے اور ہم اس بارے میں عوام کو مطمئن کرنا چاہتے ہیں۔ ان دو تقریروں کے بعد سے ہزاروں آدمیوں کا عظیم اجتماع جذبات سے ابل پڑا۔ اور اس نے مہتمم دار العلوم زندہ باد۔ دار العلوم دیوبند زندہ باد اور علمائے دیوبند زندہ باد کے فلک شگاف نعرے شروع کئے۔ کئی منٹ تک فضا نعروں سے گونجتی رہی مجمع میں جذبات مسرت کی ایک عجیب حرکت تھی جس سے مجمع متموج دریا کی طرح نظر آرہا تھا۔ اور نعروں میں تقریریں بند ہو گئیں۔ بالآخر جلسہ نہایت کامیابی کے ساتھ ختم ہوا۔ اور جو تحریک احقر کے قلم سے کراچی سے ہوئی تھی۔ وہ ملتان سرگودھا وحافظ آباد اور جہلم نیز اپنے مختلف مراحل سے گذرتی ہوئی راولپنڈی میں حد اتمام تک پہنچ گئی۔ برزرگوں کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ کہ چار سال کی مکدر فضا صاف ہوئی اور اسکے اچھے آثار روبروز و دل نظر آنے لگے۔ فالحمد للہ

حق تعالیٰ اس یگانگت کو پائیدار اور برقرار رکھے۔ اور مسلمانوں کو توفیق عطا فرمائے کہ وہ دین و ملت کے اہم کاموں کی فرعیہ کے مقابلے میں اہم سمجھتے ہوئے اپنی اجتماعی قوتوں کو ان پر لگائیں۔ آمین

احقر محمد طیب مدیر دار العلوم دیوبند نزیل حال جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور

فتوی نمبر: ۲۷/۳۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

استفتاء

جناب محترم حضرت مفتی محمد صاحب دارالافتاء والارشاد جامعۃ الرشید احسن آباد، کراچی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

MIS کراچی والوں نے جناب اشتیاق احمد صاحب کا ''سفرنامہ عمرے کا'' شائع کیا ہے۔ انہوں نے صفحہ ۳۰ پر روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری کا واقعہ لکھا ہے:

''درود تو دور سے ہی پڑھتے آرہے تھے، عین سامنے پہنچ کر ہم پڑھنے لگے:

"الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللّٰہ، الصلوۃ والسلام علیك یا نبی اللّٰہ، الصلوۃ والسلام علیك یا حبیب اللّٰہ" اس مقام مبارکہ پر صلوۃ وسلام اسی طرح پڑھا جائے گا جبکہ دور سے ہم "الصلوۃ والسلام علی رسول اللّٰہ" پڑھتے ہیں۔'' (سفرنامہ عمرے کا: ص ۳۰)

آپ وضاحت فرمادیں کہ کیا یہ درود شریف ہے؟ کیا حدیث کی کتب میں یہ درود وسلام ملتا ہے؟ یا حاضری کے وقت درودِ ابراہیمی پڑھنا افضل ہے؟ کیا یہ الفاظ درودِ ابراہیمی سے بھی افضل ہیں؟ نیز صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم، تابعین کرام اور اکابر اُمت رحمہم اللہ کا روضہ مبارک پر حاضری کے وقت کیا طریقہ تھا؟ وہ کیا پڑھتے تھے؟ نیز سب سے افضل درود وسلام کون سا ہے؟ وضاحت فرمادیں۔

والسلام

طارق مصطفیٰ اعوان

معلم گورنمنٹ اسلامیہ ہائی اسکول ملکہ (گجرات)

الجواب باسم ملہم الصواب

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم، تابعین رحمہم اللہ اور تمام اکابر اُمت کا روضہ مبارک پر حاضری کا طریقہ یہ تھا کہ مسجدِ نبوی علی صاحبہا الصلاۃ والسلام میں داخل ہونے کے بعد پہلے دوگانہ تحیۃ المسجد پڑھتے اور پھر قبر اطہر پر حاضر ہو کر نہایت ادب واحترام کے ساتھ پست آواز میں نذرانۂ سلام پیش کرتے، کیونکہ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ایک حدیثِ مبارک میں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ میری قبر پر آکر کوئی مجھ پر درود پڑھے تو میں اُسے سنتا ہوں:

"من صلی عليّ عند قبري سمعته، ومن صلی عليّ نائیا أبلغته."

(شعب الإیمان للبیهقي: ۲/۲۱۵، ح ۱۵۸۳، دار الکتب العلمیة، بیروت)

وفي روایة أبي الشیخ عن أبي هریرة رضي اللّٰه عنه: "من صلی عليّ عند قبري سمعته، ومن صلی علي من بعید علمته."

صـ ٢

(الجامع الكبير للسيوطي: ١/٢٣٤٠٥، ح ٥٥٠٣)

قال ابن القيم: "وقال أبو الشيخ في "كتاب الصلاة على النبي" حدثنا عبدالرحمن بن أحمد الأعرج، حدثنا الحسن بن الصباح، حدثنا أبو معاوية، حدثنا الأعمش، عن أبي صالح، عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله: "من صلى عليّ عند قبري سمعته، ومن صلى عليّ من بعيد أعلمته." (جلاء الأفهام في فضل الصلاة على محمد خير الأنام: ١/٥٤، دار العروبة، كويت)

قال الحافظ ابن حجر العسقلاني:"وأخرجه أبو الشيخ في "كتاب الثواب" بسند جيد بلفظ:"من صلى عليّ عند قبري سمعته، ومن صلى عليّ نائياً بُلّغته." (فتح الباري: ١٠/٢٤٣)

وكذا ذكره ابن تيمية عن ابن أبي شيبة والدارقطني في "اقتضاء الصراط المستقيم."

(اقتضاء الصراط المستقيم: صـ ٢٩٤، دار الفكر، بيروت)

ترجمہ: ''جو شخص میری قبر پر آ کر مجھ پر درود بھیجتا ہے تو میں خود اسے سنتا ہوں اور جو دور سے مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھے (فرشتوں کے ذریعے) پہنچا دیا جاتا ہے۔''

ایک دوسری حدیث میں ارشاد فرمایا کہ جو بھی آ کر مجھے سلام کرتا ہے میں اس کا جواب دیتا ہوں۔

قال أبو داؤد: "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه: "ما من أحد يسلم عليّ إلا ردّ الله عليّ روحي، حتى أرد عليه السلام." قال الألباني: حسن." (سنن أبي داؤد: ١/٦٢٢، ح ٢٠٤١، باب زيارة القبور، دارالفكر، ومسند أحمد: ٢/٥٢٧، ح ١٠٨٢٧، قال الشيخ الأرناؤوط: إسناده حسن)

ترجمہ: ''جو بھی کوئی (مسلمان قبر پر آ کر) مجھے سلام کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ مجھے میری روح لوٹا دیتے ہیں تا کہ میں اسے سلام کا جواب دوں۔''

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قریب سے صلاۃ وسلام سننا اُمت کا اجماعی عقیدہ ہے:

ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ کی اس حدیثِ مبارک کی روشنی میں اس فاسد عقیدے کا بھی رد ہو گیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں اور ہر جگہ سے ہمارا صلاۃ وسلام سنتے ہیں، البتہ خاص روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پیش کرنے کے بارے میں تمام اہل السنۃ والجماعۃ اس پر متفق ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بذاتِ خود صلاۃ وسلام سنتے ہیں جیسے کہ حضرت مولانا غلام اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کے تصدیقی دستخط سے جاری ہونے والے ایک فتویٰ میں تحریر ہے:

ص ۳

''کتب فقہ حنفیہ اور احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ عند القبر بذات خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم درود وسلام سنتے ہیں۔ سلف اہلسنت والجماعت میں اس کے اندر کوئی اختلاف نہیں ہے۔'' (بحوالہ خیر الفتاویٰ: ۱/ ۱۲۷، امدادیہ، ملتان)

اور اسی لیے کشف الباری کتاب المغازی صفحہ ۱۲۳ پر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم فرماتے ہیں:

''سماع انبیاء مجمع علیہ ہے، عام موتی کا مختلف فیہ ہے۔''

جبکہ قطب الارشاد حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی فتاویٰ رشیدیہ میں واشگاف الفاظ میں تحریر فرمایا ہے کہ قبر کے قریب سماع النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں کسی کو اختلاف نہیں۔ چنانچہ ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

''تیسرے یہ کہ قبر کے پاس جا کر کہے کہ اے فلاں تم میرے واسطے دعا کرو کہ حق تعالیٰ میرا کام کردیوے، اس میں علماء کا اختلاف ہے، مجوّزِ سماعِ موتی اس کے جواز کے مقر ہیں اور مانعین سماع منع کرتے ہیں، سو اس کا فیصلہ اب کرنا محال ہے، مگر انبیاء علیہم السلام کے سماع میں کسی کو اختلاف نہیں، اسی وجہ سے ان کو مستثنیٰ کیا ہے اور دلیل جواز یہ ہے کہ فقہاء نے بعد سلام کے وقتِ زیارتِ قبر مبارک کے شفاعت و مغفرت کا عرض کرنا لکھا ہے۔ پس یہ جواز کے واسطے کافی دلیل ہے۔'' (فتاویٰ رشیدیہ کامل: ص ۱۱۲، محمد سعید تاجران کتب، کراچی)

دوسرے مقام پر فرمایا:

''انبیاء علیہم السلام کو اسی وجہ سے مستثنیٰ کیا ہے کہ ان کے سماع میں کسی کو اختلاف نہیں۔''

(فتاویٰ رشیدیہ کامل: ص ۶۰، محمد سعید تاجران کتب، کراچی)

قریب سے صلاۃ وسلام سننے کے بارے میں علامہ ابن تیمیہ کا عقیدہ:

چنانچہ جمہور اہلسنت سے بہت سارے مسائل میں اختلاف کرنے کے باوجود اس مسئلے میں ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بھی اختلاف نہیں کیا بلکہ اس باب میں ان کا عقیدہ وہی ہے جو جمہور سلف اہلسنت کا ہے، حالانکہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا شمار ان بزرگوں میں ہوتا ہے کہ اگر کسی بات سے انہیں شرک کا ادنیٰ ترین وہم بھی پیدا ہوتا ہے تو وہ اس کا سدِ باب کرتے ہیں اور اس کے خلاف محاذ قائم کر دیتے ہیں، مگر قبر شریف پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صلاۃ وسلام سننے کا مسئلہ اتنا صاف اور بے غبار ہے کہ جگہ جگہ پر اپنے فتاویٰ و دیگر کتب میں واضح الفاظ میں لکھتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے پاس پڑھا گیا صلاۃ وسلام خود سماعت فرماتے ہیں۔

قال ابن تيمية رحمه الله تعالىٰ: "إن الله حرّم على الأرض أن تأكل لحوم الأنبياء، فأخبر أنه يسمع الصلوة والسلام من القريب وأنه يبلغ

ص ٣

ذلك من البعيد."

(بيان مختصر لمناسك الحج، مجموع فتاوىٰ ابن تيمية: ١٤٧/٢٦)

وقال أيضا: "فهذه النصوص التي ذكرناها تدل على أنه يسمع سلام القريب، ويبلغ سلام البعيد وصلاته، ...... والحديث الذي فيه: "ما من رجل يسلم عليّ إلا رد الله عليّ روحي، حتى أرد عليه السلام." فهم العلماء منه السلام عند قبره خاصة، فلا يدل على البعيد." (الرد على البكري: ١٠٧/١، ٢٥٣/١)

وقال أيضاً: "وقال: "أكثروا عليّ من الصلاة يوم الجمعة وليلة الجمعة، فإن صلاتكم معروضة عليّ." فقالوا: كيف تعرض صلاتنا عليك وقد أرمت؟ أي: بليت. قال: "إن الله حرم على الأرض أن تأكل أجساد الأنبياء." فأخبر أنه يسمع الصلاة والسلام من القريب، وأنه يبلغه ذلك من البعيد."

(مجموعة فتاوىٰ ابن تيميه: ١٤٤/٦، فصل وإذا دخل المدينة قبل الحج أو بعده)

وقال في المنهاج: "فهذا المعروف عنه في السنن هو الصلاة والسلام عليه كما أمر الله تعالىٰ بذلك في كتابه بقوله: ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا﴾ (سورة الأحزاب: ٥٦) وقد ثبت في الصحيح أنه قال: "من صلى عليّ مرة صلى الله عليه عشرا." لكن إذا صلّى وسلّم عليه من بعيد بلغ ذلك، وإذا سلم عليه من قريب سمع هو سلام المسلم عليه، ولهذا كان الصحابة رضي الله عنهم إذا أتى أحدهم قبره سلم عليه، وعلى صاحبيه." (منهاج السنة النبوية: ٤٤٣/٢)

شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی کا عقیدہ:

اور یہی وجہ ہے کہ جب شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے مخالفین نے ان کے بارے میں مشہور کیا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کو منع کرتے ہیں تو ان کے متبعین علماء نجد اور خاص کر ان کے صاحبزادے عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب نے اس بات کی تردید کرتے ہوئے کھلے الفاظ میں اپنا عقیدہ یہ بیان کیا کہ قبر کے قریب پڑھا گیا درود وسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود سنتے ہیں۔

قال الشيخ عبدالعزيز بن محمد: "ومما كتبه الشيخ عبدالله بن محمد بن عبدالوهاب ذاكرا هذه المفتريات، ثم معقبا عليه بالدحض

صـ ۵

والرد، حين دخل مكة في محرم سنة ١٢١٨هـ ...... والذي نعتقده أن مرتبة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم أعلى مراتب المخلوقين على الإطلاق، وأنه حيّ في قبره حياة برزخية أبلغ من حياة الشهداء المنصوص عليها في التنزيل، إذ هو أفضل منهم بلا ريب، وأنه يسمع سلام المسلم عليه، وتسن زيارته." (دعاوي المناوئين لدعوة الشيخ محمد بن عبد الوهاب عرض ونقض: ١/١٢٠،١٢١)

اور یہی مضمون دو جگہوں پر علماءِ نجد کی کتاب الدرر السنیۃ فی الأجوبۃ النجدیۃ میں آیا ہے۔

(الدرر السنية في الأجوبة النجدية: ١/٢١٧،٢/٥٩)

حضرت مولانا سرفراز خان صفدر رحمہ اللہ کا دعویٰ:

لہٰذا حضرت مولانا سرفراز خان صفدر رحمہ اللہ کا یہ دعویٰ نقل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں:

''بلاخوفِ تردید یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ تقریباً ۱۳۷۴ھ [۱۹۵۵ء] تک اہلسنّت والجماعت کا کوئی فرد، کسی بھی فقہی مسلک سے وابستہ، دنیا کے کسی خطہ میں اس کا قائل نہیں رہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (اور اسی طرح دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام) کی روح مبارک کا جسم اطہر سے قبر شریف میں کوئی تعلق اور اتصال نہیں اور آپ عند القبر صلوٰۃ وسلام کا سماع نہیں فرماتے۔ کسی اسلامی کتاب میں عام اس سے کہ وہ کتاب حدیث وتفسیر کی ہو یا شرحِ حدیث اور فقہ کی، علم کلام کی ہو یا علم تصوف وسلوک کی، سیرت کی ہو یا تاریخ کی، کہیں صراحت کے ساتھ اس کا ذکر نہیں کہ آپ کی روحِ مبارک کا جسم اطہر سے کوئی تعلق اور اتصال نہیں، اور یہ کہ عند القبر صلوٰۃ وسلام کا سماع نہیں فرماتے۔ من ادعى خلافه فعليه البيان، ولا يمكنه إن شاء الله تعالىٰ إلى يوم البعث، والجزاء، والميزان. خدا کرے کہ جو حضرات اس مسئلہ میں اختلاف کرتے ہیں ان کو محل نزاع اور اپنا مدعا سمجھ آسکے۔'' (تسکین الصدور: ص ۲۹۰)

یہاں تک تو یہ بات تھی کہ مواجہہ شریف پر تمام اُمتِ مسلمہ صیغہ خطاب کے ساتھ صلاۃ وسلام کیوں پڑھتی ہے۔ اس کی وجہ مندرجہ بالا عبارات کی روشنی میں واضح ہوئی کہ بلا اختلاف تمام سلف صالحین یہاں تک کہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ اور علماءِ نجد بھی اس بات سے متفق ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صلاۃ وسلام کو بذاتِ خود اسی قبر شریف میں سنتے ہیں۔

صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا سلام احادیث کی روشنی میں:

جہاں تک تعلق ہے اس بات کا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین، تابعین اور ائمہ اربعہ رحمہم اللہ

صـ٦

تعالیٰ قبر مبارک پر آ کر کس طرح سے صلاۃ وسلام کا نذرانہ پیش کرتے تھے؟ تو صحابہ کرام میں سے متعدد کبار صحابہ مثلاً حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت علی، حضرت انس بن مالک، حضرت عمیر بن سعد الانصاری، حضرت ابودرداء، حضرت عبداللہ بن عمر اور بقیہ مہاجرین وانصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے بارے میں احادیث میں آتا ہے کہ قبر شریف پر آ کر نذرانۂ سلام صیغہ خطاب یعنی ''یارسول اللہ'' کے ساتھ عرض کرتے تھے۔ اس بارے میں متعدد احادیث وآثار میں سے نو یہاں پر پیش ہیں:

پہلی حدیث:

قال ابن أبي شيبة: "حدثنا أبو معاوية، عن عبيدالله، عن نافع، عن ابن عمر أنه كان إذا أراد أن يخرج دخل المسجد فصلى، ثم أتى قبر النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: السلام عليكم يا رسول الله! السلام عليك يا أبا بكر! السلام عليك يا أبتاه! ثم يأخذ وجهه، وكان إذا قدم من سفر يفعل ذلك قبل أن يدخل منزله." (مصنف ابن أبي شيبة: ٢٨/٣، ح ١١٧٩٣، باب من كان يأتي قبر النبي صلى الله عليه وسلم فيسلم، الطبعة الأولى، مكتبة الرشد، الرياض)

دوسری حدیث:

وفي السنن الكبرى للبيهقي: "(أخبرنا) أبو الحسين علي بن محمد بن علي المهرجاني، ابن أبي علي السقاء بنيسابور، وأبو الحسن علي بن محمد بن علي المقرئ، المهرجاني بها، قالا: أنا الحسن بن محمد بن إسحاق، ثنا يوسف بن يعقوب القاضي، ثنا سليمان بن حرب، ثنا حماد بن زيد، عن أيوب، عن نافع: أن ابن عمر كان إذا قدم من سفر دخل المسجد، ثم أتى القبر، فقال: السلام عليك يا رسول الله! السلام عليك يا أبا بكر! السلام عليك يا أبتاه!"

(السنن الكبرى للبيهقي: ٥/٢٤٥، باب زيارة قبر النبي صلى الله عليه وسلم)

تیسری حدیث:

وفي معرفة السنن والآثار للبيهقي: "وروينا عن أبي هريرة، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "ما من أحد يسلم عليّ إلا رد الله إليّ روحي، حتى أرد عليه السلام." وكان ابن عمر إذا قدم من سفر دخل المسجد، ثم أتى القبر فقال: السلام عليك يارسول الله! السلام عليك يا

أبا بكر ! السلام عليك يا أبتاه!" (معرفة السنن و الآثار للبيهقي: ٩/١١٦)

چوتھی حدیث:

وفي المصنَّف : "عبد الرزاق، عن معمر، عن أيوب، عن نافع قال: كان ابن عمر إذا قدم من سفر أتى قبر النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: السلام عليك يا رسول الله! السلام عليك يا أبا بكر! السلام عليك يا أبتاه! وأخبرناه عبد الله بن عمر، عن نافع، عن ابن عمر."

(مصنف عبد الرزاق: ٥٧٦/٣،باب السلام على قبر النبي صلى الله عليه وسلم)

پانچویں حدیث:

وفي دلائل النبوة للبيهقي: "قال الواقدي: حدثني موسى بن محمد بن إبراهيم قال: وجدت في صحيفة كتابا بخط أبي فيه: أنه لما توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم و وضع على سريره، دخل أبو بكر وعمر، ومعهما نفر من المهاجرين والأنصار، قدر ما يسع البيت، وقالا: السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته، وسلم المهاجرون والأنصار كما سلم أبو بكر، ثم صفوا صفوفا، لا يؤمهم عليه أحد، فقال أبو بكر وعمر، وهما في الصف الأول حيال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللّٰهم إنا نشهد أن قد بلغ ما أنزل إليه، ونصح لأمته، وجاهد في سبيل الله، حتى أعز الله تعالى دينه، وتمت كلمته، وأومن به وحده، لا شريك له، فاجعلنا إلهنا ممن يتبع القول الذي أنزل معه، واجمع بيننا وبينه، حتى تعرفه بنا، وتعرفنا به، فإنه كان بالمؤمنين رؤوفا رحيما، لا نبغي بالإيمان بدلا، ولا نشتري به ثمنا أبدا، فيقول الناس: آمين ! آمين ! فيخرجون، ويدخل آخرون، حتى صلى عليه الرجال، ثم النساء،ثم الصبيان." (دلائل النبوة: ٨/٣٩١)

چھٹی حدیث:

وكذا في جامع الأحاديث: "عن عبد الله بن محمد بن عبد الله بن عمر بن علي بن أبي طالب، عن أبيه، عن جده، عن علي قال: لما وضع رسول الله صلى الله عليه وسلم على السرير قال عليٌّ: لا يقوم عليه أحد هو إمامكم حيا وميتا ؛فكان يدخل الناس رَسَلا رَسَلا، فيصلون عليه صفا صفا، ليس لهم إمام ويكبرون، وعليٌّ قائم بحيال رسول الله

صـ۸

صلى الله عليه وسلم يقول: السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته، اللّٰهم إنا نشهد أن قد بلغ ما أنزل إليه، ونصح لأمته، وجاهد في سبيل الله، حتى أعز الله دينه، وتمت كلمته، اللّٰهم فاجعلنا ممن يتبع ما أنزل إليه، وثبتنا بعده، واجمع بيننا وبينه، فيقول الناس: آمين! حتى صلى عليه الرجال، ثم النساء، ثم الصبيان." [(كنز العمال: ٢٥٤/٧، ح١٨٧٩٤)، (أخرجه ابن سعد في الطبقات الكبرى: ٢٩١/٢)]." (جامع الأحاديث: ٥٦/٣٢)

ساتویں حدیث:

وفي جامع الأحاديث مسند عمر بن الخطاب: "عن محمد بن مزاحم أن عمر بن الخطاب كان استعمل بعد موت أبي عبيدة بن الجراح على حمص عمير بن سعد الأنصاري، فأقام بها سنة فكتب إليه عمر بن الخطاب: إنا بعثناك على عمل من أعمالنا، فما ندري أوفيت بعهدنا أم خنتنا، فإذا جاءك كتابي هذا، فانظر ما اجتمع عندك من الفيء، فاحمله إلينا، والسلام. فقام عمير حين انتهى إليه الكتاب ...... فقام عمر وعمير إلى قبر رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال عمير: السلام عليك يا رسول الله! السلام عليك يا أبا بكر! ماذا لقيت بعدكما، اللّٰهم ألحقني بصاحبي، لم أغير ولم أبدل، وجعل يبكي عمر وعمير طويلا." (جامع الأحاديث: ١٦٧/٢٦، ١٦٩)

آٹھویں حدیث:

وفي إتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة: "وعنه: أنه [أي: ابن عمر] كان إذا قدم من سفر صلى ركعتين في مسجد النبي صلى الله عليه وسلم، ثم أتى القبر، فقال: السلام عليك يا رسول الله! السلام عليك يا أبا بكر! السلام عليك يا أبه! رواه مسدد، ومحمد بن يحيى بن أبي عمر، والبيهقي موقوفًا بسند صحيح." (الإتحاف: ٧٣/٣)

نویں حدیث:

وفيه أيضا: "باب ما يقوله إذا دخل المسجد، وإذا خرج منه: قال محمد بن يحيى بن أبي عمر: حدثنا المقرئ، ثنا حيوة بن شريح، أخبرني أبو صخر، عن يزيد بن قسيط، عن أبي الدرداء أنه يقول: إني

ص۹

لأقول إذا دخلت المسجد: السلام عليك يا رسول الله! وإذا خرجت قلتها." (الإتحاف: ۲/ ۱۰)

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا معمول:

مندرجہ بالا آخری حدیث میں تو اس بات کی تصریح ہے کہ حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر دفعہ جب بھی مسجد نبوی میں داخل ہوتے یا باہر نکلتے تو "السلام عليك يا رسول الله!" کے الفاظ کے ساتھ سلام عرض کرتے، گویا صرف روزانہ کا نہیں بلکہ ہر روز جتنی دفعہ مسجد نبوی تشریف لاتے لے جاتے تو یہ ان کا معمول تھا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی عادت مبارکہ:

اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بارے میں بھی صراحت کے ساتھ اکثر و بیشتر سلام پیش کرنے کا ذکر آیا ہے، جیسے کہ حضرت نافع کی روایت میں ہے: ''میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو سو دفعہ سے زیادہ مرتبہ روضۂ رسول پر سلام عرض کرتے دیکھا۔'' اس سے معلوم ہوا کہ سفر پر آنے جانے کے علاوہ بھی یہ ان کی مستقل عادت مبارکہ تھی۔

قال ابن تيمية رحمه الله: "و روى ابن بطة في الإبانة بإسناد صحيح عن معاذ بن معاذ، حدثنا ابن عون قال: سأل رجل نافعاً فقال: هل كان ابن عمر يسلم على القبر؟ فقال: نعم، لقد رأيته مائة، أو أكثر من مائة مرة. كان يأتي القبر، فيقوم عنده، فيقول: السلام على النبي، السلام على أبي بكر، السلام على عمر أبي. وفي رواية أخرى ذكرها الإمام أحمد محتجاً بها: ثم ينصرف."

(اقتضاء الصراط المستقيم: ۲۹۷، دار الفكر، بيروت)

وقال أيضا في مجموع الفتاوىٰ: "وكان عبدالله بن عمر يقول إذا دخل المسجد: السلام عليك يا رسول الله! السلام عليك يا أبا بكر! السلام عليك يا أبت! ثم ينصرف." (مجموع فتاوىٰ ابن تيمية: ٦/ ١٤٤)

قال العلامة اللكنوي في التعليق الممجد لموطأ محمد: "وفي رواية عن نافع: كان ابن عمر يسلم على القبر، ورأيته مائة مرة أو أكثر يأتي ويقول: السلام على النبي، السلام على أبي بكر، السلام على أبي. وظاهره أنه كان دأبه وإن لم يسافر، كذا في "وفاء الوفاء بأخبار دار المصطفى"، و"المواهب" و"شرحه"، وفي الباب عن أنس عند "البيهقي"، و"ابن أبي الدنيا"، وجابر عند "البيهقي"، وأبي أيوب عند

صـ١٠

"أحمد"، و"الطبراني"،و"النسائي". (الموطأ ـ رواية محمد بن الحسن ـ: ٣/٤٤٨، باب قبر النبيّ صلى الله عليه وسلم وما يستحب من ذلك، دار القلم، دمشق)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو سلام بصیغۂ خطاب:

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی عادتِ مبارکہ صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر صدیق اور اپنے والد ماجد حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو سلام پیش کرنے کی نہیں تھی بلکہ دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی ایسا ہی سلام پیش کرتے جیسے کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی شہادت کے بعد انہیں "السلام عليك يا أبا خبيب" فرماتے ہوئے سلام کیا۔

قال في جامع الأصول من أحاديث الرسول: "(م) أبو نوفل قال: رأيت عبد الله بن الزُّبير على عقَبة المدينة، فجعلت قريش تمرعليه والناس، حتى مرعليه عبد الله بن عمر، فوقف عليه عبد الله، فقال: السلام عليك أبا خبيب! السلام عليك أبا خُبَيب! السلام عليك أبا خبيب!" (جامع الأصول: ١٠/٧٥٦٤)

وفي صحيح مسلم: "حدثنا عقبة بن مكرم العمي، حدثنا يعقوب ـ يعني ابن إسحاق الحضرمي ـ، أخبرنا الأسود بن شيبان، عن أبي نوفل: رأيت عبد الله بن الزبير على عقبة المدينة، قال: فجعلت قريش تمر عليه والناس، حتى مر عليه عبد الله بن عمر، فوقف عليه، فقال: السلام عليك أبا خبيب! السلام عليك أبا خبيب! السلام عليك أبا خبيب! أما والله! لقد كنت أنهاك عن هذا." (صحيح مسلم: ١٦/٣٦٠)

وفي أخبار مكة للفاكهي: "حدثنا ابن أبي بزة قال: حدثني محمد بن يزيد بن خنيس، قال: ثنا عبد العزيز بن أبي رواد، قال: حدثني نافع، قال: خرجت مع ابن عمر رضى الله عنهما بعدما قتل ابن الزبير رضي الله عنهما، وصلب على ثنية المدنيّين، فقال لي: يا نافع! إذا بلغنا الثنية، فأتينا ابن الزبير فأخبرني، حتى أسلم عليه، قال نافع: فنعسنا بأصل الثنية، فما فزعنا إلا وبالحمار من تحته، ففتحت عيني فإذا به، فقلت: يا أبا عبد الرحمن! هذا ابن الزبير، فقال: سلام عليك يا أبا خبيب ورحمة الله وبركاته! أما والله! لمن كبر عليك يوم ولدت خير ممن كبر عليك يوم قتلت، ولقد كنت صواما قواما، ولكنك أنزلت الدنيا حيث لم

ص۱۱

ينزلها الله تعالى، السلام عليك يا أبا خبيب! سر بنا يا نافع!."

(أخبار مكة: ٤/٣٤٢)

اُحد وغیرہ میں شہداء صحابہ کو سلام:

یہ صرف ان کا نہیں دیگر صحابہ کرام کا بھی طریقہ تھا، اُحد جا کر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور دیگر شہداء صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی اسی طرح خصوصی سلام کا نذرانہ پیش کرتے:

قال في دلائل النبوة للبيهقي: "قال الواقدي: وكانت فاطمة الخزاعية تقول: لقد رأيتني وقد غابت الشمس بقبور الشهداء، ومعي أخت لي، فقلت لها: تعالي نسلم على قبر حمزة، فقالت: نعم، فوقفنا على قبره فقلنا: السلام عليك يا عم رسول الله صلى الله عليه وسلم! فسمعنا كلاما رد علينا: وعليكم السلام ورحمة الله، قالت: وما قربنا أحد من الناس." (دلائل النبوة: ٣/٣٧٦)

تابعین کا سلام:

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بعد تابعین سے بھی اسی طرح کا سلام منقول ہے، جیسے حضرت عبد اللہ بن ابی قیس رحمہ اللہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے احادیث کے بارے میں پوچھنے کے لیے مدینہ حاضر ہوئے تو حجرۂ شریف کے دروازے پر کھڑے ہو کر پہلے "السلام عليكَ يا رسول الله!" کہا اور پھر "السلام عليكِ يا أم المؤمنين!" کہا۔

في مسند إسحاق بن راهويه: "أخبرنا بقية بن الوليد، حدثني محمد بن زياد، حدثني عبد الله بن أبي قيس قال: بعثني ابن عازب إلى عائشة أم المؤمنين أسألها عن هذه الأحاديث، فأتيتها، فسألت: أين منزل أم المؤمنين؟ فقال رجل: إيت ذاك الباب، فإذا باب عليه ستر، فقلت: السلام عليكَ يا رسول الله! السلام عليكِ يا أم المؤمنين! فغفلت، فرددت السلام، فقالت: من هذا؟ فقلت: رسول ابن عازب، فقالت: عليك يا رسول ابن عازب السلام، ابن العفيف؟ فقلت: ابن العفيف، وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم سماه عفيفا، فسألتها عن هذه الأحاديث، وسألتها عن الصيام، والوصال فيه، فقالت: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الوصال في الصيام."

(مسند إسحاق بن راهويه: ٣/٩٥٩)

سلام بصیغۂ خطاب فقہاءِ کرام کی نظر میں:

ص۱۲

فقہاءِ کرام رحمہم اللہ نے بھی حاجی کے لیے مدینہ منورہ جا کر مسجدِ نبوی اور روضہ مبارک پر حاضری دینے کا طریقہ اور آداب بڑی تفصیل سے ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ سلام کا صیغہ بھی یہی تحریر فرمایا ہے اور یہ صرف حنفی فقہاء نہیں تقریباً تمام مذاہب کے فقہاء نے الفاظ کے تھوڑے بہت فرق کے ساتھ اسی طرح صیغۂ خطاب کے ساتھ سلام عرض کرنے کا فرمایا ہے، بلکہ "یا رسول اللّٰہ!" کے علاوہ دیگر اور بہت سارے القابات کے ساتھ سلام کے صیغے لکھے ہیں۔ جیسے "السلام علیك یا حبیب اللّٰہ! السلام علیك یا خیر خلق اللّٰہ!" وغیرہ۔

قال في فتح القدير: "وما عن أبي الليث أنه يقف مستقبل القبلة مردود بما روى أبو حنيفة رضي الله عنه في مسنده عن ابن عمر رضي الله عنهما، قال: من السنة أن تأتي قبر النبي صلى الله عليه وسلم من قبل القبلة، وتجعل ظهرك إلى القبلة، وتستقبل القبر بوجهك، ثم تقول: السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته! إلا أن يحمل على نوع ما من استقبال القبلة، وذلك أنه عليه الصلاة والسلام في القبر الشريف المكرم على شقه الأيمن مستقبل القبلة ...... ثم يقول في موقفه: السلام عليك يا رسول الله! السلام عليك يا خير خلق الله! السلام عليك يا خيرة الله من جميع خلقه! السلام عليك يا حبيب الله! السلام عليك يا سيد ولد آدم! السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته! يا رسول الله! إني أشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له، وأنك عبده ورسوله، وأشهد أنك يا رسول الله! قد بلغت الرسالة، وأديت الأمانة، ونصحت الأمة، وكشفت الغمة، فجزاك الله عنا خيرا، جازاك الله عنا أفضل ما جازى نبيا عن أمته ...... ويذكر كل ما كان من قبيل الاستعطاف والرفق به، ويجتنب الألفاظ الدالة على الإدلال والقرب من المخاطب، فإنه سوء أدب ...... هذا، وليبلغ سلام من أوصاه بتبليغ سلامه، فيقول: السلام عليك يا رسول الله من فلان بن فلان! أو فلان بن فلان يسلم عليك يا رسول الله! يروى أن عمر بن عبد العزيز رحمه الله كان يوصي بذلك، ويرسل البريد من الشام إلى المدينة الشريفة بذلك، ومن ضاق وقته عما ذكرناه اقتصر على ما يمكنه.

وعن جماعة من السلف الإيجاز فى ذلك جدا، ثم يتأخر عن يمينه إذا كان مستقبلا قيد ذراع، فيسلم على أبي بكر رضي الله عنه، فإن

ص۱۳

رأسه حيال منكب النبي صلى الله عليه وسلم، وعلى ما ذكرنا يكون تأخره إلى ورائه بجانبه، فيقول: السلام عليك يا خليفة رسول الله صلى الله عليه وسلم! وثانيه في الغار أبا بكر الصديق، جزاك الله عن أمة محمد صلى الله عليه وسلم خيرا، ثم يتأخر كذلك قدر ذراع، فيسلم على عمر رضي الله عنه؛ لأن رأسه من الصديق كرأس الصديق من النبي صلى الله عليه وسلم، فيقول: السلام عليك يا أمير المؤمنين عمر الفاروق الذي أعز الله به الإسلام! جزاك الله عن أمة محمد صلى الله عليه وسلم خيرا، ثم يرجع إلى حيال وجه النبي صلى الله عليه وسلم، فيحمد الله، ويثني عليه، ويصلي، ويسلم على نبيّه، ويدعو، ويستشفع له ولوالديه، ولمن أحب، ويختم دعاءه بآمين والصلاة والتسليم." (فتح القدير: ۳/۱۶۸-۱۶۹، دارالكتب العلمية، بيروت)

وفي الموسوعة الفقهية الكويتية: "ثمّ يأتي القبر الشّريف، فيستقبل جداره، ويستدبر القبلة على نحو أربعة أذرع من السّارية الّتي عند رأس القبر في زاوية جداره، ثمّ يقول في موقفه: السّلام عليك يا رسول الله! السّلام عليك يا خير خلق الله! السّلام عليك يا خيرة الله من جميع خلقه! السّلام عليك يا حبيب الله! السّلام عليك يا سيّد ولد آدم! السّلام عليك أيّها النّبي ورحمة الله وبركاته! يا رسول الله! إنّي أشهد أن لا إله إلّا الله وحده لا شريك له، وأنّك عبده ورسوله، وأشهد أنّك يا رسول الله! قد بلّغت الرّسالة، وأدّيت الأمانة، ونصحت الأمّة، وكشفت الغمّة، فجزاك الله عنّا خيراً، جازاك الله عنّا أفضل ما جازى نبياً عن أمّته، اللّهم أعط سيّدنا عبدك ورسولك محمّداً الوسيلة، والفضيلة، والدّرجة العالية الرّفيعة، وابعثه المقام المحمود الّذي وعدّته، وأنزله المنزل المقرّب عندك، إنّك سبحانك ذو الفضل العظيم، ويسأل الله تعالى حاجته.

هذا ما عليه عامّة الفقهاء مع اختلاف يسير في صيغ بعض الأدعية." (الموسوعة الفقهية الكويتية: ۲۰۶/۳۹)

قبر مبارک پر درود شریف:

جہاں تک قبر مبارک کے پاس کھڑے ہو کر درود شریف پڑھنے کی بات ہے تو اس کا بھی آثار

ص۱۳

صحابہ سے ثبوت ملتا ہے۔ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں موطأ کی روایات میں تصریح آئی ہے کہ قبر نبوی کے پاس کھڑے ہو کر نبی کریم ﷺ پر درود شریف بھیجتے۔

قال في الموطّأ: "وحدثني عن مالك، عن عبد الله بن دينار، قال: رأيت عبد الله بن عمر يقف على قبر النبي صلى الله عليه و سلم فيصلي على النبي صلى الله عليه و سلم، وعلى أبي بكر وعمر."

(الموطّأ ــ رواية يحيى الليثي ـ: ١/١٦٦، ح٣٩٧، تحقيق محمد فؤاد عبد الباقي، دار إحياء التراث العربي، مصر)

و أيضا في الموطأ: "أخبرنا مالك، أخبرنا عبد الله بن دينار، أن ابن عمر: كان إذا أراد سفرا، أو قدم من سفر جاء قبر النبي صلى الله عليه و سلم، فصلى عليه، ودعا، ثم انصرف.

قال محمد: هكذا ينبغي أن يفعله إذا قدم المدينة يأتي قبر النبي صلى الله عليه و سلم."

وقال اللكنوي في التعليق الممجد تحت قول الإمام محمد (يأتي ...... إلخ): "بيان لهكذا أي: يحضر عنده، ويصلي، ويسلم عليه." (الموطأ ــ رواية محمد بن الحسن ـ: ٣/٤٤٨، ح ٩٤٧، باب قبر النبي صلى الله عليه و سلم وما يستحب من ذلك، تحقيق: د. تقي الدين الندوي، دار القلم، دمشق)

مواجہہ شریف پر صلاۃ اور سلام ملا کر پڑھنے کا ثبوت:

اور درود شریف کو سلام کے ساتھ ملا کر پڑھنے کا ثبوت بھی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ہی ملتا ہے:

وقال في السنن الصغرى للبيهقي: "وَرُوينا عن ابن عمر، أنه كان إذا قدم من سفر أتى القبر، فقال: السلام عليك يا رسول الله! السلام عليك يا أبا بكر! السلام عليك يا أبتاه! وفي رواية أخرى: بدأ بقبر رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى عليه، وسلم، ودعا له، ولا يمس القبر."

(السنن الصغرى: ٢/٣٠، باب إتيان المدينة، وزيارة قبر النبي صلى الله عليه وسلم، والصلاة في مسجده، ومسجد قباء، وزيارة قبور الشهداء)

وفي شعب الإيمان للبيهقي: "أخبرنا أبو ذر عبد بن أحمد بن محمد الهروي، قدم علينا، أخبرنا أبو الفضل بن أبي القاسم، أخبرنا أحمد بن نجدة، حدثنا محمد بن عبد الله بن نمير، حدثنا محمد بن بشر، حدثنا عبيد الله، عن نافع، عن ابن عمر، أنه كان إذا قدم من سفر

ص ۱۵

بدأ بقبر النبي صلى الله عليه وسلم، فصلى عليه، وسلم، ودعا له، ولا يمس القبر، ثم يسلم على أبي بكر، ثم قال: السلام عليك يا أبت."

(شعب الإيمان للبيهقي: ۱۸٤/۹)

تابعین کا صلاۃ اور سلام ملا کر پڑھنا:

اسی طرح تابعین میں سے حضرت علقمہ رحمہ اللہ کے بارے میں آیا ہے کہ جب بھی مسجدِ نبوی میں داخل ہوتے تو "السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته! صلى الله، وملائكته على محمد." کہتے۔

قال ابن أبي شيبة: "حدثنا وكيع، عن سفيان، عن أبي إسحاق، عن سعيد بن ذي حُدَّان، عن علقمة: أنه كان إذا دخل المسجد قال: السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته! صلى الله وملائكته على محمد." (مصنف ابن أبي شيبة: ۱۷۷/۳، تحقيق محمد عوّامه، ح ۳٤۳٦، باب ما يقول الرجل إذا دخل المسجد)

وفي المصنف: "عبد الرزاق، عن معمر، والثوري، عن أبي إسحاق، عن سعيد بن ذي حُدَّان قال: سألت علقمة، قلت: ما تقول إذا دخلت المسجد؟ قال: أقول: السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته! وصلى الله وملائكته على محمد." (مصنف عبد الرزاق: ٤۲۷/۱)

تنبیہ:

فتویٰ میں مذکور تقریباً تیس (۳۰) احادیث، آثارِ صحابہ و تابعین میں سے پندرہ (۱۵) میں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبرِ اطہر پر سلام بصیغۂ خطاب کا صراحۃً ذکر ہے اور دیگر میں قبرِ مبارک پر صرف درود شریف یا صلاۃ اور سلام دونوں یا دیگر صحابہ کو سلام مذکور ہے۔

روضۂ اقدس پر سلام کے ساتھ صلاۃ کو ملانے کی وجہ:

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے سلام کے ساتھ درود کو ملانے کی وجہ بھی یہی لکھی ہے، کہ قرآن کریم میں جہاں سلام کا حکم آیا ہے ساتھ ہی درود کا بھی حکم آیا ہے اور اس کی بھی تصریح کی ہے کہ دیگر صحابہ اور چاروں ائمہ بھی اسی طرح سے سلام پیش کرتے تھے۔

في مجموع فتاوىٰ ابن تيمية: "فصل: وإذا دخل المدينة قبل الحج أو بعده: فإنه يأتي مسجد النبي صلى الله عليه وسلم، ويصلي فيه، والصلاة فيه خير من ألف صلاة فيما سواه إلا المسجد الحرام ......ثم يسلم على النبي صلى الله عليه وسلم وصاحبيه فإنه قد قال: "ما من

ص۱٦

رجل يسلم عليّ إلا رد الله عليّ روحي، حتى أرد عليه السلام." رواه أبو داود وغيره. وكان عبد الله بن عمر يقول إذا دخل المسجد: السلام عليك يا رسول الله! السلام عليك يا أبا بكر! السلام عليك يا أبت! ثم ينصرف. وهكذا كان الصحابة يسلمون عليه، ويسلمون عليه مستقبلي الحجرة مستدبري القبلة عند أكثر العلماء كمالك والشافعي وأحمد. وأبو حنيفة قال: يستقبل القبلة، فمن أصحابه من قال: يستدبر الحجرة و منهم من قال: يجعلها عن يساره، واتفقوا على أنه لا يستلم الحجرة، ولا يقبلها، ولا يطوف بها، ولا يصلي إليها، وإذا قال في سلامه: السلام عليك يا رسول الله، يا نبي الله، يا خيرة الله من خلقه، يا أكرم الخلق على ربه، يا إمام المتقين! فهذا كله من صفاته بأبي هو وأمي صلى الله عليه وسلم. وكذلك إذا صلى عليه مع السلام عليه فهذا مما أمر الله به ...... فأخبر أنه يسمع الصلاة والسلام من القريب وأنه يبلغه ذلك من البعيد." (مجموعة فتاوى ابن تيميه:٦/١٤٤)

وكذا في مختصر منسك شيخ الإسلام ابن تيمية أيضاً: (١/٣٩، الفصل الرابع عشر في زيارة مسجد رسول الله ـ صلى الله عليه وسلم ـ وغيره، آداب الزيارة)

صلاۃ وسلام شیخ ابن باز کی نظر میں:

